پناہ میں آیا ہوں میری کیا طاقت کہ تیرے ساتھ دوستی کا
دم بھروں تیرے کوچہ کے کتوں سے ایک کمترین کتا ہوں

رباعی

میری ان برائیوں کو جو میرا خدا دیکھتا ہے
اگر آتش پرست دیکھ لے تو میری صحبت سے پرہیز کرے
اگر میں اپنے قصہ کو کسی کتے کے روبرو پیش کروں
تو کتا اپنے پوستین کے دامن کو مجھ سے ہٹا لے

میرا حال یہ ہے کہ پھاڑ کھانے والے کتے کے مانند ہوں اس لئے کہ قول میں تیز اور کام میں ضعیف ہوں اور عہد میں نادرست اور عمل میں سست ہوں ذات میں ناقص صفات میں ابتر اور بڑی خطاؤں میں ملوث ہوں

جب میں اپنے فعل پر بخوبی نظر کرتا ہوں تو
قسم ہے اللہ کی بازاری کتے سے بھی کم ہوں

اے اللہ تو مجھے اپنا دوست بنا کے زندہ رکھ اور اپنا دوست بنا کر مار قیامت کے دن تیرے کتوں کے زیر قدم میرا حشر کر۔ (لیکن) اے باری تعالیٰ مہدیؑ کے (دائرہ کے) کتے کے قدموں کے نیچے اس کمینہ کا حشر کر۔ نیز واضح ہو کہ یہ کمینہ چند ماہ بندگی میاں عبدالمجیدرضؓ (نور نوش) کی صحبت میں رہا اور نیز بندگی میراں سید محمود ثانی مہدی رضؓ کے قدموں کے پاس ایک سال سے زیادہ عرصہ تک رہا اور بعد ازاں چار سال بندگی میاں شاہ نظامؓ کے قدموں کے پاس رہا اس کے بعد بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ کے قدموں کے پاس دس سال رہا اور وہ پھر مہدیؑ کے تمام خلفاء کی صحبت میں رہا اور ان کی روش کو دیکھا اور مہدیؑ کے بیان کے نقول ان کی زبان سے بہت سنا اور بعضے ان نقول سے چند نقول مختصراً لکھ کر اس رسالہ کا نام انصاف نامہ رکھا ہوں تا کہ ہر ایک دیکھنے اور پڑھنے والا

ونام ایں رسالہ را انصاف نامہ نہادہ ایم تا ہر بینندہ وخوانندہ انصاف کنند کسانیکہ مصدقان مہدیؑ ہستند ولیکن صحبت با مہدیؑ و مہاجران نہ کردہ اند اگر ایشاں ہوسی دارند کہ متابعت مہدیؑ کنند ایں نقلہا را مطالعہ کنند و انصاف کنند کما قال علیہ السلام الدین کلہ انصاف ای انصفوا رحمکم اللہ پس آنچہ میرانؑ فرمودہ اند بداں عمل کنیم واگر بداں عمل ہست شکرانہ کنیم واگر نیست ماتم کنیم وجد وجہد کنیم تا بصدقۂ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ومہدی مجتبیٰؑ وبصدقۂ سید خوندمیرؓ خدائے تعالیٰ عمل روزی کند وایں نقلہا با کلام خدا و با احادیث رسولؐ موافق اند و بعضی اقوال بزرگان پیشنیاں نیز بالنقلہا موافق اند اما کسانیکہ مہاجران مہدیؑ اند اگر مطالعہ کنند دریں نقل مذکور چیزے را کہ بفراموشی زیادہ و نقصان نوشتہ باشم مطلع شوند آنجا بکرم ولطف قلم بہند و راست کنند۔

ونیز نقلست کہ حضرت میرانؑ فرمودند کہ اگر کسی از بندہ نقل کند باید کہ آں نقل را بہ بیند اگر با کلام خدائے تعالیٰ موافق است آں از بندہ است واگر با کلام خدائے تعالیٰ موافق نیست آں نقل از بندہ نیست یا آں کس سخن ما را فہم نہ کردہ است۔ چنانچہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ در عقیدہ فرمودہ اند کہ در احادیث اختلاف بسیار است ایں صحیح شدن مشکل است

انصاف کرے اور جو مصدقان مہدیؑ ہیں ولیکن ان کو مہدیؑ اور مہاجران مہدی علیہ السلام کی صحبت نصیب نہ ہوئی اگر ان کو مہدی علیہ السلام کی پیروی کی آرزو ہے تو (ان کو چاہیئے کہ) ان نقول کو (دین کی آنکھ سے) مطالعہ کریں اور انصاف کریں چنانچہ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ دین سراپا انصاف ہے یعنی تم انصاف کرو خدا تم پر رحم کرے پس (مہدویوں کو چاہیئے کہ) جو کچھ مہدیؑ نے فرمایا ہے اس پر عمل کریں اور اگر اس پر عمل ہے تو شکر کریں ورنہ زاری کریں اور کوشش کریں تاکہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور مہدی مجتبیٰ صلعم کے تصدق اور سید خوندمیرؓ کے صدقہ سے خدائے تعالیٰ عمل روزی کرے اور یہ نقول خدا کے کلام اور رسول صلعم کے احادیث کے موافق ہیں اور اگلے بزرگوں کے بعضے اقوال (جو منقول ہیں وہ) بھی نقول (مہدیؑ) کے موافق ہیں لیکن جو حضرات کہ مہاجران مہدیؑ سے ہیں اگر (انصاف نامہ کا) مطالعہ کریں اور جو نقول کہ منقول ہیں اس میں فراموشی سے کوئی بات کم و بیش لکھ دیا ہوں اگر اس سے آگاہ ہو جائیں تو وہاں بہ کرم و لطف قلم پھیر دیں اور درست کر دیں۔

نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص بندہ سے نقل کرے تو چاہیئے کہ اس نقل کو دیکھے اگر خدائے تعالیٰ کے کلام کے موافق ہے تو وہ (نقل) بندہ سے ہے اور اگر خدائے تعالیٰ کے کلام کے موافق نہیں ہے تو وہ نقل بندہ سے نہیں ہے یا وہ شخص ہماری بات کو سمجھ نہ سکا چنانچہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے عقیدہ شریفہ میں فرمایا ہے کہ احادیث میں اختلاف بہت ہے اس کی صحت مشکل ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جو

حضرت میرانؑ فرمودہ اند ہر حدیثے کہ با کتاب خدائے تعالیٰ و حال ایں بندہ موافق باشد آں صحیح است کما قال علیہ السلام ستکثر لکم الاحادیث من بعدی فاعرضوا علیٰ کتاب اللہ فان وافقوا فاقبلوا والا فردوا و کما قال علیہ السلام ستکثر من بعدی الاحادیث فما وافق کتاب اللہ فھو عنی قلتہ اولم اقل وما خالف کتاب اللہ فلیس عنی وکیف اقوال بخلافہ وایں نقل ہا از بندگی میاں سید خوندمیرؓ سید الشہداء واصل حق شنیدہ ایم واز رسالہ عقیدہ دیدہ ایم وبعضے مہاجران وبندگی میاں سید خوندمیرؓ در کھانبیل درون حجرۂ میاں سید خوندمیرؓ اجماع کردہ بودند وچند محضر در کھانبیل شدہ بود ودر قصبہ بڑلی بر آں اجماع شدہ بود ودر احمد آباد نزدیک قبر بندگی میاں عبد المجیدؓ محضر شدہ بود ودر موضع سیہہ اجماع شدہ بود وکتبہا کردہ بودند ودر موضع بھدری والی چند بار محضر شدہ بود وزیر درخت بڑکھرنی وببول در موضع بجبلوٹ بہ حضور بندگی میراں سید محمودؓ اجماع چند بار شدہ بود وایں جائہا کہ مذکور است بعضی نقل ہا از آنجا نبشتم و ہر نقلی وہر روشی کہ بر عالیت بہ بینید از بندگی میراں سید محمود واز بندگی میاں سید خوندمیرؓ صدیق مہدیؑ است وبعضی از مہاجرانؓ نیز بر عالیت بودند وچند صد نقل ہا دریں رسالہ

حدیث کہ خدائے تعالیٰ کی کتاب اور اس بندہ کے حال کے موافق ہو وہی صحیح ہے چنانچہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میرے بعد تمہارے لئے حدیثیں بہت ہو جائیں گی تم ان کو کتاب اللہ پر پیش کرو اگر موافق ہوں تو قبول کرو ورنہ رد کرو اور نیز آنحضرتؐ نے فرمایا کہ عنقریب میرے بعد حدیثیں بہت ہو جائیں گی پس جو حدیث قرآن شریف کے موافق ہو تو میری حدیث ہے میں نے کہا ہے یا میں نے نہیں کہا اور جو قرآن شریف کے مخالف ہو تو مجھ سے نہیں ہے اور میں قرآن شریف کے خلاف کس طرح کہوں گا اور ہم نے یہ نقول بندگی میاں سید خوندمیرؓ سید الشہداء واصل الحق سے سنے ہیں اور رسالہ عقیدہ میں دیکھا ہے اور کھانبیل میں بعضے مہاجرین اور بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے میاں سید خوندمیرؓ کے حجرہ میں اجماع کیا تھا اور چند محضر کھانبیل میں ہوئے تھے اور قصبہ بڑلی میں اُن پر اجماع ہوا تھا اور احمد آباد میں بندگی میاں عبد المجیدؓ کی قبر کے پاس محضر ہوا تھا اور موضع سیہہ میں اجماع ہوا تھا اور کتبے کئے تھے اور موضع بھدری والی میں چند بار محضر ہوئے اور موضع بجبلوٹ میں بڑکھرنی اور ببول کے جھاڑ کے نیچے بندگی میراں سید محمودؓ کے حضور میں چند بار اجماع ہوئے اور ان مقامات پر جو مذکور ہوئے بعضے نقول ان ہی مقامات پر لکھا ہوں اور جو نقل و روش کہ عالیت پر نظر آئے وہ بندگی میراں سید محمودؓ اور بندگی میاں سید خوندمیرؓ صدیق مہدیؑ سے ہے اور بعضے مہاجرینؓ بھی عالیت پر تھے اور چند صد نقول اس رسالہ میں لکھے گئے ہیں اور نیز واضح ہو کہ جو برادر کہ (اس رسالہ کو) دیکھے پڑھے عبارت پر نظر نہ کرے مہدیؑ کے نقول پر

نبشتہ شدہ است و نیز معلوم باد ہر یارے کہ بہ
بیند و بخواند نظر بر عبارت نکند نظر بر نقل ہائے
میراںؑ کند زیرا چہ این کاتب امی است و درین
نقل ہا زیادہ و نقصان از دانش خود نہ نبشتہ ام
آنچہ از میراں سید محمودؓ و از میاں سید خوندمیرؓ و بعضی
از اصحاب مہدیؑ شنیدیم نبشتیم و بعضی کساں
میگویند کہ معتبر نیست و تطبیق نداده چراکہ با حال
ما و زمانۂ ما موافق نیست و اگر این نقل ہا را زیادہ
نقصان از دانش خود نبشتہ باشم ظلم بر نفس خود
کردہ باشم و ہر کہ بر مہدیؑ و بر اصحاب مہدی
افترا کردہ باشد بر ایشاں نکردہ باشد بلکہ بر خدائے
تعالیٰ کردہ باشد و این نقل ہا در بست باب و
چند فصل بیان کنم بتوفیق اللہ ان شاء اللہ تعالیٰ

باب اول در بیان ثبوت مہدیت

باب دوم در بیان آنکہ انکار مہدیؑ کفر است
درین باب احادیث و نقل ہا از حضرت میراںؑ
بسیار است۔

باب سوم در بیان آنکہ بدنبال منکران مہدیؑ
نماز گزاردن میراںؑ منع کردہ اند

باب چہارم در بیان آنکہ خوشنودی میراںؑ نبود
در خانہ مخالفان رفتن و دوستی کردن با ایشاں

فصل در بیان آنکہ خوشنودی میراںؑ و یاران میراںؑ نبود
کہ بخانہ مخالفان و ملایان از جہت علم خواندن
و وعظ ایشاں شنیدن بروند

باب پنجم در بیان آنکہ ہر کہ حیات دنیا را طلبد او کافر
است با ایشاں دوستی کردن منع فرمودہ است درین

نظر کرے اس لئے کہ یہ کاتب امی ہے اور ان نقول میں میں
نے اپنی دانش سے کمی بیشی نہیں کی ہے (بلکہ) جو کچھ کہ
میراں سید محمودؓ اور میاں سید خوندمیرؓ اور بعضے اصحاب
مہدی علیہ السلام سے سنا ہے (ویسا ہی) لکھا ہے اور
بعضے لوگ کہتے ہیں کہ (یہ نقول) معتبر نہیں ہیں اور
تطبیق نہیں دیا ہے اس لئے کہ ہمارے حال اور زمانے
کے موافق نہیں اور اگر میں نے ان نقول کو اپنی دانش سے کم
وزاید لکھا ہے تو ظلم اپنے نفس پر کیا ہے اور جو شخص کہ مہدیؑ
اور اصحاب مہدیؑ پر افترا کرے گا وہ درحقیقت ان پر افتراء
نہیں کیا بلکہ خدائے تعالیٰ پر (افتراء) کیا اور ان نقول
کو بیس باب اور چند فصلوں میں ختم کرتا ہوں اللہ
کی توفیق سے اگر چاہے اللہ تعالیٰ

پہلا باب (مہدی موعودؑ کی) مہدیت کے ثبوت کے بیان میں۔

دوسرا باب اس بیان میں کہ حضرت مہدیؑ کا انکار کفر
ہے اس باب میں احادیث اور حضرت مہدیؑ کی نقلیں
بہت سی ہیں۔

تیسرا باب اس بیان میں کہ مہدیؑ کے منکروں کے
پیچھے نماز پڑھنے سے حضرت مہدیؑ نے منع فرمایا۔

چوتھا باب اس بیان میں کہ مخالفوں کے گھر جانے
اور ان کے ساتھ دوستی پیدا کرنے میں مہدیؑ کی خوشنودی نہ تھی۔

فصل اس بیان میں کہ مخالفوں اور ملاؤں کے گھروں کو ان
سے علم پڑھنے اور ان کا وعظ سننے کے لئے جاتے میں مہدیؑ
اور یاران مہدی علیہ السلام کی خوشنودی نہ تھی۔

پانچواں باب اس بیان میں کہ جو شخص دنیا کی زندگی کو طلب
کرتا ہے وہ کافر ہے ان کے ساتھ دوستی کرنے سے (مہدیؑ نے)
منع فرمایا ہے اس باب میں قرآن کی آیتیں بہت ہیں۔

باب آیات قرآن بسیار است

فصل دربیان توکل **فصل** ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر ویامرون بالمعروف وینھون عن المنکر واولئک ھم المفلحون

باب ششم دربیان آنکہ درراہ خدائے تعالیٰ چہار حجاب است دنیا وخلق وشیطان ونفس دریں باب آیات قرآن بسیار است۔

فصل دربیان توکل **فصل** دربیان نقول متفرقہ

باب ہفتم دربیان حکم منافقی برقاعدان غیر اولی الضرر کردن دریں باب آیات قرآن بسیار است

فصل دربیان حکم منافقی برتارک ہجرت بامیران ؑ

فصل دربیان حکم نفاق برقاعدان غیراولی الضرر۔

باب ہشتم۔ دربیان میل کردن ودوستی کردن باتارکان ہجرت کہ حضرت میران ؑ منع فرمودہ اند ودریں باب آیات قرآن ونقل ہائے میران ؑ بسیار است۔

فصل دربیان بخانہ موافقان برائے طعام خوردن رفتن۔

باب نہم دربیان آنکہ تعین راتعین فرمودند جز توکل برخدائے تعالیٰ دریں باب آیات قرآن بسیار است۔

فصل دربیان نقول متفرقہ

باب دہم دربیان آنکہ حضرت میران ؑ علم خواندن منع کردہ اند جز ذکر خدائے تعالیٰ دریں باب نقل ہائے میران ؑ وآیات بسیار است

باب یازدہم دربیان ذکر خدائے تعالیٰ کہ فرض

فصل توکل کے بیان میں۔ **فصل** اور تم میں سے ایک گروہ ایسی ہونی چاہیئے جو امر خیر کی دعوت اور امر بالمعروف کرے اور برائی سے روکے اور یہی وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہونگے۔

چھٹا باب اس بیان میں کہ خدائے تعالیٰ کی راہ میں چار چیزیں حجاب ہیں دنیا خلق شیطان اور نفس اس باب میں قرآن کی بہت آیتیں ہیں۔

فصل توکل کے بیان میں **فصل** متفرق نقلوں کے بیان میں۔

ساتواں باب قاعدان غیر اولی الضرر پر منافقی کا حکم کرنے کے بیان میں اس باب میں قرآن کی بہت آیتیں ہیں۔

فصل حضرت مہدی ؑ کے ساتھ ہجرت نہ کرنے والے پر حکم منافقی کے بیان میں **فصل** قاعدان غیر اولی الضرر پر حکم نفاق کے بیان میں

آٹھواں باب اس بیان میں کہ ہجرت ترک کرنے والوں کے ساتھ میل جول اور دوستی کرنے سے حضرت مہدی ؑ نے منع فرمایا ہے اور اس باب میں قرآن کی آیتیں اور مہدی ؑ کی نقلیں بہت ہیں۔ **فصل** موافقوں کی دعوت میں جانے کے بیان میں۔

نواں باب اس بیان میں کہ (حضرت مہدی ؑ نے) خدا پر بھروسہ کرنے کے سوا تعین کو تعین فرمایا اس باب میں قرآن کی بہت آیتیں ہیں

فصل نقول متفرقہ کے بیان میں

دسواں باب اس بیان میں کہ حضرت مہدی ؑ نے بجز ذکر خدا کے علم پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ اس باب میں قرآن کی آیتیں اور مہدی ؑ کی نقلیں بہت ہیں۔

گیارھواں باب اس بیان میں کہ خدائے تعالیٰ کا ذکر فرض ہے اس باب میں آیات بہت ہیں۔

فصل ذکر خدا کی کیفیت میں رسالۂ مکیہ سے

است دریں باب آیات بسیار است

فصل من الرسالة المکیہ فی کیفیت الذکر

فصل ذکر اللہ تعالیٰ فرض دائم علی المسلمین والمسلمات

فصل فی اول التصدیق قائل لا الہ الا اللہ یحتاج الی اربعۃ اشیاء

فصل دربیان آنکہ بندگی سید الشہداء رضی اللہ عنہ دررسالہ خود نبشتہ اند

فصل دربیان بینائی

فصل النبوة کانت فی النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

باب دوازدہم دربیان بینائی خدائے تعالیٰ دریں باب آیات قرآن ونقل ہائے میراں بسیار ست۔

باب سیزدہم دربیان امر معروف کردن و نہی منکر وخواندن سوئے سوی بینائی وبیان کردن قرآن دریں باب آیات قرآن بسیار است

فصل دربیان افسوس

فصل دربیان تاویل وتطبیق کنندگان

باب چہاردہم دربیان آنکہ دعوے بے عمل مردود است دریں باب آیات قرآن ونقل ہا بسیار است

باب پانزدہم دربیان آنکہ دین خدا را از دو چیز نفرت است واز دو چیز ہزیمت است۔ دریں باب آیات بسیار است۔

فصل دو چیزے کہ ازو نفرت دین است

فصل مسلمان مردوں اور عورتوں پر ذکر دوام فرض ہے۔

فصل تصدیق کے اوائل زمانہ میں لا الہ الا اللہ کا قائل چار چیزوں کا محتاج ہوتا ہے۔

فصل اس بیان میں کہ حضرت بندگی سید الشہداء رضی اللہ عنہ نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے۔

فصل خلوت اور ذکر کے بیان میں۔

فصل بینائی کے بیان میں

فصل اس بیان میں کہ نبوت نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں تھی۔

بارھواں باب خدائے تعالیٰ کی بینائی کے بیان میں اس باب میں قرآن کی آیتیں اور مہدی علیہ السلام کی نقلیں بہت ہیں۔

تیرھواں باب امر معروف نہی منکر کرنے اور بینائی کی طرف بلانے اور قرآن کا بیان کرنے کے بیان میں اس باب میں قرآن کے آیات بہت ہیں۔

فصل افسوس کے بیان میں۔

فصل تاویل ، ور تطبیق کرنے والوں کے بیان میں۔

چودھواں باب دعوی بے عمل مردود ہونے کے بیان میں اس باب میں قرآن کے آیات اور نقلیں بہت ہیں۔

پندرھواں باب اس بیان میں کہ دین خدا کو دو چیزوں سے نفرت ہے اور دو سے ہزیمت ہے اس باب میں آیات بہت ہیں۔

فصل دوسری جن چیزوں سے کہ دین کو نفرت ہے۔

باب شانزدہم دربیان قاتلوا و قتلوا دریں باب نقل ہا و آیات قرآن بسیار است۔

باب ہفدہم دربیان بشارت تہای مہدی و تخصیص سیدین رض

فصل والسّٰبقون الاولون

فصل والسّٰبقون السّٰبقون

باب ہژدہم دربیان مہتر عیسیٰ

باب نوزدہم دربیان آنکہ بعضی کسان مہدی با مہتر عیسیٰ ملاقات کنند

باب بستم دربیان بسخوردہ۔

سولہواں باب قاتلوا اور قتلوا کے بیان میں

اس باب میں قرآن کی آیتیں اور نقلیں بہت ہیں۔

سترھواں باب مہدی علیہ السلام کی بشارتوں اور سیدین رض کی تخصیص کے بیان میں

فصل اور سابقین اولین۔

فصل اور سابق سابق ہیں۔

اٹھارواں باب مہتر عیسیٰ علیہ السلام کے بیان میں

انیسواں باب اس بیان میں کہ بعض مہدوی عیسیٰ علیہ السلام سے ملاقات کریں گے۔

بیسواں باب بسخوردہ کے بیان میں

باب اوّل

دربیان ثبوت مہدیت و انکار علماء

دریں باب دو فصل است ہر یکی فصل را علحدہ بیان کنم انشاءاللہ تعالیٰ۔

فصل نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیّات اعمالنا من یھد اللہ فلا مضل لہ و من یضللہ فلا ھادی لہ نشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ثم الصلوٰۃ والسلام علی رسولہ و نشھد ان سیدنا محمداً سید الانبیاء والمرسلین و علی الہ و اصحابہ الکرام و عترتہ الطاھرین والانصار و المھاجرین ثم السلام علیٰ من اکرم واصطفیٰ باھتداء الاسلام و الغفران المسمیٰ بمحمد ن المھدی المجتبیٰ خاتم ولایۃ محمد المصطفیٰ صلی اللہ علیہ و سلم الذی ھو صاحب الولایۃ المقیدۃ التی ختمت علیہ وھو المھدی الموعود فی آخر الزمان و میراں سید محمد مہدی موعودؑ بہ فرمان خدائے تعالیٰ این آیۃ قرآن بر ثبوت مہدیت خود حجت

پہلا باب

مہدیت کے ثبوت اور علماء (ظاہر) کے انکار کے بیان میں

اس باب میں دو فصل ہیں اور ہم ہر ایک فصل کو علحدہ بیان کریں گے اگر چاہے اللہ تعالیٰ۔

فصل ہم اپنے اعمال کی برائیوں اور اپنے نفوس کی شرارتوں سے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے ہیں خدا جس کو ہدایت دے اس کو گمراہ کرنے والا کوئی نہیں اور جس کو خدا گمراہ کرے اس کو ہدایت کرنے والا کوئی نہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ بغیر خدائے واحد کے کوئی معبود نہیں اور نہ اس کا کوئی شریک ہے پھر ہم خدا کے رسول پر صلوٰۃ اور سلام پڑھتے ہیں اور گواہی دیتے ہیں کہ ہمارے سردار محمد تمام مرسلین اور انبیاء کے سردار ہیں اور آپ کی آل پاک اصحاب کرام عترت اطہار انصار اور مہاجرین پر خدا کی رحمت ہو اور ان پر سلام جو بزرگ ہیں اور اسلام کی ہدایت اور مغفرت کے لئے مخصوص ہیں جن کا نام نامی محمد (اور لقب) مہدی مجتبیٰ خاتم ولایت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو وہی ولایت مقیدہ کے صاحب ہیں جن پر وہ ختم ہوئی اور وہی مہدی آخر الزماں علیہ السلام ہیں جن کی بعثت کا وعدہ کیا گیا تھا۔ میراں سید محمد مہدی موعودؑ نے خدائے تعالیٰ کے حکم سے قرآن کی اس آیت کو اپنی مہدیت کے ثبوت میں پیش فرمایا اور وہ

کردو آں آیت اینست۔
کما قال اللہ تعالیٰ افمن کان علی بینۃ من ربہ (جز۔ ۱۲۔ رکوع ۲) فاعلم ان المراد "بمن کان" المہدی وبالبینۃ الولایۃ المحمدیۃ التی عبرت بقولہ علیہ السلام انا من نور اللہ والمومنون من نوری ویتلوہ شاھدٌ منہ ای یتبع ھٰذہ البینۃ القران منزلٌ من اللہ تائید لا ایضًا ای کتاب اللہ لیشھد علی انہ خاتم الولایۃ المحمدیۃ وعلی انہ المہدی الموعود فی آخر الزمان ومن قبلہ کتاب موسیٰ اماماً و رحمۃ ای من قبل القران کتاب موسیٰ وھی التوریت اماماً ای مقتدی یقتدی بہ بنو اسرائیل ورحمۃ لھم ای من قبل ھٰذا القران کتاب موسیٰ ایضًا یشھد علیہ کما یشھد علی نبینا علیہ السلام اولئک یومنون بہ الضمیر فی بہ یرجع الی من کان علی بینتہ واولئک اسم الاشارۃ والمشار الیہ ھو البینۃ والقران والتوریت کل اولئک یومنون۔ ای یوافق ویصدق

وہ آیت یہ ہے۔
جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ کیا جو اپنے رب کی بینہ پر ہے۔ واضح ہو کہ من کان میں من سے مراد مہدی ہے اور بینہ سے مراد ولایت محمدیہ ہے جس کی تعبیر فرمان رسول علیہ السلام ہیں خدا کے نور سے ہوں اور مومنین میرے نور سے ہیں سے کی گئی اور اس کے پیچھے آتا ہے گواہی دینے والا یعنی اس بینہ کے پیچھے پیچھے اس کی تائید میں قرآن بھی ہے جو اللہ کے پاس سے نازل ہوا ہے یعنی خدا کی کتاب شہادت دیتی ہے کہ وہی خاتم ولایت محمدیہ ہے اور وہی مہدیؑ ہے جس کو زمانہ آخر میں بھیجنے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ اور اس کے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے جو امام اور رحمت ہے یعنی قرآن کے پہلے موسیٰ کی کتاب ہے اور وہ توریت ہے جو امام یعنی مقتدا ہے جس کی بنو اسرائیل پیروی کرتے تھے اور ان کے لئے رحمت ہے یعنی اس قرآن کے پہلے موسیٰ کی کتاب بھی اس کی شہادت دیتی ہے جیسا کہ ہمارے نبی علیہ السلام کی شہادت دیتی ہے یہ سب اس پر ایمان لاتے ہیں ربہ کی ضمیر من کی طرف پھرتی ہے اور اولئک اسم اشارہ ہے اور مشار الیہ وہی بینہ ہے قرآن اور توریت۔ یہ سب کے سب اس پر ایمان لاتے ہیں یہاں ایمان لانے کے معنی موافقت اور تصدیق کرنے کے ہیں جب مہدی علیہ السلام بہ نفس نفیس

به فاذا كان المهدى على هذه
الحجة بنفسه والقران يشهد عليه
بتائيده وقوم خصه الله فى كلامه
بوصف لا يمكن لغيره كما قال
سبحانه وتعالى فسوف ياتى الله
بقوم يحبهم ويحبونه الاية يشهد
بصدقه وليومن به فلا حاجة
بشهادة اخرى وان كان له
علامات كثيرة اخر لان الشهادة
من الشهدين يكتفى فى الحكم وله
شاهدون من المؤمنين الذين
يفعلون ما يقولون ويقولون
ما يعلمون ويعلمون ما يشهدون
فاذا كان المهدى حقاً وحجة
مشهوداً بشهادتهم فالاجابة
على غيرهم واجبةٌ ومن
لم يستجب له وينكر به ويعرض
عنه فالنار موعده كما قال
سبحانه وتعالى ومن يكفر به
من الاحزاب فالنار موعده۔
لانه ختم به الولاية المحمدية
ومن امن نبوته ولم يؤمن
بولايته تفصيلا فقد كفر كما
كفر اليهود والنصارى بنبوة
محمد۔ لان النبوة هى ظاهر
النبى والولاية هى باطنه و

اپنے ساتھ یہ حجت رکھتا ہو اور قرآن اس کی تائید
میں شہادت دیتا ہو اور مہدی علیہ السلام کی قوم
ایسی قوم ہو جس کی تعریف خدا نے اپنے کلام پاک
میں اس طرح کی ہو کہ دوسروں کے لئے وہ
تعریف نہ ہو سکے چنانچہ فرماتا ہے اللہ کہ آگے
چل کر ایک ایسی قوم کو پیدا کرے گا جس کو وہ دوست
رکھے گا اور وہ اپنے خدا کو دوست رکھے گی۔ یہ
کلام مہدی علیہ السلام کی سچائی کی شہادت
دیتا ہے اور قوم مہدی علیہ السلام کے موافق ہے
تو پھر کسی دوسری شہادت کی ضرورت نہیں
اگرچہ کہ مہدی علیہ السلام کی اور بھی بہت سی
دوسری علامتیں ہیں کیونکہ اجرائی
حکم کے لئے دو گواہوں کی گواہی کافی
ہے حالاں کہ مہدی علیہ السلام کے لئے
(لاکھوں کی تعداد میں) ایسے مومنین گواہ ہیں جن کے قول
وفعل اور قول وعلم اور علم وشہادت میں اتحاد ہے
جب مہدی حق ہے اور مہدی کی حجت پر یہ لوگ
گواہ ہیں تو اب دوسروں پر مہدی کی دعوت کا قبول
کرنا واجب ہوگیا اس پر بھی ایمان نہ لائیں انکار
ہی کرتے جائیں اور روگرداں رہیں تو دوزخ ان کا
ٹھکانہ ہے۔ چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے جو کوئی اس کا
(مہدی کا) منکر ہو فرقوں میں سے تو دوزخ اس کا ٹھکانہ
ہے۔ کیونکہ اس پر (مہدی ؑ پر) ولایت محمدیہ
ختم ہوئی اور جو شخص آپ کی (نبی ؐ کی) نبوت
پر ایمان لائے اور آپ کی ولایت پر
ایمان نہ لائے تو ایسا ہی کافر ہو گا جیسا

من یکفر بمحمد فی ای مظہر
سواء کان فی الولایۃ او النبوۃ
فالنار موعدہ فتقبلوا محمد
ن المہدی لعلکم تفلحون ومن
لم یتقبل محمد ن المہدی فانہ
لم یتقبل محمد أ رسول اللہ
قال علیہ السلام فی حق المہدی
الاحادیث الکثیرۃ کما قال ؑ
کیف تہلک امتی انا فی اولھا
وعیسیٰ فی اٰخرھا والمہدی من
اہل بیتی فی وسطھا۔ ومن
قال انی اقبل المہدی ولٰکن
لا اقبل ھذا المہدی فھو کمن قال
فی عہد رسول اللہؐ انی اقبل
محمد أ رسول اللہ ولٰکن لا اقبل
ھٰذا محمد أ۔

ومحمد مصطفیٰ را قبول نہ کردند از جہت
آں کہ ہر چہ می گفتی۔ وہر چہ می کردی بواسطہ
خبری کہ اورا از خداوند او میرسیدے یعنی ہر
قول وفعل بوحی خدائے تعالیٰ میکردی
کما قال سبحانہ وتعالیٰ وما
ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی
یوحیٰ (جز ۲۷ رکوع ۵) وایں قول کہ بوحی
میگفت وفعل کہ بوحی می کرد مخالف ہوائے مردماں
می افتاد زیراچہ بر ایشاں رعونات نفس چناں
غلبہ میکرد کہ ہیچکس را ہمچو خود نہ پنداشتندی

کہ یہود نصاریٰ آپ کی نبوت کا انکار کرکے کافر ہوئے
کیونکہ نبوت نبی کا ظاہر ہے اور ولایت نبی کا باطن ہے
محمدؐ کا انکار خواہ آپ کے کسی مظہر میں ہو یا مظہر
ولایت میں ہو یا مظہر نبوت میں اس کے لئے دوزخ
ہی کا وعدہ ہے پس اے عزیز و محمد مہدی کو قبول کرو
شاید تم کامیاب ہوسکو۔ جس نے محمد ملقب
بہ مہدی علیہ السلام کو قبول نہ کیا یقیناً اس نے محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی قبول نہ کیا رسول کریمؐ
نے مہدیؑ کے باب میں بہت کچھ فرمایا ہے چنانچہ
آپ ارشاد فرماتے ہیں میری امت کس طرح ہلاک ہوگی میں
اس کے پہلے حصہ میں ہوں اور عیسیٰ اس کے آخر میں اور
مہدی جو میری اہل بیت سے ہے اس کے درمیان ہے اگر
کوئی شخص یہ کہے کہ میں مہدی پر تو ایمان لاتا ہوں لیکن
اس مہدی پر ایمان نہیں لاتا تو اس کی مثال بعینہ ایسے
آدمی کی ہے جو رسول اللہ کے زمانے میں
یہ کہے کہ میں محمد رسول اللہ پر ایمان لاتا ہوں لیکن
اس محمد کو محمد رسول اللہؐ نہیں مانتا۔ محمد مصطفیٰ
پر کفار اس واسطے ایمان نہ لائے کہ آپ جو کچھ کہتے
اور کرتے تھے خدا کے حکم سے کہتے اور کرتے تھے یعنی آپ کا
ہر قول وفعل وحی کا تابع تھا چنانچہ اللہ پاک فرماتا
ہے وہ اپنی خواہش نفسانی سے نہیں بولتا ہے وہ تو سرا پا وحی ہے
آپ جو وحی کے موافق کہتے تھے اور جو کچھ وحی کے موافق کرتے تھے لوگوں کی خواہشات
کا خلاف واقع ہوتا تھا کیونکہ ان پر نفسانی
رعونتیں اس قدر غالب آگئی تھیں
کہ کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتے تھے محض
اپنے کتابی معلومات پر خوش تھے

وبعلم کتاب کہ نزدیک ایشاں بود برآں شادمانی ومغروری میکردند و ایں طریق اہل نفس وہوا ہمیشہ می باشد کما قال سبحانہ و تعالیٰ فلما جاءتهم رسلهم بالبینات فرحوا بما عندهم من العلم وحاق بهم ما کانوا به یستهزؤن (جز ۲۴ رکوع ۱۴) می گفتند کہ امیاں ایں معنی را چہ لائق اند از جہت حسد وعناد جاہل گشتند و باوجود علم کہ در گمان ایشاں بود چنانچہ از کتاب و رسول خود نیز انکار کردند چنانکہ می آرند یکی از جملہ اہل کتاب مالک بن ضیف یہودی بود کہ با مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مجادلہ می کرد آنحضرت؏ او را گفت ندیدی در توریت ان الله یبغض الحبر السمین قال نعم فقال؏ فانت الحبر السمین فغضب الیهودی وقال ما انزل الله علی بشر من شیئ و این انکار آوردن ایشاں از کسیکہ خبر از خدا آرد بداں سبب است کہ اکثر مرداں از تقلید پدراں بیروں نیایند و با رسول؏ موافقت نہ نمایند۔ کما قال سبحانہ و تعالیٰ وكذلك ما ارسلنا من قبلك فی قریة من نذیر الا قال مترفوها انا وجدنا آباءنا علی امة وانا علی آثارهم مقتدون

اور دھوکے میں پڑے ہوئے تھے اہل ہوا و ہوس کا طریق تو ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے پس جب ان کے پاس ان کے رسول کھلی دلیلیں لے کر آئے تو وہ اپنے موجودہ علم پر ہی خوش ہو رہے اور گھیر لیا ان کو اس چیز نے جس سے وہ تمسخر کرتے تھے اور کہتے تھے کہ امیاں (خدا کے رسول) اس مرتبہ کے اہل نہیں (محض) وہ حسد اور عناد کی وجہ جاہل ہو گئے اگرچہ کہ وہ خود کو عالم سمجھتے تھے چنانچہ اسی طرح انہوں نے اپنی کتاب اور اپنے رسول کا انکار کر دیا چنانچہ منقول ہے کہ اہل کتاب میں سے ایک شخص مالک ابن ضیف یہودی تھا جو آنحضرتؐ سے مجادلہ کیا کرتا تھا آنحضرتؐ نے اس کو فرمایا کہ کیا تو نے توریت میں نہیں دیکھا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ فربہ عالم سے بغض رکھتا ہے۔ کہا ہاں۔ فرمایا رسولؐ نے تو پس تو ہی فربہ عالم ہے اس پر یہودی غصہ میں آیا اور کہا اللہ نے کسی بشر پر کوئی چیز نہیں اتاری۔ اور ان کا یہ انکار کرنا ایسے شخص کی ذات سے جو خدا کی جانب سے خبر لاتا ہے محض اسی لئے ہے کہ اکثر لوگ اپنے باپ دادا کی تقلید سے باہر ہونا اور رسول؏ کے ساتھ موافقت کرنا نہیں چاہتے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور اسی طرح ہم نے تیرے پہلے کسی قریہ میں کسی ڈرانے والے کو جو بھیجا تو وہاں کے متمولوں نے کہا کہ ہم نے اپنے آباء و اجداد کو ایسا ہی پایا اور ہم ان کے نقش قدم پر چلتے ہیں حالاں کہ حق تعالیٰ نے مالداروں اور ان کے پیشواؤں کے اقوال کی یہ خبر (اپنے کلام پاک میں)

(جزء ۲۵ رکوع ۸) و ایں خبر ہنوز حق تعالیٰ از اقوال
مغاں و مقتدایاں میدہد ولیکن شرارت و تکذیب
و تقتیل و بدسگالیش با انبیاء از مقتدایاں و
اکابراں کہ ممتاز بہ جاہ و ریاست شدہ اند از ایشاں
پیدا شدہ کما قال سبحانہ و تعالیٰ
وکذالک جعلنا فی کل قریۃ اکابر
مجرمیھا لیمکروا فیھا وما یمکرون
الا بانفسھم وما یشعرون
(جزء ۸ رکوع ۲) پس بداں ای عزیز کہ چوں مہدیؑ
تابع از آں مصطفیٰؑ و پیغامبرانؑ دیگر باشد
ناچار ایں گروہ اکابراں با او نیز عداوت کنند و
مخالفت نمایند و ایں نیز دلیل است بر صدق
سید محمد مہدیؑ کما قال فی الفتوحات
المکیۃ اذا خرج ھذا الامام
المھدی فلیس لہ عدو مبین
الا الفقھاء خاصۃ لانہ لا یبقیٰ
ریاستھم و در صفت وزراء مہدیؑ می
گوید وھم علی اقدام رجال من
الصحابۃ رضؓ صدقوا ما عاھدوا
اللہ علیہ وھم من الاعاجم ما فیھم
عربی ولکن لا یتکلمون الا بالعربیۃ ولھم حافظ لیس من جنسھم
ما عصی اللہ قط ھو اخص الوزراء
وافضل الامناء فان المھدی
حجۃ اللہ علی اھل زمانہ وھی
درجۃ الانبیاء التی تقع فیھا
المشارکۃ قال اللہ تعالیٰ من نبیہ

دی ہے ولیکن (مالداروں کے) پیشوا اور اکابرین سے جو
جاہ و ریاست میں ممتاز تھے ان سے بھی پیغمبروں کے ساتھ
شرارت، دشمنی، تکذیب اور قتل وقوع میں آتے
رہے جیسا کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اور اسی
طرح ہم نے ہر قریہ میں وہاں کے بڑے بڑے سرکشوں
کو مکر کرنے کے لئے مقرر کیا ہے وہ اپنی ہی ذاتوں
سے مکر کرتے ہیں اور سمجھتے نہیں ہیں۔ پس اے
عزیز غور کر کہ جب مہدی علیہ السلام آنحضرتؐ اور
دوسرے پیغمبروں کی راہ پر ہے تو یہہ (دنیا پرستوں
کے) اکابرین کا گروہ مہدیؑ کے ساتھ ضرور عداوت اور
مخالفت کریگا اور یہہ بات بھی سید محمد مہدیؑ
کی حقیقت کی دلیل ہے چنانچہ فتوحات مکی میں
مذکور ہے جب یہہ امام مہدیؑ نکل آئیں گے
تو خصوصاً فقہاء ان کے کھلم کھلے دشمن ہوجائیں گے
کیونکہ ان کی ریاست باقی نہیں رہے گی اور مہدیؑ
کے صحابہ رضؓ کی شان میں بیان کیا ہے کہ اور
وہ لوگ صحابہ رضی اللہ عنہم کے قدم بقدم ہوں گے
اللہ کے معاہدات میں سچے اتریں گے اور وہ عجم کے
لوگ ہوں گے ان میں کوئی عربی نہ ہوگا لیکن عربیت
(قال اللہ قال الرسول) سے ہی گفتگو کریں گے اور
ان کا ایک محافظ ہوگا جو ان کی جنس سے نہ ہوگا وہ
کبھی خدا کی نافرمانی نہ کریگا وہ وزراء و امناء میں افضل و خص ہوگا۔ تحقیق
مہدیؑ اپنے اہل زمانہ پر خدا کی حجت ہے اور
یہ انبیاء کا درجہ ہے جس میں مشارکت واقع
ہوتی ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی طرف
سے فرمایا میں بصیرت پر دعوت الی اللہ کرتا

علیہ السلام ادعو الی اللہ علیٰ بصیرۃ انا و من اتبعنی اخبر بذالک عن نبیہ فالمہدیؑ ممن اتبعہ و ھو صلعم لا یخطی فی دعائہ الی اللہ فمتبعہ لا یخطی فانہ یقفو اثرہ وکذ اورد فی الخبر فی صفۃ المہدیؑ انہ قالؑ یقفو اثری لا یخطی وھذہ العصمۃ فی الدعاء الی اللہ سألھا کثیر من الاولیاء بل کلھم فھذا المہدیؑ لا یغضب الا للہ بخلاف من یغضب لھواہ ومخالفۃ غرضہ فمثل ھذا لا یمکن الا لمن یکون عادلا و مقسطا لا جبارا ولا ظالما وما یعلمہ المہدی اعنی علم القیاس لا لیحکم بہ وانما یعلمہ لیتجنبہ فما یحکم المہدی الا بما یلقی الیہ الملک من عند اللہ الذی بعثہ اللہ لیسددہ وذالک ھو الشرع الحقیقی المحمدی الذی لو کان محمد حیا ورفعت الیہ تلک النازلۃ لم یحکم فیھا الا بما یحکم ھذا الامام المہدی فعلم ان ذالک ھو الشرع الحقیقی للمہدی فحرم علیہ القیاس مع وجود النصوص التی منحہ اللہ ایاھا ولذلک قال النبی صلعم فی صفۃ المہدی

ہوں اور وہ جو میرا تابع ہے خدا نے خبر دی اس کی اپنے نبی کے ذریعہ پس مہدیؑ تابع رسولؐ ہے اور وہ صلعم اپنی دعوت الی اللہ میں معصوم ہیں پس آپ کے تابع (مہدیؑ) بھی معصوم عن الخطا ہیں کیونکہ وہ آپ کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں مہدی علیہ السلام کی تعریف میں حدیث شریف میں بھی یوں ہی وارد ہے رسول کریمؐ فرماتے ہیں کہ (مہدیؑ) میرے نقش قدم چلے گا خطا نہیں کریگا اور دعوت الی اللہ میں اس عصمت کا سوال اکثر بلکہ کل اولیاء اللہ نے کیا ہے اور یہ مہدیؑ غصہ میں آئے گا بھی تو خدا ہی کے لئے بہ خلاف ان لوگوں کے جو اپنی خواہش نفسانی اور اغراض کی مخالفت پر غصہ کرتے ہیں پس ایسے عادات وخصائل سوائے ایک منصف وعادل کے دوسرے سے ممکن نہیں کوئی جابر وظالم اس پیمانہ پر پورا نہیں اتر سکتا اور مہدیؑ اس کو یعنی علم قیاس کو اس لئے نہیں جانتا کہ اس کے موافق حکم کرے اس کو صرف اس لئے جانتا ہے کہ اس سے پرہیز کرے پس مہدی علیہ السلام حکم نہیں کرے گا مگر وہی جو ڈالے گا اس کی طرف فرشتہ اللہ کے پاس سے جس کو اللہ نے اس لئے بھیجا ہے کہ اس کو مضبوط کرے اور یہی شرع حقیقی محمدی ہے تا آنکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اگر زندہ ہوتے اور مہدیؑ کے دیئے ہوئے احکام آنحضرتؐ کے سامنے پیش کئے جاتے تو آنحضرتؐ وہی حکم فرماتے جو امام مہدی موعودؑ نے فرمایا تھا اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ حکم مہدیؑ بعینہ شرع محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے پس جب اس

انه يقفو اثري لا يخطي فعرفنا
انه متبع لا مشرع وانه معصوم
فما المعنى للمعصوم في الحكم
الا انه معصوم من الخطأ فانه
حكم الرسول لا ينسب اليه خطأ فانه لا ينطق عن الهوى ان هو الا
وحي يوحى وگفته اند علمی که مهدی ؑ را
باشد هیچ یکی از اصحاب رسوم را نباشد
واصحاب الرسوم ليست لهم هذه
المرتبة لما اكتسبوا العلم من
حب الجاه والرياسة والتقدم
على عباد الله وافتقار العامة
اليهم فلا يفلحون في انفسهم.
ولا يفلح بهم وهي حالة فقهاء
الزمان الراغبين في مناصب
من قضاء وشهادة وحسبة
وتدريس واما المتميزون
منهم بالدين (اى الشيوخ) ؛
فيجتمعون في اكنافهم وينظرون
الى الناس من طرف خفي نظر
الخاشع ويحركون شفتيهم
بالذكر ليعلم الناظر اليهم
انهم ذاكرون ويتعجبون
في كلامهم ويتشدقون ويغلب
عليهم رعونات النفس وقلوبهم
كقلوب الذئاب لا ينظر الله
اليهم هذه الحال للمتميز منهم

اس طرح کے نصوص (تعلیمات) آپ کے پاس موجود
ہیں جو اللہ نے آپ کو عطا فرمائے ہیں تو آپ کو جائز
نہیں ہے کہ آپ (باوجود ان الٰہی تعلیمات کے) قیاس
پر عمل فرمائیں اور اسی واسطے آنحضرت ؐ نے فرمایا کہ
امام مہدی میرے نقشِ قدم پر چلیں گے اور خطا نہ کریں گے
پس ہم کو معلوم ہوا کہ مہدی ؑ تابع ہیں نئی شریعت لانے والے
نہیں ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ معصوم ہیں حکم میں معصوم
ہونے کے یہی معنی ہیں کہ وہ خطا سے محفوظ رہیں گے بے شک
یہ رسول ؐ کا فرمودہ ہے اس میں کوئی غلطی نہیں ہو سکتی
کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان یہ ہے کہ اپنی
خواہش سے نہیں بولتے اور آپ سراپا وحی ہیں اور
کہا ہے کہ جو علم مہدی ؑ کو ہوگا وہ اصحاب رسوم سے
کسی کو نہ ہوگا اور اصحاب رسوم کو یہ درجہ میسر نہیں
کیونکہ انہوں نے مرتبہ اور ریاست کی محبت اور اللہ
کے بندوں پر فوقیت حاصل کرنے اور عوام الناس کو اپنے
محتاج بنانے کے لئے علم سیکھا ہے نہ وہ خود کامیاب
ہوں گے اور نہ ان سے کوئی کامیاب ہو سکے گا اور فقہائے
وقت کی حالت یہی ہے جو سرکاری خدمات یعنی قضاوت
وشہادت محاسبی و مدرسی وغیرہ کی رغبت رکھتے ہیں اب
رہیں ممتاز ہستیاں (مشائخین) ان کی یہ کیفیت ہے کہ
اطراف واکناف (بڑی بڑی مجلسوں میں) تشریف فرما ہوتے
ہیں نیچی نگاہوں سے لوگوں کو دیکھتے ہیں جیسے کوئی
منکسر المزاج متواضع آدمی دیکھتا ہے اور
ہونٹ ہلاتے جلتے ہیں کہ دیکھنے والا
یہ سمجھے کہ حضرت اللہ کی یاد میں مشغول
ہیں گفتگو میں ایک عجیب طرح کا ناز و انداز

الذين هم قرناء الشياطين
لا حاجة لله بهم لانهم
لبسوا لباس جلود الضان
من اللين اخوان العلانية
اعداء السريرة "اذا خرج هذا
الامام فليس له عدو
مبين الا الفقهاء خاصة"
جاء المهدي في وسط الزمان
لا يخالفونه الا العلماء والفقهاء
قال ع المهدي ع كمثل سفينة
نوح من ركب فيها نجا ومن
اعرض عنها غرق "لانه لا
يبقى رياستهم" ولا شهرة
عن العامة بل لا يبقى لهم
علم يحكم به الا قليل ويرتفع
الخلاف من العالم في الاحكام
بوجود هذا الامام ولولا ان
السيف بيده لافتوا الفقهاء
بقتله واذا حكم بغير مذهبهم
يعتقدون انه على ضلالة
في ذلك الحكم لانهم يعتقدون
ان زمان الاجتهاد قد انقطع
وان لا يوجد بعد ائمتهم
احد له درجة الاجتهاد ومن
يدعي التحريف الالهي بالاحكام
الشرعية فهو عندهم مجنون

ان پر نفس کی رعونتیں غالب ہوتی ہیں اور ان کے
دل بھیڑیوں کے جیسے ہوتے ہیں ان کی طرف خدا کی
نظر نہیں ہوتی ان ممتاز ہستیوں کا یہ حال
ہے کہ وہ شیطان کے مصاحب ہیں اللہ کو
ان کی حاجت نہیں ان کا لباس بھیڑ کی کھال
ہوتی ہے منہ کے میٹھے دل کے کھوٹے ہیں
جب یہ امام علیہ السلام ظاہر ہوگا تو خصوصاً
فقہاء اس کی مخالفت پر تلے رہیں گے رسول کریم ص نے
فرمایا کہ مہدی نوح ع کی کشتی کے مانند ہے اس میں جو سوار
ہوگیا نجات پائی اور جس نے اس سے منہ پھیر لیا غرق ہوگیا
کیونکہ ان کی ریاست درہم برہم اور شہرت عامہ گم ہوجائے گی
بلکہ انھیں کوئی عالم نہیں کہے گا اس امام کے وجود سے
دنیا سے احکام کا خلاف اٹھ جائے گا اگر تلوار اس کے
ہاتھ میں نہ ہوتی تو فقہا اس کے قتل کا فتویٰ دیتے اور
جب وہ ان کے مذہب کے خلاف احکام نافذ کرے گا تو وہ
اس کو گمراہ سمجھیں گے کیونکہ ان کا اعتقاد یہ ہے کہ
اجتہاد کا زمانہ منقطع ہوگیا ہے اور نیز ان کا یہ اعتقاد ہے
کہ ان کے آئمہ کے بعد اب کسی کو درجہ اجتہاد نصیب
نہیں ہوسکتا اور جو آدمی احکام شریعت کے موافق
معرفت الہٰی کا دعویٰ کرے تو ان کے پاس وہ فاسد الخیال
دیوانہ ہے اس کی طرف کوئی ملتفت نہیں ہوتا ہاں اگر ایسا
آدمی صاحب مال و دولت یا صاحب سلطنت ہوتا تو یہ
فقہاء اس کے مال کی رغبت یا اس کی سلطنت
کے خوف سے اس کے مطیع ہوجاتے
اور ان احادیث و روایات کو جو مہدی
علیہ السلام کے حق میں وارد ہوئیں علماء سلف

فاسد الخيال لا يلتفتون اليه فانه ان كان ذا مال او سلطان لانقاد الفقهاء في الظاهر اليه رغبة في ماله وخوفا من سلطانه و ایں احادیث و روایات که در حق مهدی علیه السلام وارد شده است علماء سلف ایں را به منزلهٔ تواتر داشته اند چنانچه در قرطبی آورده وقد تواترت الاخبار واستفاضت بكثرة رواتها عن النبي ﷺ في حق المهدي ع وبعضی اخبار که بایکدیگر متعارض اند علماء سلف آنرا تطبیق بریں وجه داده اند که مجی او حق است و اختلاف در علامات است چنانچه قال البیهقی فی شعب الایمان واختلف الناس في امر المهدي ع فتوقف جماعة واحالوا العلم الى عالمه واعتقدوا انه واحد من اولاد فاطمة رض بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم يخرج في آخر الزمان وقال في شرح المقاصد فذهب العلماء الى انه امام عادل من ولد فاطمة رض يخلقه الله متى شاء ويبعثه نصرة لدينه كما روى عن عبد الله ابن عطاء قال سألت ابا جعفر ابن محمد

نے ان کو بہ منزلۂ تواتر رکھا ہے چنانچہ قرطبی میں مذکور ہے۔ اور حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت سے مہدی علیہ السلام کے باب میں حدیثیں راویوں کی کثرت کے سبب سے درجہ تواتر کو پہونچی ہیں۔ اور جو احادیث کہ آپس میں متعارض ہیں ان کو علمائے سلف نے اس طرح تطبیق دی ہے کہ مہدی علیہ السلام کا آنا برحق ہے اور اختلافات علامات میں ہیں۔ چنانچہ امام بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں فرمایا ہے کہ مہدی علیہ السلام کے باب میں لوگوں نے اختلاف کیا بالآخر ایک جماعت نے توقف کیا اور اس کا علم عالم کے حوالہ کیا اور یہ اعتقاد رکھتی ہے کہ مہدی علیہ السلام اولاد فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص ہوگا آخر زمانہ میں نکلے گا اور شرح مقاصد میں علامہ تفتازانی نے فرمایا علماء کا مذہب یہ ہے کہ مہدی امام عادل فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد سے ہے خدا اس کو جب چاہے گا پیدا کرے گا اور اس کو اپنے دین کی نصرت کے لئے پیدا کرے گا چنانچہ عبد اللہ بن عطا سے مروی ہے کہا میں نے ابو جعفر بن محمد سے سوال کیا اور کہا جب امام مہدی علیہ السلام نکلیں گے تو ان کی کیا سیرت ہوگی تو کہا اپنے ماقبل کی بدعتوں کو منہدم کردیں گے جیسا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

ابن علی فقلت اذا خرج الامام المهدی بای سیرة یسیر قال بهدم ما قبله کما صنع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم ولیستانف الاسلام جدیداً عن علی ابن ابی طالبؓ المهدی لایترك البدعة لاازالها ولاسنةً الااقامها کذا فی عقد الدرر۔

فصل و نیز حضرت میرانؑ ہم فرمودہ اند کہ مہدیؑ را خدائے تعالیٰ انگہ فرستاد کہ معنی دین از جہاں رفتہ بود۔ فرمودہ اند معنی از سہ چیز رود رسم و عادت و بدعت و قتیکہ مہدیؑ در ظہور آید رسم و عادت و بدعت را دور کند و دین محمدؐ را نصرت کند چنانچہ در شرح مقاصد مذکور است و نیز

نقل است از حضرت میرانؑ کہ فرمودند خدائے تعالیٰ ایں بندہ را مہدی کردہ انگہی فرستادہ کہ از تمام عالم دین رفتہ بود مگر در مجذوبان ماندہ بود۔ و ایں صفت ہا کہ دریں احادیث و روایات ثابت شدہ در ذات سید محمد مہدیؑ پیدا است دریں ہیچ اختلاف نیست و چوں مقصود حق تعالیٰ در فرستادن مہدیؑ آں باشد کہ نصرت دین خدائی را کند و بواسطۂ آں ذاتِ مردماں توحید و معرفت خدائے تعالیٰ حاصل کنند پس دیگر علامات کہ دراں اختلاف

نے کیا تھا اور نئے سرے سے اسلام کو تازہ کریں گے اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مہدی کسی بدعت کو بغیر زائل کئے اور کسی سنت کو بغیر قائم کئے نہیں چھوڑیں گے۔ عقد الدرر میں بھی یہی مذکور ہے۔

فصل اور حضرت مہدی علیہ السلام نے بھی فرمایا ہے کہ خدائے تعالیٰ مہدی کو اس وقت بھیجا کہ دین کا مقصد دنیا سے اٹھ گیا تھا فرمایا کہ دین کا مقصد تین چیزوں سے مفقود ہو جاتا ہے یعنی رسم عادت اور بدعت جس وقت کہ مہدی ظہور میں آئے رسم اور عادت اور بدعت کو دور کرے اور دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نصرت کرے چنانچہ شرح مقاصد میں (ایسا ہی) مذکور ہے اور نیز حضرت مہدی علیہ السلام سے منقول ہے آپ نے فرمایا کہ خدائے تعالیٰ اس بندہ کو مہدی کر کے اس وقت بھیجا کہ تمام عالم سے دین چلا گیا تھا مگر مجذوبوں میں باقی تھا اور یہ صفتیں جو ان احادیث و روایات (مذکورہ) سے ثابت ہوئیں (وہ سب) سید محمد مہدی علیہ السلام کی ذات میں موجود تھیں اس میں کسی قسم کا خلاف نہیں اور جب حق تعالیٰ کا مقصود مہدی کے بھیجنے میں محض یہی ہے کہ دین خدا کی نصرت کرے اور ذاتِ مہدی کے واسطہ سے لوگ توحید اور خدائے تعالیٰ

است ورای مقصود است اگر یافتہ نشود و
کسے بداں سبب آں ذات را دروغ گو دارد
وبا او مخالفت نماید ظلم بر نفس خود کند زیرا
کہ او میگوید ہرچہ میکنم و میگویم بواسطہ خبر یست
کہ مرا از خدائے تعالیٰ میرسد و بر ثبوت آں دعویٰ
حجت از کتاب خدا آوردہ است و ایں از
دو حال خالی نیست یا راست گوہست یا دروغ
گو اگر دروغ گو است پس ضرر و بال بر ولیست
کہ ستم گار تر است و اگر راست گو است پس
ضرر و بال بر مکذبان است کہ ستم گار اند کہ اورا
دروغ گو دارند و اد ہرچہ گفتہ است از تعلیم
خدا ست کما قال الامام المہدی
صلی اللہ علیہ وسلم علمت من
اللہ بلا واسطۃ جدید الیوم
قل انی عبد اللہ تابع محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
محمد مہدی آخر الزمان
وارث نبی الرحمن عالم علم
الکتاب والایمان مبین
الحقیقت والشریعت والرضوان
و نیز **نقلست** از قاضی علاء الدین دانشمند
بدری قال ان المہدی ؑ لما ذہب
الی المکۃ المعظمۃ کان معہ
ثلث مائۃ من رجال الہند
فاذا فرغ المہدی ؑ من الحج
نادی فی الحرم رافعی صوتہ

کی معرفت حاصل کریں تو پس دوسری وہ علامتیں کہ جن
میں اختلاف ہے مقصود کے خلاف ہیں اگر (مختلف فیہ)
علامات نہ پائے جائیں اور کوئی شخص اس وجہ سے
مہدی علیہ السلام کو دروغ گو کہتا ہے اور آپ کے ساتھ
مخالفت کرتا ہے تو وہ شخص اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے
اس لئے کہ آپ نے فرمایا کہ میں جو کچھ کرتا ہوں اور کہتا
ہوں اس خبر کے واسطے سے ہے جو مجھ کو خدائے
تعالیٰ کی جانب سے پہنچتی ہے اور اپنے اس دعویٰ کے
ثبوت میں خدا کی کتاب کو پیش فرمایا اور یہ دو حال سے
خالی نہیں یا راست گو ہے یا دروغ گو اگر
دروغ گو ہے پس ضرر اور وبال اسی پر ہوگا اس لئے
کہ وہ بڑا ظالم ہے اور اگر راست گو ہے
تو پس اس کا ضرر اور وبال اس کو جھٹلانے
والوں پر ہوگا کیونکہ وہی بڑے ظالم
ہیں کہ اس کو دروغ گو کہتے ہیں اور اس
نے (مہدی علیہ السلام نے) جو کچھ کہا ہے
خدا کی تعلیم سے کہا ہے چنانچہ امام مہدی
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بلا واسطہ
(بمقام طریقت) اللہ تعالیٰ سے ہر نئے دن
تعلیم پاتا ہوں (فرمان خدا ہوتا ہے کہ) کہو (اے
سید محمد) میں خدا کا بندہ ہوں اور محمد رسول
اللہ کا تابع (بہ مقام شریعت) ہوں۔
سید محمد مہدی آخر الزمان ہے
اور پیغمبر خدا کا وارث جاننے
والا علم قرآن و ایمان کا بیان
کرنے والا۔ احکام حقیقت و شریعت و خوشنودی

فقال من اتبعنی فھو مومن فبالغ الناس کلھم الذین کالوا معه علی ذالك ونیز **نقلست** ازمیراں سید محمد مہدی موعودؑ کہ پیش از اظہار کردن مہدیت بست سال فرمان شد کہ تو مہدی موعود ہستی حضرات میرانؑ بست سال مضمر کردند چوں حضرت میرانؑ در قصبہ بڑلی آمدند فرمان شد کہ چرا اظہار نمی کنی مہدیت خود را بلکہ بطریق عتاب فرمان شد کہ از خلق می ترسی بعدۂ وہ حضرات میرانؑ مہدیت خود اظہار کردند بعد ازاں ملایاں از شہر نہروالہ پیش میرانؑ آمدند وعرض کردند کہ شما خود را مہدی می گویا بید حضرت میرانؑ فرمودند کہ بندہ نمی گوید بلکہ خدائے تعالیٰ میگوید ملایاں گفتند نام مہدی محمد بن عبداللہ باشد ونام پدر شما سید خاں است بعدہ حضرت میرانؑ جواب دادند کہ خدائے تعالیٰ قادر نیست کہ پسر سید خاں را مہدی کند۔ ونیز **نقلست** کہ ملایاں پیش میرانؑ گفتند کہ مہدی محمد بن عبداللہ باشد ونام پدر شما سید خاں است بعدہ حضرت میرانؑ فرمودند کہ خدای را بگوئید کہ پسر سید خاں را چرا کہ مہدی کردی ونیز **نقلست** کہ ملایاں حدیث رسولؐ پیش میرانؑ عرض کردند کہ یواطی اسمه اسمی واسم ابیه اسم ابی ونام پدر شما سید خاں است حضرت میرانؑ فرمودند کہ پدر رسولؐ مروی کافر بود آں عبداللہ چگونہ باشد بلکہ محمد رسول اللہ ہم محمد عبداللہ باشد ومہدی ہم محمد عبداللہ باشد ولفظ ابن

حق کا ہے انتہیٰ حضرت علاء الدین دانشمند بادرنیؒ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ مہدیؑ جب مکہ معظمہ کو گئے تو آپ کے ساتھ تین سو ہندی تھے جب آپ حج سے فارغ ہوئے تو حرم میں باآواز بلند منادی کی اور فرمایا جس نے میری پیروی کی وہ مومن ہے پس اس پر جتنے ساتھی تھے سبھوں نے بیعت کرلی اور نیز میراں سید محمد مہدی موعودؑ سے منقول ہے کہ دعوی مہدیت ظاہر کرنے سے پہلے بیس سال آپ کو اللہ کا فرمان ہوتا رہا کہ تو مہدی موعود ہے حضرت مہدیؑ نے (اس فرمان کو) بیس سال ظاہر نہیں فرمایا جب آپ قصبۂ بڑلی میں تشریف لائے تو فرمان باری ہوا کہ کیوں تو اپنے دعوی مہدیت کو ظاہر نہیں کرتا ہے بلکہ عتاب آمیز فرمان ہوا کہ تو مخلوق سے ڈرتا ہے اس کے بعد آپ نے دعوی مہدیت کو ظاہر فرمایا اس کے بعد شہر نہروالہ کے ملاؤں نے آپکی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپ اپنے کو مہدی کہلاتے ہو تو حضرتؑ نے فرمایا کہ بندہ نہیں کہتا ہے بلکہ خدائے تعالیٰ کا حکم ہوتا ہے ملاؤں نے کہا کہ مہدی کا نام محمد بن عبداللہ ہوگا اور آپ کے والد کا نام تو سید خاں ہے اس کے بعد حضرت مہدیؑ نے جواباً ارشاد فرمایا کہ کیا خدائے تعالیٰ سید خاں کے بیٹے کو مہدی کرنے پر قادر نہیں؟ اور نیز نقل ہے کہ مہدیؑ کی حضور میں ملاؤں نے عرض کیا مہدی محمد بن عبداللہ ہوگا اور آپ کے والد کا نام تو سید خاں ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ خدا سے کہو کہ سید خاں کے بیٹے کو کس لئے مہدی کیا اور نیز نقل ہے کہ ملاؤں نے رسولؐ کی حدیث مہدیؑ کی حضور میں پیش کی کہ اس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا اور اسکے باپ کا نام میرے باپ کے نام کے موافق ہوگا اور (عرض کیا کہ) آپکے والد کا نام تو سید خاں ہے حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ رسولؐ کا باپ کافر شخص تھا وہ عبداللہ کیونکر ہو سکتا ہے بلکہ محمد رسول اللہ بھی محمد عبداللہ ہے اور مہدیؑ بھی محمد عبداللہ اور محمد بن عبداللہ میں کاتب نے جو لفظ ابن لکھا ہے یہ اس کا سہو ہے اور مہدیؑ

سہو کاتب است کہ محمد بن عبد اللہ نبشتہ است ودیگر نقلہائے میراںؑ واحادیث وروایات در کتب ہا بسیار است ویاران مہدیؑ ملایاں راجوابہا بسیار نبشتہ اند ونیز **نقلست** کہ حضرت میرانؑ را ملا معین الدین چہار سوال کنانیدہ بود پس از اظہار مہدیت بزبان دو ملایاں وایشاں ہر دو پیش حضرت میرانؑ آمدند ور سالہ بتبلیغ کردند یکی آنکہ مردی میگوید کہ اگر خواست خدائے تعالیٰ باشد بندہ فردا فلاں جائی خواہم رفت ونہ رفت پس می باید کہ بہ حکم ف ما تشاؤن الا ان یشاء اللہ (جز ۲۹ رکوع ۲۰) رفتنش مزوری باشد یا نباشد حضرت میرانؑ فرمودند کہ بندہ میدانست کہ ملایاں راچیزے علم ہست اکنوں معلوم شد کہ علم ندارند و فرمودند کہ خواست خدائے تعالیٰ ہمیں بود کہ ایں مرد ہمیں خواہد خواست و خواست او بمطلوب او نخواہد پیوست

دوم آں کہ سوال کردند کہ اسم پدر شما چیست میرانؑ فرمودند کہ اسم پدر بندہ سید خاں است پس ملایاں گفتند کہ اسم نبی محمد بن عبد اللہ باشد و اسم مہدی ہم محمد بن عبد اللہ باشد فرمودند کہ با خدای جنگ کنید کہ پسر سید خاں را چرا کہ مہدی کردی سوم آنکہ سوال کردند کہ شما ولایت را بہ نبوت فضل مید ہید گفت بندہ فضل مید ہد یا رسول اللہ فرمودہ اند الولایۃ افضل من النبوۃ۔ بعدہ ملایاں گفتند

کی اور دوسری نقلیں احادیث اور روایات کتابوں میں بہت سی ہیں اور مہدیؑ کے صحابہ رضؓ نے بھی ملاؤں کو بہت جوابات دیئے ہیں اور نیز نقل ہے کہ ملا معین الدین نے حضرت مہدیؑ کی حضور میں آپ کے دعوی مہدیت کے بعد دو ملاؤں کے ذریعہ چار سوال کروائے تو انہوں نے حضرتؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر سوالات پیش کئے پہلا سوال یہ ہے کہ ایک مرد کہتا ہے کہ اگر خدائے تعالیٰ چاہا تو کل میں فلاں جگہ جاؤں گا اور وہ نہیں گیا پس چاہیئے کہ (خدائے تعالیٰ کے) فرمان ہذا تم چاہتے ہو مگر یہ کہ چاہے اللہ سے اس کا جانا مزوری ہے یا نہیں حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ بندہ جانتا تھا کہ ملاؤں کو کچھ علم ہے لیکن معلوم ہوا کہ بے علم ہیں اور فرمایا کہ خدائے تعالیٰ کی مرضی یہی تھی کہ یہ شخص یہی چاہے گا اور اس کا چاہنا اس کے مطلوب کو نہیں پہونچے گا۔

دوسرا سوال انہوں نے یہ کیا کہ آپ کے والد کا نام کیا ہے مہدیؑ نے فرمایا کہ میرے والد کا نام سید خاں ہے تو ملاؤں نے کہا کہ نبی کا نام محمد بن عبد اللہ ہے اور مہدیؑ کا نام بھی محمد بن عبد اللہ ہوگا فرمایا کہ خدا سے جنگ کرو کہ سید خاں کے بیٹے کو کس نے مہدی (موعود) کیا۔

تیسرا سوال یہ کیا کہ آپ ولایت کو نبوت پر فضل دیتے ہو تو فرمایا کہ بندہ فضل دیتا ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ولایت نبوت سے افضل ہے۔ اس کے بعد ملاؤں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ولایت نبی کی نبوت پر فضیلت رکھتی ہے۔

کہ ولایت نبی بر نبوت نبی فاضل است نہ ولایت دیگرے فرمودند بندہ کدام وقت گفتہ است کہ بندہ را بر نبی فضل است بعدہ میراں ؑ فرمودند کہ شما را معلوم است کہ نبوت کدام چیز را می خوانند و ولایت کرا می نامند۔ چہارم آں کہ سوال کردند کہ شما ایمان را زیادہ و نقصان میگوئید میراں علیہ السلام فرمودند بندہ میگوید یا خدائے تعالیٰ میگوید۔ انما المومنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبھم و اذا تلیت علیھم ایاتہ زادتھم ایمانا و علی ربھم یتوکلون الایۃ (جزء ۹ رکوع ۱۵) ملایاں گفتند امام اعظم رح چنیں گفتہ اند کہ الایمان لا یزید ولا ینقص میراں ؑ فرمودند کہ امام اعظم رح بہ نسبت ایمان خویش فرمودند اند لیکن امام شافعی رح بدیں سبب زاری میکند و میگوید کہ الایمان یزید و ینقص و نیز **نقلست** کہ حضرت میراں ؑ را از شہر نہروالہ اخراج کردند حضرت بہ کلام گوجری گفتند کہ ایں بے ڈھنگاں را نباید کہ بندہ را اخراج کنند ایشاں را چناں باید کہ بندہ را در شہر بند کنند یکسال یا دو سال بلکہ دہ سال و بست سال و علماء عالم را جمع کنند و با ایں بندہ بحث کنند تا اگر ایں بندہ بر حق باشد دین خدای را نصرت کنند و اگر بر باطل باشد بندہ را بکشند و ایشاں را نباید کہ بندہ

نہ کہ دوسرے کی ولایت تو فرمایا کہ بندہ کس وقت کہا تھا کہ بندہ کو نبی ؑ پر فضل ہے۔ اس کے بعد مہدی ؑ نے فرمایا کہ تم کو معلوم ہے کہ نبوت کس چیز کو کہتے ہیں اور ولایت کس کا نام۔ چوتھا سوال یہ کیا کہ آپ ایمان کی کمی اور زیادتی کے قائل ہیں تو آپ نے فرمایا کہ بندہ قائل ہے یا خدائے تعالیٰ فرماتا ہے۔ مومنین وہی لوگ ہیں جب اللہ کا ذکر کیا جائے تو انکے دل ڈر جاتے ہیں اور جب ان کے سامنے خدا کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان کے ایمان کو زیادہ کر دیتی ہیں اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔ ملاؤں نے کہا کہ امام اعظم رح نے تو یہ فرمایا ہے کہ ایمان نہ بڑھتا ہے نہ گھٹتا ہے مہدی ؑ نے فرمایا کہ امام اعظم رح نے اپنے ایمان کے متعلق فرمایا ہے لیکن امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی سبب سے زاری کی ہے اور کہا ہے کہ ایمان گھٹتا ہے اور بڑھتا ہے۔ و نیز نقل ہے کہ جب حضرت مہدی علیہ السلام کا شہر نہروالہ سے اخراج ہوا تو حضرت علیہ السلام نے گوجری زبان میں فرمایا کہ ان بے ڈھنگوں کو نہیں چاہیئے کہ بندہ کا اخراج کریں بلکہ ان کو یہ تو چاہیئے تھا کہ بندہ کو ایک سال یا دو سال بلکہ دس بیس سال تک مقید کرتے اور تمام عالم کے عالموں کو جمع کر کے اس بندہ سے بحث کرتے تاکہ اگر بندہ حق پر ہے تو دین خدا کی مدد کرتے اور حق پر نہیں ہے تو بندہ کو قتل کرتے اور بندہ کا اخراج

را اخراج کنند چرا که ہر جا که خواہم رفت خلق را آنجا گمراہ خواہم کرد و نیز فرمودند که این علماء را بہر دو طریق خدائے تعالیٰ روی سیاہ کند اگر بندہ بر حق است چرا دین خدای را نصرت نہ کردند اگر بندہ بر باطل است چرا این بندہ را نکشتند ہر جا که خواہم رفت آنجا گمراہ خواہم کرد و نیز **نقلست** پیش حضرت میرانؑ ملایاں گفتند که مہدیؑ را تمام عالم ایمان آرند بعدہ میرانؑ پرسیدند که مومناں ایماں آرند یا کافراں بعدہ ملایاں گفتند مومناں ایمان آرند بعدہ میرانؑ فرمودند که ہمہ مومناں ایمان آوردند و اطاعت کردند بعدہ فرمودند میاں مخدوم قرآن بخوانند میاں مذکور حافظ و بیشتر بود وقت بیان پیش میرانؑ قرآن میخواندند و نیز **نقلست** از بندگی سید خوندمیر سید السادات رضؓ که این مکتوب را پیش سید کبیر فرستادہ بودند معلوم باد از آں روز که سید محمدؑ خلق را سوی خدائے تعالیٰ می خواند خلق با او مخالفت آغاز کرد او فرمود که معلوم نمی شود موجب مخالفت چیست اگر از بندہ سہوے و غلطی شدہ باشد ہر مسلماناں فرض است بحکم انما المومنون اخوۃ (جزء ۲۶ رکوع ۱۳) اعلام فرمایند و ماہم متفق شدہ رجوع سوے کتاب اللہ بکنیم و موافقت بارسولؑ بنمائیم کما قال اللہ تعالیٰ فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ والرسول

کرنا ان کے لئے مناسب نہ تھا اس لئے کہ میں جہاں جاوں گا مخلوق کو گمراہ کروں گا اور نیز فرمایا کہ خدائے تعالیٰ ان علماؤں کا منھ بہر دو طریق کالا کرے گا (اس لئے کہ) اگر بندہ حق پر ہے تو کس لئے دین خدا کی نصرت نہیں کی اور اگر بندہ باطل پر ہے تو کس لئے بندہ کو قتل نہیں کیا کیونکہ میں جہاں جاؤں گا وہاں مخلوق کو گمراہ کروں گا اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام سے ملاؤں نے کہا کہ مہدی علیہ السلام پر تمام عالم کے لوگ ایمان لائیں گے تو مہدی علیہ السلام نے فرمایا مومن ایمان لائیں گے یا کافر اس کے بعد ملاؤں نے کہا کہ مومن ایمان لائیں گے اس کے بعد مہدیؑ نے فرمایا کہ تمام مومن (ازلی) ایمان لائے اور اطاعت قبول کی اس کے بعد فرمایا کہ میاں مخدوم قرآن پڑھو میاں مذکور حافظ اور مبشر تھے بیان کے وقت حضرت مہدیؑ کی حضور میں قرآن پڑھتے تھے اور نیز بندگی سید خوندمیر سید السادات رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ نے اس مکتوب کو سید کبیر کے پاس روانہ فرمایا تھا واضح ہو کہ اس روز سے کہ سید محمدؑ نے خلق کو خدائے تعالیٰ کی طرف سے دعوت شروع فرمائی مخلوق نے آپ کے ساتھ مخالفت آغاز کی آپ نے فرمایا کہ ان کی مخالفت کا سبب کیا ہے معلوم نہیں ہوتا اگر بندہ سے کوئی سہو اور غلطی ہوئی ہے تو مسلمانوں کا فریضہ ہے کہ مومن آپس میں ایک دوسرے کے بھائی ہیں کے لحاظ سے (بندہ کو) آگاہ فرمائیں اور ہم بھی سب کے ساتھ قرآن کی طرف رجوع اور رسولؐ کے ساتھ موافقت کریں گے۔

الآیۃ (جزء ۵ رکوع ۵) از ما و شما ہر کہ از اتباع کتاب خدا و رسولؐ قدم بیرون نہادہ باشد آنکس توبہ کند و باز آید و موافقت با خدا و رسولؐ نماید و اگر از خلاف خدا و رسولؐ باز نیاید مصر باشد واجب القتل است و مدت چند سال شدہ است کہ سید محمدؑ و تابعان وی بدیں معنی فریاد میکنند کہ ہر کہ از جملہ مسلمانان تقصیر و نقصان ما معلوم کردہ باشد بطریق انصاف و بحجت علمی ما را باز ندارد و عند اللہ ماخوذ گردد ہیچکس بحجت تفہیم نکردہ است بلکہ ہمیشہ بطریق تغلب و تسلط و سلطنت بر ما حکم بدعت و ضلالت کردہ اند تا ایں زمان ما مظلوم گشتیم بحدیکہ بعضی را از ما ضرب کردہ اند بعضی را در زندان کردہ اند و بعضی را اخراج کردہ اند و مسجد ہا را سوختند و ظالمان بانواع ظلم پیش آمدند چنانچہ در آیۃ قرآن مسطور است

ولولا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لھدمت صوامع و بیع وصلوات ومساجد یذکر فیھا اسم اللہ کثیرا۔ (جزء ۱۷ رکوع ۱۳)

ایں زمان بر ما لازم شدہ است کہ از برائے دین خدا جان خود را در بازیم تا ما را خدائے تعالیٰ نصرت کند کقولہ تعالیٰ ولینصرن اللہ من ینصرہ

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا پھر اگر تم کسی بات بات میں جھگڑ پڑو تو اس کو اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو فریقین میں سے جو شخص قرآن و رسول کی اتباع سے قدم باہر رکھے اس کا فریضہ ہے کہ توبہ کرے اور (خطا سے) باز آئے اور خدا و رسول کے ساتھ موافقت کرے اگر خدا و رسول کی مخالفت سے باز نہیں آئے گا اور مصر رہے گا تو (ویسا شخص) واجب القتل ہے اور کئی سال سے سید محمدؑ اور آپ کے مقلدین یہ فریاد کرتے ہیں کہ تمام مسلمانوں میں سے جس پر ہمارا قصور اور نقصان (عمل و اعتقاد) ظاہر ہوئے اور انصاف کی راہ اور علمی حجت سے ہم کو باز نہ رکھے تو وہ اللہ کے پاس ماخوذ ہوگا لیکن کسی نے علمی حجت سے ہماری فہمائش نہیں کی بلکہ تغلب و تسلط اور سلطنت کی بناء پر بدعت اور ضلالت کا حکم ہم پر کیا اب ہم مظلوم ہو چکے اس طرح کہ بعض مہدویوں کو مار پیٹ کی اور بعض کو قید کیا اور بعض کو اخراج کیے اور مسجدوں کو جلائے اور ظالموں نے قسم قسم کا ظلم کیا چنانچہ قرآن مجید کی آیت میں مذکور ہے کہ اگر بعض لوگوں کو بعضوں کے ذریعہ سے اللہ کا دفع کرنا نہ ہوتا تو گرا دیئے جاتے صومعے گرجے عبادت خانے اور مسجدیں جن میں اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتا ہے۔ اب ہم پر لازم ہو گیا کہ خدا کے دین کے لئے جان بازی کریں تا کہ خدائے تعالیٰ ہماری مدد کرے چنانچہ فرمان باری ہے کہ جو شخص خدا کی مدد کرے گا خدا اس کی ضرور مدد کرے گا۔

(جزء ۷ ا رکوع ۱۳) اگر ما اندک و ضعیف هستیم ولیکن صاحب ما توانا و غالب است کقوله تعالیٰ ان اللّٰه لقوی عزیز (جزء ۱۷ رکوع) سی و پنج سال شده است که بندگی سید خوندمیرؓ این نقل را نوشته پیش سید کبیر فرستاده بودند فی شرح المصابیح حدیث المهدی رجل عزیز لا یعرفه الا العارفون ۔

اگرچہ کہ ہم تھوڑے اور ضعیف ہیں مگر ہمارا صاحب توانا اور غالب ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ بے شک قوی اور غالب ہے ۔ بندگی میاں سید خوندمیر اس نقل (مذکور) کو سید کبیر کے پاس بھیج کر پینتیس سال کا عرصہ ہوا ۔ شرح مصابیح میں مذکور ہے کہ مہدی ایک عزیز (غالب) مرد ہوگا جس کو عارفین ہی پہچانیں گے

باب دوم

انکار مہدیؑ

و انکار مہدی علیہ السلام کفر است کما قال فی طبقات الفقہاء فی ذکر المہدی علیہ السلام قال من انکر المہدیؑ فقد کفر۔ و نیز حدیث با اسناد در فصل الخطاب مسطور است من انکر خروج المہدی فقد کفر بما انزل اللہ علی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پس کسیکہ انکار کردن از خروج وی کفر است بعد ظہور وی بطریق اولیٰ کفر بود و من انکر نزول عیسیٰؑ فقد کفر ومن لم یومن بالقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ فقد کفر فان جبرئیل اخبرنی بان اللہ تعالیٰ یقول من لم یؤمن بالقدر خیرہ وشرہ من اللہ تعالیٰ فلیتخذ ربا غیری وایں حدیث با اسناد در فصل الخطاب مذکور است وفی فوائد

دوسرا باب

مہدیؑ (کی ذات) کے انکار کے بیان میں

انکار مہدی علیہ السلام کفر ہے چنانچہ مہدیؑ کے ذکر میں طبقات الفقہاء میں کہا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مہدی علیہ السلام کا انکار کیا کافر ہو گیا۔ اور نیز اسناد کے ساتھ فصل الخطاب میں مذکور ہے کہ جس نے مہدی علیہ السلام کے خروجؑ کا انکار کیا پس تحقیق کہ وہ کافر ہوا اس چیز سے جو نازل ہوئی محمدؐ پر پس جس ذات کے خروج کا انکار کفر ہے تو اس کے ظہور کے بعد بطریق اولیٰ کفر ہوگا۔ اور جس نے نزول عیسیٰؑ کا انکار کیا پس تحقیق کہ وہ کافر ہوا اور جس نے ایمان نہیں لایا قدر خیر و شر من اللہ ہونے پر تو کافر ہوگیا (چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق جبرئیل نے مجھے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس نے ایمان نہیں لایا قدر خیر و شر من اللہ پر تو چاہئے کہ میرے غیر کو اپنا رب بنالے اور حدیث شریف فصل الخطاب میں اسناد کے ساتھ مذکور ہے اور حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ

میدانید و متابعت سنت او نمی کنید
و قرآن را میخوانید و بدان عمل نمیکنید و نعمت
حق میخورید و شکر آن نمی گزارید و بہشت
را کہ آراستہ است برای مطیعان طلب
نمی کنید و دوزخ را کہ افروختہ است
باغلال آتشین برای عاصیان از آن نمی
گریزید و میدانید کہ شیطان دشمن است
و با وی عداوت نمی کنید و میدانید کہ مرگ
ہست و ساز او نمی سازید و مادر و پدر
و فرزندان را در خاک می کنید و عبرت
نمی گیرید و از عیوب خود دست باز نمی
دارید و در عیب دیگران مشغول میشوید
کسیکہ این چنین بود دعای او کی مستجاب
شود۔ **نقلست** کہ یکی پیش ابراہیم ادہم رح

تفرقہ پیدا ہوا اور ان کے اچھے اوقات میں تھوڑی
کدورت شامل ہوئی اور نیز کبھی کبھی آپس میں دل
لگی کرتے اور بلند آواز سے ہنستے اور دوستی بڑھنے کے
لئے ایک دوسرے سے ملتے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ
نے ان کی ان حرکتوں کو ناپسند فرمایا اور اس
آیت سے (جو اوپر مذکور ہوئی) ان پر عتاب کیا
اور بطور انکار کے فرمایا کہ کیا وقت نہیں
آیا مومنوں کے لئے کہ ان کے دل خدای عزوجل
کے ذکر کے لئے نرم ہو جائیں اور قرآن سننے کے لئے
چلے آئیں یہ سب حق ہے نہ کہ باطل اور نیز نقل ہے
کہ ابراہیم ادہم رح سے لوگوں نے پوچھا کیا سبب ہے
کہ ہم حق تعالیٰ کو پکارتے ہیں اور وہ قبول نہیں فرماتا
کہا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ خدا کو جانتے ہو اور اس
کی اطاعت نہیں کرتے اور اوس کے رسول
صلی اللہ علیہ وسلم کو جانتے ہو اور سنت رسول
کی پیروی نہیں کرتے اور قرآن پڑھتے ہو اور
اس پر عمل نہیں کرتے اور اللہ کی نعمت کھاتے
ہو اور اس کا شکر ادا نہیں کرتے اور اطاعت کرنے
والوں کے لئے بہشت آراستہ کی گئی ہے اس کو
طلب نہیں کرتے اور گنہگاروں کے لیئے
آگ کے طوق کے ساتھ دوزخ سلگھائی گئی ہے
اس سے باز نہیں رہتے جانتے ہو کہ شیطان دشمن
ہے اور اس کے ساتھ عداوت نہیں رکھتے جانتے
ہو کہ (ایک دن) مرنا ہے اور اس کا سامان مہیا نہیں کرتے
ماں باپ اور بچوں کو دفن کرتے ہو اور عبرت نہیں
لیتے اور خود عیوب سے نہیں بچتے اور دوسروں

آمد گفت ای شیخ من بر خود بسے ظلم کردہ ام مرا پندی بگوئی کہ آں را امام خود سازم ابراہیم ادہم رح گفت اگر قبول کنی از من شش خصلت بکن بعد ازاں ہرچہ کنی زیاں ندارد اول آنکہ اگر معصیت کنی روزی او مخور او گفت رازق اوست از کجا خورم گفت نیک نہ بود کہ رزق او خوری و در وی عاصی شوی۔ دوم آنکہ چوں خواہی کہ معصیت کنی از ملک او بیروں رو او گفت عالم از آن اوست کجا روم ابراہیم رح گفت نیکو بنود کہ در ملک او باشی و در وی عاصی شوی سوم آنکہ چوں پی معصیت روی جای روکہ او ترا نہ بیند گفت او عالم اسرار است ابراہیم رح گفت نیکو بنود کہ در نظر وی معصیت کنی چہارم آنکہ چوں ملک الموت بیاید گوئی مہلت دہ تا توبہ کنم گفت از من چوں شود ابراہیم رح گفت چوں قادر نئی کہ ملک الموت را از خود دفع کنی پس تو ایں ساعت توبہ کن پنجم آنکہ چوں منکر و نکیر پیش تو آیند ہر دو را دفع کنی گفت ایں ہم نتوانم گفت جواب ایشاں را آمادہ دار ششم آنکہ چوں فردائے قیامت فرمان آید کہ گنہگاراں را بدوزخ برند تو بگو کہ من نمی روم راست است نہ کہ دروغ آں مرد گفت کہ تمام راست است آنچہ گفتی و توبہ کردم و براں بود تا وفات کرد قال علیہ السلام ‌و عائشۃ

کے عیبوں میں مشغول ہوتے ہو جو کوئی شخص ایسا ہو اس کی دعا کیونکر قبول ہو گی نقل ہے کہ ایک شخص ابراہیم ادہم رح کے پاس آیا اور کہا اے شیخ میں نے اپنی ذات پر بہت ظلم کیا ہے مجھ کو نصیحت کیجئے کہ میں اس کو اپنا امام بناوں ابراہیم ادہم رح نے کہا کہ اگر تجھ کو منظور ہو تو میری چھے باتوں پر عمل کر بعد ازاں تو جو کچھ کرے گا نقصان نہ ہو گا اول یہ کہ اگر تو گناہ کرتا ہے تو اس کا رزق مت کھا اس نے کہا رازق وہی ہے کہاں سے کھاوں کہا کہ یہ بات ٹھیک نہیں کہ اس کا رزق کھائے اور اس کا گنہگار بنے دوم یہ کہ جب تو گناہ کرنا چاہے تو اس کے ملک سے باہر چلے جا اس نے کہا کہ سارا جہاں اسی کا ہے کہاں جاوں ابراہیم رح نے کہا کہ یہ بات ٹھیک نہیں کہ اس کے ملک میں رہے اور اس کا گنہگار بنے سوم یہ کہ جب کوئی گناہ کرنا چاہے تو ایسی جگہ پر جا کہ وہ تجھ کو نہ دیکھے کہا کہ وہ بھیدوں کا جاننے والا ہے ابراہیم رح نے کہا کہ یہ بات ٹھیک نہیں کہ اس کے سامنے گناہ کرے۔ چہارم یہ کہ جب ملک الموت آئے تو کہنا کہ مہلت دے تاکہ توبہ کروں کہا کہ مجھ سے یہ کیونکر ہو ادہم رح نے کہا کہ جب تو ملک الموت کو روکنے پر قادر نہیں تو اسی وقت توبہ کرے پنجم یہ کہ جب منکر و نکیر تیرے پاس آئیں تو دونوں کو چلا دے کہا کہ یہ بھی نہیں ہو سکتا ابراہیم رح نے کہا کہ ان کے جواب کو تیار رکھ ششم یہ کہ جب قیامت کے دن گنہگاروں کو دوزخ میں لے جانے کا حکم آئے تو تو اوس وقت کہنا کہ میں نہیں جاتا (ابراہیم رح نے فرمایا) یہ باتیں درست ہیں یا نہیں اس مرد نے کہا کہ تو نے جو کچھ کہا سب درست ہے میں نے توبہ کی اور اپنے مرنے

ان اردت اللحوق بی فلیکفیك
من الدنیا کزاد الراکب و
ایاك ومجالسة الاغنیاء
ولاتستخلفی ثوبا حتی
ترقعیه وقال لما کان الیوم
الذی دخل رسول اللہؐ فی
المدینة اضاء منها کل
شئی فلما کان الیوم الذی
مات فیه اظلم فیها کل شئی
وما انفضنا ایدینا عن التراب
انا لفی دفنه حتی انکر قلوبنا
میل کرد دلہائے ما سوی دنیا ونیز معلوم باد
کہ فقیر ولی ابن یوسفؒ از دائرۂ بندگی میاں
سید خوندمیرؓ از برائے ملاقات بندگی میاں
نعمتؓ در جالور رفتہ بود چند ماہ در دائرہ
بندگی میاں نعمتؓ ماندم شاید کہ ہماں روز
یا روز دیگر سید دریا شہ ابن سید حمید از قلعہ جالور
فرود آمد وبندہ را برائے ملاقات بطلبید
بندہ گفت پیش بندگی میاں نعمتؓ رضا
بطلبید سید دریا شہ پیش میاں نعمتؓ
عرض کرد میاں نعمتؓ فرمودند میاں ولیؒ
ہیچ نخواہند خورد میاں ولیؒ را سہ دکرہ
زیاں خواہد شد ودر سہ دکرہ پائزار راست
نخواہد شد میاں سید دریا شہ خندیدہ
پیش بندہ آمدند بندہ گفت چہ می خندید بعدہ
میاں مذکور واقعہ حال گفت کہ میاں نعمتؓ

تک توبہ پر قائم رہا۔ فرمایا نبی علیہ السلام نے اے عائشہؓ
اگر تم مجھ سے ملنا چاہتی ہو تو دنیا سے اتنا ہی لو جتنا کہ سوار
کے ساتھ توشہ ہوتا ہے اور تو انگروں کی مجلس میں
بیٹھنے سے پرہیز کرو اور کپڑا اتنا مت چھوڑو کہ اٹھانے
کی ضرورت پڑے اور راوی نے کہا جس دن رسول اللہؐ
مدینہ میں داخل ہوئے تو مدینہ کی ہر چیز روشن ہوگئی اور جس
روز آپ کا وصال ہوا تو ہر چیز تاریک ہوگئی اور نہیں صاف
کیا ہم نے اپنے ہاتھوں کو مٹی سے بے شک
ہم آپ کے دفن میں تھے کہ ہمارے دلوں کا حال
متغیر ہوگیا۔ ہمارے قلوب دنیا کی طرف متوجہ
ہوگئے اور نیز واضح ہو کہ فقیر ولی ابن یوسفؒ
بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ کے دائرہ
سے بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ کی
ملاقات کے لئے جالور گیا تھا چند ماہ
بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ کے دائرہ میں
رہا شاید اسی روز یا دوسرے روز سید دریا شہ ابن
سید حمید جالور کے قلعہ سے آئے اور مجھے ملاقات
کے لئے طلب کیا میں نے کہا کہ بندگی میاں
نعمت رضی اللہ عنہ سے اجازت لو تو
سید دریا شہ نے میاں نعمتؓ سے عرض کیا میاں
نعمتؓ نے فرمایا کہ میاں ولی تو کچھ نہیں کھائیں گے
مگر میاں ولی رحمۃ اللہ کے تین پیسوں کا نقصان
ہو جائے گا۔ اور تین پیسوں میں جوتیاں (بھی) درست
نہ ہوں گی میاں سید دریا شہ ہنستے ہوئے میرے پاس
آئے میں نے کہا کیا ہنستے ہو تو میاں مذکور نے حقیقت
حال بیان کیا کہ میاں نعمت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

این چنیں فرمودند بعدہ میاں مذکور بندہ را
گفت اگر شما بیایند شاید کہ بشرم حضور شما
رضا بدہند چونکہ بندہ و سید دریا شہ پیش میاں
نعمت رضؓ رفتیم مارا ہمچناں فرمودند شما دانید
پائزار پارہ پارہ خواہد شد و سہ دکمہ راز یاں
خواہد شد بعد ازاں چند ماہ در دائرہ بندگی میاں
نعمت رضؓ ماندیم چوں خواستیم کہ طرف گجرات
رواں شویم میاں سلطان شہ فرمودند کہ
سید دریا شہ رنجش میکند بالائی قلعہ بردید
یک جالوری ہم ہر روزی طلبیدی کہ در خانہ
ما مہماں بیائید میاں سلطان شہ گفتند ماہ
رمضان بود شب در خانہ آں کس رفتیم بعد
از خوردن طعام فی الحال بالائی قلعہ رفتیم
شب آنجا ماندیم بعد از فجر از قلعہ فرود آمدیم
چنانچہ کسے دزدی و یا فسادی و یا خونی کردہ
بیاید ہمچناں در دائرہ آمدیم چند ساعت
در سینۂ بندہ لرزہ بماند مبادا بندگی میاں
نعمت رضؓ شنیدہ باشند و یا بشنوند۔ ای
عزیز آں وقتی بود صفت طالبان خدا ایں
چنیں بود قضا از جہت چیزی کار خود نبود
در خانہ اہل فراغ کسی بردہ و یا کسی
فرستادۂ آں اہل فراغ چیزی گذرانیدی
قبول نہ کردی اگر بسیار کوشش
کردہ بدادی بعد ازاں در خانۂ
آں کس نہ رفتی آہ ایں زماں حال ما ایں
چنیں شدہ است کہ مسعود فرمودہ است

نے اس طرح فرمایا اس کے بعد میاں مذکور نے مجھ سے
کہا کہ اگر تم ساتھ رہو گے تو شاید تمہارے لحاظ سے رضا
دیں چونکہ میں اور سید دریا شاہ ملکر میاں شاہ نعمت رضؓ
کے پاس گئے ہم کو بھی ویسا ہی فرمایا کہ تم جانو جوتیاں
پھٹ جائیں گی۔ اور تین بیسوں کا نقصان ہوجائے گا
اس کے بعد چند ماہ بندگی میاں نعمت رضؓ کے دائرہ
میں ہم نے اقامت کی جب ہم نے گجرات کو جانے کا قصد کیا
تو میاں سلطان شہ نے فرمایا کہ سید دریا شہ آزردہ ہوگا
قلعہ پر چلئے۔ ایک جالوری بھی اپنے گھر مہمان کرنے کیلئے
ہر روز درخواست کرتا تھا میاں سلطان شہ کہتے
تھے کہ رمضان کا مہینہ تھا رات کو اس کے گھر
گئے کھانا کھاتے ہی قلعہ پر چلے گئے رات کی رات میں
رہے صبح کو قلعہ سے اترے اسطور پر کہ کوئی شخص چوری
یا فساد یا خون کرکے آتا ہے اسی طرح دائرہ میں آئے
کچھ عرصہ تک اس خیال سے کہ کہیں بندگی میاں نعمت رضؓ
کو یہ کیفیت معلوم ہوچکی ہو یا معلوم ہوجائے میرے
سینہ میں لرزہ ہوتا رہا۔ اے عزیز وہ بھی ایک
وقت تھا کہ طالبان خدا کی صفت ایسی تھی۔ (حالانکہ
اتفاقاً طالب کی) تمنا پوری کرنی تھی ذاتی کام نہ تھا۔
اگر کوئی (طالب ہوئی) کسی دولت مند کے گھر جاتا
یا کوئی شخص کسی اہل فراغ کی بھیجی ہوئی
چیز گذرانتا تو بھی قبول نہ کرتے اگر بہت
کوشش کرکے دیتا تو پھر کبھی اس کے گھر نہ جاتے
افسوس ہے کہ اب ہمارا حال مسعود
کی رباعی کے موافق ہوگیا ہے۔

رباعی

منکہ مسعود بن سلیمانم
اینکہ من بندہ چپاکرنانم
گر بہ مشرق مرانماید نان
من بہ مغرب دہاں بجنبانم

ونیز کسی حسن بصری رضؓ راپرسید کہ شما یارانِ مصطفیٰؐ رادیدہ بودید گفت آری پس گفتند حال یارانؓ چگونہ بود جواب فرمود کہ اگر شمارا یارانِ مصطفیٰؐ دیدندی یارانِ مصطفیٰؐ شمارا کافر فرمودندی واگر شما یارانِ مصطفیٰؐ رادیدندی یارانؓ رادیوانہ گفتندے ونیز نقلست برادر میاں سومارؓ دوسہ کرت از جالور بہ گجرات آمدہ بود در خانہ خشوی خودو درخانہ موافقاں شاید می رفتہ باشد وخیلخانہ در وں دائرہ بود ایں خبر بندگی میاں نعمتؓ شنیدند کہ میاں سومار می آید ایک برادر ایک ونیم کروہ دوانیدہ و دہائی شرع داد کہ دردن دائرہ فقیراں نیائید بعدہ میاں مذکور سوگند سہ طلاق خورد کہ بعد ازاں از دائرہ بغیر فرستادہ بیروں نہ رویم وتحقیق بدانید کہ روش حضرت مہدیؑ وخلفاء مہدیؑ و طالبانِ حق ایں بود ورائے ایں روش ہمہ بدعت است اگر دریں باب نقلہا نوشتہ شود رسالہ بزرگ شود —

رباعی

میں مسعود بیٹا سلیمان کا ہوں
یہ کہ میں روٹی کا غلام ہوں
اگر مشرق میں مجھے روٹی دکھائی جائے
تو میں مغرب میں منہ کھولتا ہوں

اور نیز کسی نے حسن بصریؓ سے پوچھا کہ آپ نے یارانِ مصطفیٰؐ کو دیکھا ہے کہا ہاں پس لوگوں نے کہا کہ یاروں کا حال کیسا تھا جواب دیا کہ اگر تم کو یارانِ مصطفیٰؐ دیکھتے تو یارانِ مصطفیٰؐ تم کو کافر فرماتے اور اگر تم یارانِ مصطفیٰؐ کو دیکھتے تو تم ان کو دیوانے کہتے اور نیز نقل ہے کہ بھائی میاں سومار جالور سے گجرات میں اپنے سسرال کے گھر دو تین بار آئے تھے شاید مصدقوں کے وہاں بھی گئے ہوں ان کے قبیلہ کے لوگ دائرہ میں رہتے تھے یہ خبر بندگی میاں نعمتؓ نے سنی کہ میاں سومار آتے ہیں ایک برادر کو ڈیڑھ کوس دوڑا کر شرع کی دہائی دی کہ فقیروں کے دائرہ میں نہ آئیں اس کے بعد میاں مذکور نے تین طلاق کی قسم کھائی کہ اس کے بعد بغیر حکم کے دائرہ کے باہر نہیں جاؤں گا اور تحقیق کے ساتھ جانو کہ حضرت مہدیؑ خلفاء مہدیؑ اور طالبانِ حق کی یہی روش تھی اور جو روش کہ اس کے سوائے ہے بدعت ہے اگر اس باب میں نقول لکھے جائیں تو بڑا رسالہ بن جائے ۔

قال النبی علیہ السلام
اصحبوا مع اللہ وان لم
تستطیعوا فاصحبوا من
صحب مع اللہ۔

شعر

لوکان حبك صادقا لأطعته
ان المحب لمن یحب یطیع

قولہ تعالیٰ قل ان کنتم
تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم
اللہ ویغفرلکم ذنوبکم واللہ
غفور رحیم۔ قل اطیعوا اللہ و
الرسول فان تولوا فان
اللہ لا یحب الکفرین
قال علیہ السلام ولدی
من سلك طریقی قال
علیہ السلام ایتونی باعما
لکم ولا تاتونی بانسا
بکم قیل الجنۃ لمن
اطاع ولوکان عبدا
حبشیا و النار للعاصی
ولوکان سیدا قرشیا
قال علیہ السلام شـ
شرف المکان بالمکین
ونیز معلوم باد اگر کسی پیراہن کہنہ پیش
میاں نعمت رحمہ آوردند بندگی میاں

نبی علیہ السلام نے فرمایا تم
اللہ کے مصاحب بنو اگر تم
سے یہ نہیں ہو سکتا تو اللہ کے
مقربوں کے ہمنشین رہو۔

شعر

اگر تیری محبت سچی ہے تو ضرور تو اسکی اطاعت کریگا
تحقیق دوست دوست کا اطاعت گزار ہوتا ہے

فرمان باری ہے کہ کہدے اگر تم اللہ سے محبت
رکھتے ہو تو میری پیروی کرو خدا تم کو دوست
رکھے گا اور تمہاری مغفرت کرے گا۔ اور
اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ کہدے تم اللہ
اور رسول کی اطاعت کرو پس اگر تم پھر
جاؤ گے تو اللہ کافروں کو دوست نہیں
رکھتا نبی علیہ السلام نے فرمایا میری اولاد
وہ ہے جو میرے راستہ پہ چلے فرمایا
علیہ السلام نے تم میرے پاس اپنے اعمال
لاؤ اپنے نسب مت لاؤ کہا گیا جنت
اس کے لئے ہے جس نے اطاعت کی اگرچہ
غلام حبشی ہو اور دوزخ گنہگار کے لئے
ہے اگرچہ کہ سید قریشی ہو۔ فرمایا علیہ السلام
نے مکان کا شرف مکین سے ہے
اور نیز واضح ہو کہ اگر کوئی شخص پرانا
کرتا میاں نعمت رضی اللہ عنہ
کے حضور میں لاتا تو فرماتے کہ
بہتر یہ ہے کہ نیا دو خدائے تعالیٰ

نعمت رضی اللہ عنہ گفت کہ اولیٰ ترا اینست کہ
نو بدہید خدا ترا یاری بدہد و نیز نقلست
از میاں نعمت رضؓ چند طالبانِ حق بودند خلق
بر ایشاں حکم زندیقی کردند جلادرا گفتند
برو ایشاں را گردن بزن جلاد آنجا برد
کہ درد دانرا گردن می زنند از ایشاں یکی را
گفت بیا تا گردن بزنم یکی آمد گردن خود
فرو کرد دومی آمد گفت اول مرا بزن
سومی دوید و گفت اول مرا بزن چہارم
دوید ہ گفت اول مرا بزن پنجم دوید و گفت
کہ اول مرا بزن ہر یکی گردن خود فرو کرد و می
گفت اول مرا بزن جلاد گفت ہشیار باشید
کہ شمشیر تیز است گفتند ما ہشیاریم تو کار خود
لیباز بعدہ جلاد گفت دریں چہ مقصود است
شما ہر یکی ہمچناں میگوئید ایشاں گفتند ہر یکی
را مقصود اینست کہ تا آنزماں کہ مرا بزند
دیگری در یاد خدائے تعالیٰ باشد و ایں زیان
مرا شود و یکدم ہم از برادر ضائع نشود بعدہ
جلاد گفت کہ دین شما نیست فی الحال مسلمان
شد و بر بادشاہ دوید و شمشیر بہ تاب کرد
و گفت تو زندیقی کہ بر ایشاں حکم زندیقی
می کنی جلاد انچہ رفتہ بود پیش بادشاہ
گفت بادشاہ ایشاں را طلبید و گفت
شما را زندیق چرا می گویند ایشاں گفتند
شما دانید بادشاہ گفت شما را یک مسئلہ بپرسم
مرا جواب دہید گفتند چرا نہ پرسید زکوٰۃ بہ چند مال

تمہاری مدد کرے۔ اور نیز میاں نعمت رضؓ سے منقول
ہے کہ چند طالبان مولیٰ تھے مخلوق نے ان کو زندیق
کہا اور جلاد سے کہا کہ جا اور ان کی گردن مار
جلاد نے ان کو چوروں کی گردن مارنے کی جگہ
پر لے گیا اور ان میں سے ایک کو کہا آ تا کہ گردن
ماروں ایک شخص آیا اور اپنی گردن جھکا
دی دوسرے نے آکر کہا اول مجھ کو مار تیسرا دوڑ
کر کہا اول مجھ کو مار چوتھا دوڑ کر کہا اول مجھ کو مار
پانچواں دوڑا اور کہا کہ اول مجھ کو مار ہر شخص اپنی گردن جھکاتا اور کہتا کہ اول
مجھ کو مار جلاد نے کہا ہشیار ہو جاؤ کہ شمشیر تیز ہے انہوں نے کہا ہم
ہشیار ہیں تو اپنا کام کر اس کے بعد جلاد نے کہا کہ
اس میں تمہارا کیا مقصود ہے جو تم سب اس طرح کہتے ہو۔
انہوں نے کہا کہ ہر ایک کا مقصود یہ ہے
کہ جب تک میری گردن مارے دوسرا
خدائے تعالیٰ کی یاد میں رہے اور یہ میرا
ذاتی نقصان ہوگا اور ہمارے بھائی
کا ایک دم بھی ضایع نہ جائے گا اس کے
بعد جلاد نے تمہارا یہ دین ہے کہہ کر اسی وقت
مسلمان ہوگیا اور بادشاہ پر دوڑا شمشیر
اٹھائی اور کہا کہ تو زندیق ہے جو ان پر
زندیق کا حکم کرتا ہے جلاد نے جو کچھ واقعہ
گذرا تھا بادشاہ سے کہا بادشاہ نے
ان کو طلب کیا اور کہا کہ تم کو زندیق کس
لئے کہتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ آپ
کو معلوم۔ بادشاہ نے کہا میں تم سے ایک
مسئلہ پوچھتا ہوں مجھ کو اس کا جواب دو کہا کہ کیوں

است گفتند زکواۃ شما یا ما بادشاہ گفت ہمیں
جہت شمارا زندیق می گویند انچہ زکواۃ شریعت
است مرا بگوئید گفتند از دو و لیست
درم پنج درم است بادشاہ پرسید کہ
زکواۃ شما چیست گفتند انچہ جمع کردہ
بودند دو و لیست درم دراں پنج درم
آمیختہ ہم برائے اللہ بدہند بلکہ پنج
تازیانہ برخود بزنانند کہ متوکل و طالب
حق را جمع کردن جائز نیست۔

در صدر شہاں شدم بتاویل
مشغول شدم بسے بہ تحصیل
بشنو پسرا بیان حالت
علم جدل است قیل وقالت
بسیار شم بروز پیوست
جز باد ہوا بنود در دست
علمی کہ خدای داں شوی تو
این نیست ہمیں کجا روی تو
سعدی بشوی لوح دل از نقش غیر او
علمی کہ رہ بحق نہ نماید جہالت است
علمی کہ ترا ز تو لستاند جہل
جہل از آں علم بہ بود صد بار

کما قال سبحانہ وتعالیٰ
فاعلم انہ لا الٰہ الا اللہ۔ قال
العلم دانستن یعنی دانستن حق

علمت ز عمل چو بے نصیب است
اسلام بشہر تو غریب است

نہیں۔ پوچھا کہ زکواۃ کتنے مال کے لئے ہے کہا کہ تمہاری
زکواۃ یا ہماری بادشاہ نے کہا کہ اسی وجہ تو تم کو زندیق
کہتے ہیں جو کچھ شریعت کی زکواۃ ہے مجھ کو کہو کہا کہ دو سو
درم کی پانچ درم ہے بادشاہ نے پوچھا کہ تمہاری
زکواۃ کیا ہے کہا کہ ہم نے دو سو درم جو جمع کئے اس
میں اور پانچ درم شریک کر کے خدا کی راہ میں دینا
اس پہ پانچ کوڑے بھی کھانا ہے کیوں کہ متوکل
اور طالبِ حق کے لئے جمع کرنا
جائز نہیں

میں تاویل (توجہ نیک کے ذریعہ سے) بادشاہوں کے صدر مقام تک گیا
مشغول رہا بہت عرصہ تک تحصیل میں
اے لڑکے تیرے حال کی حقیقت سن
تیرا قیل وقال علم جدل ہے
میری بہت سی راتیں دن سے ملیں (شب بیدار رہا)
حرص کی ہوا کے سوائے میرے ہاتھ کچھ نہ آیا
جس علم سے تجھے خدا کی معرفت نصیب ہو
یہ وہ نہیں ہے تو کہاں جاتا ہے
اے سعدی تو اپنے دل کی تختی کو غیر حق کے نقش سے صاف کر
جو علم کہ خدا کا رستہ نہ دکھلائے جہالت ہے
جو علم کہ تجھ سے تیری جہالت کو دور نہ کرے
اس علم سے سو بار جہل اچھا ہے

جیسا کہ فرمایا خدائے پاک و برتر نے کہ پس تو لا الٰہ
الا اللہ کو جان۔ کہا ہے کہ علم کا معنی جاننا ہے
یعنی حق کو جاننا ہے۔

جب تیرا علم عمل سے دور ہے
تو اسلام تیرے شہر میں نادر ہے

از علم وعمل مباش مغرور
میداں ہمہ را ہَبَاءً منثور
علمت ہمہ رخصت است وحیلہ
ایں حیلہ شود ترا عقیلہ

ولیس علی تحقیق المعرفۃ من یغتر بکثرۃ العلم والعبادۃ لان ابلیس کان معلم الملکوت بالعلم درمیان مدرسہ وی بست ہزار دوات جمع شدند دریں قلم توحید حق تعالیٰ می نوشتند قال علیہ السلام ان اشد الناس عذابا یوم القیمۃ عالم لا ینفعہ اللہ بعلمہ قال ع اعوذ باللہ من علم لا ینفع وروی ان رجلا من بنی اسرائیل جمع ثمانین تابوتا من العلم ولم ینتفع بعلمہ از میاں دلاور رض منقول است کہ حضرت میراں علیہ السلام درحق کسانیکہ بازگشتہ بہ گجرات رفتند حکم مرتدی کردند میاں سید خوندمیر رض ومیاں نعمت رض بیکدیگر گفتند ما نیز رفتہ بودیم حال ما چیست میاں نعمت رض پیش حضرت میراں علیہ السلام عرض کردند میراں علیہ السلام مراقبہ کردند بعدہ فرمودند کہ فرمان می شود کہ قبول شدند المقصود خوشنودی تمام مہاجراں رض

علم اور عمل سے مغرور مت ہو
اپنی ہر چیز کو پراگندہ غبار سمجھ
تیرا تمام علم رخصت اور حیلہ ہے
یہ حیلہ تیری بیڑی بن جائے گا

جو آدمی کثرت علم وعبادت پر مغرور ہو اس کو معرفت کی تحقیق نہیں ہوتی کیونکہ ابلیس علم میں فرشتوں کا استاد تھا۔ اس کے مدرسہ میں بیس ہزار دواتیں جمع تھیں اس میں قلم حق تعالیٰ کی توحید لکھتا تھا فرمایا علیہ السلام نے کہ قیامت کے روز سب سے زیادہ سخت عذاب اس عالم کو دیا جائے گا جس کو اللہ نے اس کے علم سے نفع نہ پہونچایا ہو۔ فرمایا علیہ السلام نے کہ میں علم بے نفع سے خدا سے پناہ مانگتا ہوں اور مروی ہے کہ بنی اسرائیل کے ایک آدمی نے اسی تابوت (الماریاں) علم کے جمع کئے اور اپنے علم سے نفع نہیں اٹھایا۔ میاں دلاور رض سے منقول ہے کہ حضرت میراں علیہ السلام نے ان اشخاص کے حق میں جو لوٹ کر گجرات گئے مرتدی کا حکم فرمایا میاں سید خوندمیر رض ومیاں نعمت رض نے آپس میں کہا کہ ہم بھی گئے تھے ہمارا کیا حال ہے میاں نعمت رض نے حضرت مہدی ع کے حضور میں عرض کیا مہدی ع نے ایک لمحہ مراقبہ کرکے فرمایا کہ فرمان ہوتا ہے کہ مقبول ہیں المقصود طالب مولیٰ موافقوں کے گھر کھانے کے لئے جانے میں تمام مہاجران مہدی علیہ السلام

بنود کہ طالب حق بخانۂ موافقاں برای طعام خوردن رود بلکہ موافقاں را منع کردندی وگفتندی کہ بندگان خدای را خوار مکنید و مال خود را ضائع مکنید اگر در راہ خدا خرچ کردن میخواہید آں فقیراں را بدہید کہ بر خدائے تعالیٰ توکل کردہ استغنا کردہ اند شما را دریں اجر نیست بلکہ خود را و بندگان خدای را خوار کنید کہ در توکل ایشاں خلل می انگنید ہر کہ بخانہ شما می آید با او معاملہ مکنید تا او را عادت نشود نقلست کہ بعضے مہاجران رضؓ را حضرت میراں عؑ فرمودند ہر کہ منتظر فتوح باشد متوکل نباشد و نیز فرمودند ہر کہ از ساکنان دائرہ بدر خانہ اغنیا بگذرد و اغنیا او را چیزی بدہند یا بر دائرہ بفرستند فتوح نباشد نباید خورد و مرشد دائرہ نباید ستد حضرت میراں عؑ فرمودند ہر چہ بے اختیار بندہ را بموافقت شرع میرسد حلال است در منہاج العابدین آوردہ است روی ابن مسعودؓ عن النبیؐ انہ قال اتدری من التائب قال لا قال اذا تاب العبد ولم یرض الخصماء فلیس بتائب ومن تاب ولم یتغیر لباسہ فلیس بتائب ومن تاب ولم یتغیر مجالسہ فلیس بتائب ومن تاب ولم یقنع ولم یقصر املہ فلیس

کی خوشنودی نہ تھی بلکہ موافقوں کو منع کرتے اور کہتے کہ بندگان خدا کو ذلیل مت کرو اور اپنے مال کو ضائع مت کرو اگر خدا کی راہ میں خرچ کرنا چاہتے ہو تو ان فقیروں کو دو جو خدائے تعالیٰ پر توکل کر کے بے پروا ہو گئے ہیں تمہارا اس میں فائدہ نہیں بلکہ تم خود کو اور بندگان خدا کو ذلیل کرتے ہو کہ ان کے توکل میں خلل پیدا کرتے ہو جو فقیر کہ تمہارے یہاں آئے اس کے ساتھ معاملہ مت کرو تاکہ اس کو عادت نہ ہو چنانچہ نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ نے بعضی مہاجروں کو فرمایا کہ جو فقیر فتوح کا منتظر رہے وہ متوکل نہیں اور نیز فرمایا دائرہ کے رہنے والوں سے جو فقیر دولت مندوں کے گھر جائے اور دولت مند اس کو کوئی چیز دے یا اس کے ذریعے دائرہ میں بھیجے تو وہ فتوح نہ ہوگی نہیں کھانا چاہیئے دائرہ کے مرشد کو بھی چاہیئے کہ وہ چیز نہ لے حضرت مہدی عؑ نے فرمایا جو چیز بے اختیار شرع کے موافق بندہ کو پہونچتی ہے وہ حلال ہے منہاج العابدین میں منقول ہے کہ روایت کی ابن مسعود رضؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تو جانتا ہے کہ تائب کون ہے کہا نہیں فرمایا جب بندہ توبہ کرے اور دشمن راضی نہ ہوں تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس کا لباس نہ بدلے تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس کی مجلس نہ بدلے تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے

بتائب ومن تاب ولم
يحفظ لسانه فليس بتائب
ومن تاب ولم يقدم فضله
فليس بتائب ومن تاب
ولم يتغير طعامه فليس
بتائب فاذا ثبت للعبد
هذه الخصال فذلك تائب
حقا تمام شد کار قال علیہ السلام
اياك والملوك فان
خالفوك قتلوك وان
وافقوك اضلوك۔ حضرت میراں
علیہ السلام دائم ایں چنیں می فرمودند کہ
تسلیم کنید ذات خود را بخدائے تعالیٰ
بہیچ کس نہ پردازید و ہیچ نخواہید جز ذات
حق تعالیٰ یک ذرہ با مخلوق احتیاج نہ
نمائید گروہ نبی علیہ السلام مشہور بدیں
نام اصحاب صفہ موصوف بدیں صفات
باشند زیرا کہ ایشاں مامور باتباع خلیل
صلوات اللہ علیہ اند کما قال
اللہ تعالیٰ ومن احسن
دينا ممن اسلم وجهه
لله وهو محسن واتبع
ملة ابراهيم حنيفا۔ کہ
ہمہ حال تسلیم باشد میاں سید خوندمیر
رضی اللہ چوں برائے دعوت نشستے در بیان
اکثر ایں ابیات خواندی۔

اور قناعت نہ کرے اور اس کی آرزو نہ گھٹے
تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس
کی زبان محفوظ نہ ہو تو وہ تائب نہیں ہے اور
جو توبہ کرے اور اپنے فضل کو آگے نہ بڑھائے
تو وہ تائب نہیں ہے اور جو توبہ کرے اور اس کا کھانا
نہ بدلے تو وہ تائب نہیں ہے پس جب بندہ کے لئے
یہ خصلتیں ثابت ہوں تو وہ بے شک تائب
ہے تمام ہوا کام (یعنی توبہ کامل ہوئی) فرمایا نبی ؑ
نے تم بادشاہوں سے احتراز رکھو اگر وہ تمہاری
مخالفت کریں گے تو تم کو قتل کریں گے اور اگر
تمہاری موافقت کریں گے تو تم کو گمراہ کریں گے
حضرت مہدی علیہ السلام ہمیشہ یہی (ہدایت) فرماتے
تھے کہ اپنی ذات کو خدائے تعالیٰ کے حوالے کر دو
کسی شخص کے ساتھ (باتوں میں) مشغول مت ہو
اور کوئی چیز مت چاہو حق تعالیٰ کے سوا
مخلوق سے ایک ذرہ کی احتیاج مت رکھو نبی ؑ
کا گروہ جو اصحاب صفہ کے نام سے مشہور ہے
ان صفات (مذکورہ) سے موصوف ہے اس لئے کہ وہ
خلیل صلوات علیہ کی اتباع کے لئے مامور ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے اور اس سے بہتر کس کا دین ہو سکتا
ہے جس نے جھکا دیا اپنا منھ اللہ کے لئے اور وہ
نیکی میں لگا ہوا ہے اور چل رہا ہے ابراہیم
کے مذہب پر جو ایک اللہ کے ہو رہے تھے یعنی
ہر حال میں خدا کا ہو رہے۔ حضرت میاں سید خوندمیر رضؓ
جب دعوت کے لئے بیٹھتے تھے تو بیان میں اکثر
یہ ابیات پڑھتے۔

خدا از عابداں آں را گزیند
کہ در راہ خدا خود را نہ بیند
خاک شو خاک تا بروید گل
کہ بجز خاک نیست مظہر گل
ہرگز نہ شوی شیر بیابان حقیقت
تا خوار شدہ چوں سگ بازار نگردی

وحضرت میراں علیہ السلام در وقت خواندن ایں بیت بہ زبان مبارک فرمودی ما خوارانیم

مثنوی

در زمان مصطفیٰؐ ایں ہر چہار
بود دائم بر صحابہؓ آشکار
جوع و جانبازی و ذل و غربت است
چوں بود ایں چار پنجم قربت است

یقول اللہ عزوجل۔ الناس یطلبون رضائی وانا اطلب رضائک یامحمد روی عن موسیٰؑ صلوات اللہ علیہ کما قال سبحانہ وتعالیٰ فقال رب انی لما انزلت الی من خیر فقیر (جزء ۲۰ رکوع ۶) فقال الٰھی انا فقیر انا غریب انا مریض قال تبارک اللہ تعالیٰ یا موسیٰ الفقیر الذی لیس لہ مثلی نصیب والمریض الذی لیس لہ مثلی طبیب والغریب الذی لیس لہ مثلی

خدا عابدوں میں سے ان کو قبول کرتا ہے
جو خدا کی راہ میں خود کو نہیں دیکھتے
خاک بن خاک تاکہ پھول اُگے
کیونکہ سبزے کے ظہور کی جگہ کے سوا دوسری چیز نہیں
حقیقت کے جنگل کا شیر تو ہرگز نہیں بنے گا
جب تک کہ بازاری کتے کی طرح ذلیل و خوار نہ پھرے

اور حضرت مہدیؑ یہ بیت (ہرگز نشوی الخ) پڑھتے وقت زبان مبارک سے فرماتے کہ ہم خوار ہیں۔

مثنوی

مصطفیؐ کے زمانہ میں یہ چاروں (صفتیں)
ہمیشہ صحابہ پر ظاہر تھیں
بھوک جان پر کھیلنا ذلت اور غربت
جب یہ چاروں جمع ہو جائیں پانچویں قربت ہے

اللہ عزوجل فرماتا ہے۔ لوگ میری رضا طلب کرتے ہیں اور اے محمد میں تیری رضا طلب کرتا ہوں موسیٰ صلوات اللہ علیہ سے مروی ہے جیسا کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا پس کہا اے رب تو جو اتارے میری طرف اچھی چیز میں اس کا محتاج ہوں۔ پس کہا یا اللہ میں فقیر ہوں غریب ہوں میں بیمار ہوں تو فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ نے اے موسیٰ فقیر وہ ہے جس کو میرا مثل نصیب نہ ہو اور مریض وہ ہے جس کو میرے جیسا طبیب نہ ہو اور غریب وہ ہے جس کے لئے میرے جیسا حبیب نہ ہو۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے محمد اگر تو ایمان کی حلاوت پانا

حبیب۔ قال اللہ تعالیٰ یا محمد
ان احببت ان تجد حلاوۃ
الایمان فجوع نفسک والزم
لسانک الصمت والزم نفسک
خشیۃ وخوفا ابدا والزم
نفسک العنا لا تستریح ابدا
فان فعلت ذٰلک فلعلک تسلم
وان لم تفعل ذٰلک فانت
من الھالکین۔ روی عن
بشیر بن الحارث انہ قال
ان العبد لیقرأ ایاک نعبد
وایاک نستعین فیقول اللہ
تعالیٰ کذبت ما ایای تعبد
لا ایای تستعین لو کنت
تعبد ایای لم توثر ھواک
علی رضای ولو کنت تستعین
بی لم تسکن الی حیلک
وقوتک ولا الی اھلک

مارا نہ مرید ورد خواں می باید
نے زاہد و حافظ قرآں می باید
صاحب دل و سوختہ جانی باید
آتش زدہ بہ خان و ماں می باید

حضرت میراں علیہ السلام ہم ایں چنیں رخصت
ندادند بلکہ در حق طالبان حیات دنیا آیتہا
مذکورہ وغیرآں فرستادہ ونیز معلوم باد
کہ رسول ؐ را در معراج ایں چنیں فرمان شد

چاہتا ہے تو اپنے نفس کو بھوکا رکھ اور
اپنی زبان کے لئے خاموشی کو لازم کر لے
اور اپنے نفس کے لئے خوف کو ہمیشہ لازم
کر لے اور تکلیف کو لازم کر لے کبھی آرام نہ
لے اگر تو ایسا کرے گا تو شاید تو سلامت رہے
اور اگر ایسا نہ کرے تو تو ہلاکین سے ہے۔
مروی ہے بشیر ابن حارث سے کہ فرمایا بندہ
ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھتا ہے تو اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے اے بندے تو نے جھوٹ
کہا نہ تو میری عبادت کرتا ہے اور نہ مجھ سے
ہی مدد چاہتا ہے اگر تو میری عبادت کرتا تو
اپنے خواہش نفسانی کو میری رضا پر ترجیح
نہ دیتا اور اگر تو مجھ سے ہی مدد چاہنے
والا ہوتا تو تیرے لئے تیری زمین
تیرے کھانے پینے کی چیزیں
اور تیرے عورت بچے باعث سکون
نہ ہوتے

ہم کو نہ وظیفہ پڑھنے والا مرید چاہئے
اور نہ زاہد اور قران کا حافظ چاہئے
صاحب دل اور سوختہ جان چاہئے
جس کے گھر اور مال کو آگ لگی ہو وہ چاہئے

حضرت مہدی علیہ السلام نے بھی ایسی رخصت
نہیں دی بلکہ دنیا کی زندگی کے طالبوں کے
حق میں آیات مذکورہ وغیرہ بیان فرمایا اور
نیز واضح ہو کہ رسول ؐ کو معراج میں اس طرح فرمان ہوا کہ

يا احمد لو صلى العبد صلوٰة
اهل السماء والارض وطوى
من الطعام مثل الملٰئكة حتى
يا كل شيئا كاولياء العارفين
ويلبس لباس الضان ثم
رأى في قلبه من حب الدنيا
مثقال ذرة او من سمتها
او من محمدتها او من عجبها
او كبرها او رياستها وحبها
او حليها او زينتها او اكثر
منها او ادنٰها لا يجاورني
في داري ولانزعن من قلبه
محبتي وعليك سلامي ورحمتي
ولاظلمن عليه قلبه حتى
ينساني ولا اذيق محبتي
وعليك رحمتي فاعمل
بوصيتي واطلب مرضاتي
واوص بذلك امتك فان
فيه نجاتهم قال ع ليجيئن
اقوام يوم القيامة لهم حسنات
كامثال الجبال فيؤمر بهم
الى النار فقيل يا نبي الله
ا يصلون ويصومون قال ع
نعم يصلون ويصومون ويا
خذون وهنا من الليل
لكنهم كانوا اذا لاح لهم شئ

اے احمد اگر کوئی بندہ اہل سماوارض کے برابر نماز
پڑھے اور ملائکہ کے مانند کھانے سے باز رہے اور
اولیاء عارفین کی طرح غذا استعمال کرے
اور بکرے کی کھال کا لباس پہن لے اور پھر اپنے
دل میں ذرہ برابر دنیا کی محبت یا دنیا کی کچھ علامت
یا دنیا کی تعریف یا فخر یا کبر یا حکومت یا محبت
زیور یا زینت کی بیش وکم دیکھے تو وہ میرے
گھر میں میرا مجاور نہ ہوگا اس کے دل سے
میں اپنی محبت نکال لوں گا۔ اور تجھ پر
میرا سلام اور رحمت ہو اور البتہ
میں اس کا دل تاریک بنا دوں گا
حتیٰ کہ وہ مجھ کو بھول جائے گا
اور میں اس کو اپنی محبت کا ذائقہ نہیں
چکھاؤں گا اے محمدؐ تجھ پر میری رحمت ہو
پس تو میری وصیت کے موافق عمل کر اور میری
خوشنودی کا طالب رہ اور اپنی امت کو بھی انھیں
باتوں کی تعلیم دے کیوں کہ اس میں ان کی نجات
ہے فرمایا ع نے کہ قیامت کے دن ایسی قومیں
آئیں گی جن کی نیکیاں پہاڑوں کی جیسی ہوں گی
اور ان کو دوزخ کی طرف لے جانے کا حکم
ہوگا تو عرض کیا گیا اے نبی اللہ کے
کیا وہ لوگ نماز نہیں پڑھتے
تھے اور کیا وہ لوگ روزے نہیں
رکھتے تھے تو آپ نے فرمایا ہاں
وہ نماز پڑھتے تھے روزے رکھتے
تھے اور پچھلی رات کو اٹھ کر اللہ

من الدنیا وثبوا علیه پس کسانیکه این صفت ها دارند سوی ایشان میل کردن حضرت میران علیه السلام منع کرده اند وصحبت کردن والفت کردن و درخانه ایشان رفتن منع کرده اند کما قال سبحانه وتعالیٰ ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار وما لکم من دون الله من اولیاء ثم لا تنصرون (جز ۱۲ رکوع ۱۰) وعن الحسین جعل الله الدین بین الاثنین لا تطغوا و لا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار ۔ الخ قال ابوسفیان فی جهنم واد لا یسکنه الا الفقراء الزائرون الملوک قال عم الذباب علی العذرة احسن من الفقهاء علی باب السلاطین ۔ وعن الاوزاعی ما من شئ ابغض الی الله من عالم یزور عاملا یعنی آمیخته ۔ وقال رسول اللهؐ من دعی ظالما بالبقاء فقد احب ان یعصی الله فی ارضه وقیل سئل عن ظالم اشرف علی الهلاک فی بریة یستقی شربة فقال

کی عبادت بھی کرتے تھے لیکن ذرا دنیا ان پر ظاہر ہوتی تھی تو اس پر اچھل پڑتے تھے پس جو لوگ یہ صفتیں رکھتے ہیں ان کی طرف میل کرنے سے حضرتؑ مہدی علیہ السلام نے منع فرمایا ہے اور ان کے ساتھ صحبت رکھنے اور دوستی کرنے اور ان کے گھروں کو جانے سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم ظالموں کی طرف مائل مت ہو (ورنہ) آ لگے گی تم کو آگ اور کوئی نہیں تمہارا اللہ کے سوا مددگار پھر کہیں بھی مدد نہ پاؤ گے۔ اور حسینؓ سے مروی ہے کہ اللہ نے دین کو دو چیزوں کے درمیان رکھا ہے مت سرکشی کرو اور مت مائل ہو طرف ان لوگوں کے جنہوں نے ظلم کیا پس تم کو آگ چھو لے گی الخ کہا ابو سفیان نے کہ جہنم میں ایک وادی ہے جس میں وہی فقراء رہیں گے جو سلاطین کی ملاقات کو جایا کرتے تھے فرمایا نبیؐ نے گوہ پر بیٹھنے والی مکھی بادشاہوں کے پاس جانے والے عالموں سے بہتر ہے اور اوزاعی سے مروی ہے کہ اللہ کے پاس اس عالم سے زیادہ مبغوض یعنی قابل بغض کوئی چیز نہیں ہے جو حاکم کی ملاقات کے لئے جائے۔ یعنی (حاکموں سے) ملا رہے۔ اور فرمایا رسول اللہؐ جس نے ظالم کو زندہ رہنے کی دعا دی تو تحقیق اسے اس بات کو دوست رکھا کہ وہ نافرمانی کرے خدا کی اس کی زمین میں۔ اور کہا گیا سوال کیا گیا ایک ظالم کے بارے میں جو

لا وقیل له یموت قال دعوه حتی یموت۔ فی المدارك وقال اهل العلم والمعرفة رویة وجه الظالم تسود القلب وقال صحبة الاغنیاء واهل الدنیا یمیت القلب فاذا مات قلب المؤمن نعوذ بالله منها صار حجرا ومدرا فیقول المؤمن ما شاء ویقول لا یحل للفقراء ان یجالسوا الملوك والسلاطین لان قلبهم یموت بصحبتهم کما روی عن علی بن ابی طالب رض صحبت الملوك فتنة و سم قاتل لا دواء له وقوله فی اقامة السلوك والریاضة ترك الدنیا وصحبت الاغنیاء والملوك وهواء نفسه وروی عن الحسن البصری رح عن امیر المؤمنین علی بن ابی طالب رض قال اذا رایت رجلا یخالط الناس بغیر حاجة ویطلب الدنیا ثم یطلب المولی فاعلم انه زندیق مردود ولصوص الدین وقطاع الطریق۔ روی عن ابی یزید انه قال طالب الدنیا لا یکون

مرنے کے قریب ہو کسی جنگل میں کہ اس کو پانی پلایا جائے یا نہیں تو فرمایا کہ نہیں اور کہا گیا کہ وہ مرجائے گا تو فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو حتیٰ کہ مرجائے۔ یہ مدارک میں ہے اہل علم و معرفت نے کہا ہے کہ ظالم کا منھ دیکھنے سے دل کالا ہوتا ہے اور فرمایا تو انگروں اور دنیا داروں کی صحبت سے دل مرجاتا ہے اور جب مومن کا دل مرجائے تو اس سے ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں کہ وہ پتھر یا ڈھیلا ہو گیا۔ پس کہنے لگتا ہے جو چاہتا ہے اور ایک قول ہے کہ فقراء کو بادشاہوں کی مجلس میں بیٹھنا جائز نہیں کیونکہ ان کا دل بادشاہوں کی صحبت سے مرجاتا ہے چنانچہ حضرت علی رض سے مروی ہے کہ سلاطین کی صحبت فتنہ ہے اور سم قاتل ہے جس کی دوا نہیں۔ سلوک اور ریاضت کے قائم کرنے کے بارے میں آپ کا (حضرت علی رض) کا ایک قول یہ بھی ہے کہ دنیا اور تو انگروں اور بادشاہوں کی صحبت اور خواہش نفسانی کو چھوڑنا ہے۔ اور حسن بصری رح سے بہ روایت امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ مروی ہے کہا جب تو کسی آدمی کو دیکھے کہ بے ضرورت لوگوں سے ملتا ہے اور دنیا کا طلب گار ہے اور پھر مولیٰ کی طلب کا دعویٰ بھی کرتا ہے تو جانو کہ وہ زندیق ہے اور مردود ہے اور دین کا چور ہے اور راہزن ہے۔ ابو یزید سے مروی ہے کہ اس نے کہا طالب دنیا طالب مولیٰ

طالب المولیٰ واختلاط اھل
الدنیا شرك للسالکین
فی طریق طلب المولیٰ روی
عن جنیدؒ قال یحرم علی
الفقیر فی جمیع المذاھب
ان یخالط اھل الدنیا ویجیٔ
الی الملوك والسلاطین
وقال علیہ السلام ایاك
والملوك فان خالفوك
قتلوك وان وافقوك اضلوك
ومصطفیٰ را این فرمان است (قولہ
تعالیٰ) واصبر نفسك مع الذین
یدعون ربھم بالغدوۃ
والعشی الأیۃ وآیت دیگر ولا
تمدن عینیك الیٰ ما متعنا بہ
ازواجا الأیۃ قال علیؓ
بئس الفقیر من یاتی
علیٰ باب الامیر وخیر الامراء
من یاتی علیٰ باب الفقیر
وقال النبیؐ اذا جاء السلوك
علیٰ باب الملوك بئس السلوك
وبئس الملوك واذا جاء الملوك
علیٰ باب السلوك نعم السلوك
ونعم الملوك وقال علیہ السلام
العلماء امناء اللہ ما لم یخالطوا
الملوك فاذا خالطوھم فاحذروھم

نہیں ہوتا اور اہل دنیا سے میل
جول رکھنا راہ طلب مولیٰ کے چلنے والوں
کے لئے شرک ہے حضرت جنیدؒ سے مروی ہے کہا
ہر مذہب میں فقیر پر اہل دنیا سے
میل جول رکھنا اور ملوک و سلاطین کے پاس
آمد و رفت رکھنا حرام ہے اور فرمایا علیؑ نے تم بادشاہوں
سے بچو اگر تمہارے مخالف ہو جائیں تو تم
کو قتل کریں گے اور اگر موافق ہوں تو تم کو گمراہ
کریں گے اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرمان
ہوا (قولہ تعالیٰ) تو اپنے نفس پر صبر کر ساتھ ان
لوگوں کے جو اپنے رب کو صبح و شام پکارتے ہیں۔
اور دوسری آیت یہ کہ تو اپنی آنکھوں کو ہماری
عطا کردہ متاع یعنے ازواج کی طرف مت پھیلا الخ
فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بُرا فقیر امیر
کے دروازہ پر جانے والا اور اچھا امیر فقیر کے
پاس آنے والا ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے جب سالکین بادشاہوں کے دروازے
پر آجائیں تو برے سالک ہیں اور بادشاہ
بھی برے ہیں اور جب سلاطین سالکین کے
ہاں آئیں تو وہ سالکین بھی اچھے ہیں اور
سلاطین بھی۔ فرمایا علیہ السلام
نے علماء اللہ کے امانت دار ہیں
جب تک کہ بادشاہوں سے میل
جول پیدا نہ کریں تو ان سے
پرہیز کرو لیس تحقیق کہ وہ دین کے
چور ہیں اور رہزن ہیں۔ اور جو شخص کہ

فانہم لصوص الدین وقطاع الطریق۔ وکیکہ درخانۂ ایشاں برود چیزی بخورد حضرت رسول علیہ السلام چنین فرمودہ اند لاتغتروا بالاخباز الابیاض للامراء فانہا مخلوطۃ بدم المسلمین ظلموا بالمظلومین فمن اکل من سماط الملوک قطع اللہ شفتاہ بمقاریض النار ونیز نقلست کہ حضرت میرانؑ از شہر جالور رواں شدند و بطرف خراسان ہجرت کردند تا آنجا کہ ولایت مسلمان بود حضرت میرانؑ تاکید میکردند ومی فرمودند مبادا کسی از کشتہای ایشاں چیزی از برائی خوردن بگیرد وچونکہ در ملک کفرستان رسیدند وفرمودند کہ اگر کسی مضطر باشد آنرا باید کہ از کشتہای ایشاں بخورد چراکہ ایشاں حربی اند پس حضرت میرانؑ کلمہ گویاں را ایں چنیں رعایت داشتند۔ کقولہ تعالیٰ قالت الاعراب اٰمنا قل لم تؤمنوا ولٰکن قولوا اسلمنا وحضرت میرانؑ ایں آیت را بایں طریق بیان فرمودند کیکہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ بگوید از ایشاں جزیہ نباید گرفت و بیگار ایشاں را نباید گرفت و زنانِ ایشاں را بغیر نکاح تصرف

ان کے گھر کو جائے اور کوئی چیز کھائے تو حضرت رسول علیہ السلام نے اس طرح فرمایا کہ تم امیروں کی سپید روٹیوں پر دھوکہ مت کھاؤ کیوں کہ مسلمانوں کے خون اور مظالم سے ملی ہوئی ہیں اور جو بادشاہوں کے دستر خوان سے کھائے گا تو اللہ آتش کی قینچیوں سے اس کے ہونٹ کاٹے گا۔ اور نیز نقل ہے کہ جب حضرت مہدی علیہ السلام نے شہر جالور سے نکل کر خراسان کی طرف ہجرت کی جہاں تک مسلمانوں کی سرحد تھی حضرت مہدی علیہ السلام تاکید کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص ان کی کھیتوں میں سے کھانے کے لئے لے اور جب بت پرستوں کے ملک میں پہونچے تو فرمایا کہ جو شخص مضطر ہو جائے تو وہ ان کے کھیتوں میں سے کھا سکتا ہے اس لئے کہ یہ لوگ حربی ہیں پس حضرت مہدی علیہ السلام نے کلمہ گویوں کی اس قدر رعایت فرمائی مانند قول اللہ تعالیٰ کے کہا اعراب نے ہم ایمان لائے کہہ تم ایمان نہیں لائے لیکن تم کہو ہم مسلمان ہوئے اور حضرت مہدیؑ نے اس آیت کو اس طرح بیان فرمایا کہ جو شخص کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہتا ہے ان سے جزیہ لیں اور نہ ان کو بیگار بنائیں اور نہ ان کی عورتوں پر بغیر نکاح کے تصرف کریں اس قدر کلمہ کی حرمت

نبایدکرد این چنین حرمت کلمہ باید داشت
ونیز معلوم باد کہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ بعد
از قتال ہیچ کالائی نہ گرفتند واز گرفتن کالای
مخالفاں منع کردند با این ہمہ کہ ایشاں اینچنیں
بے وضعی کردند ونیز معلوم باد وقتیکہ بابہاریاں
ومندوزیاں در جالور جنگ شدہ ومندوزیاں
راشکستند وخانہ ہای ایشاں ومالہا وغلہ ہای
ایشاں راغصب کردند وبعضی کساں ازاں
غلہ خرید کردہ در دائرہ آوردند بندگی میاں
ملک الہدادؓ واپس دہانید ند چراکہ غلہ کلمہ گویاں
بود وبظلم وزور ستدہ بودند وآنچہ مندوزیاں
کار در جالور می کردند ہمہ کساں را معلوم است
ربوا خواراں بودند وبر بقالاں وضعیفاں بسیار
ظلم وتعدی میکردندی با اینہمہ غلہ ایشاں
باز دہانید ند وکسانیکہ کلمہ میگویند ومیراں سید
محمد را مہدی موعود کردہ قبول می کنند ودر
جماعت اصحاب مہدی علیہ السلام نماز
می گزارند اینچنیں کسانرا ظلم چگونہ باید کرد
واز ایشاں چیزی چگونہ باید ستد وبکار نباید
گرفت چراکہ ایشاں در قبول کردن بزبان
برادران ما شدند ومسلمان بلسان شدند
پس کسانیکہ مہدی علیہ السلام را قبول می کنند
باید کہ مسلمانانرا ہیچ تشویش ندہند کما انہٰی
الغنم قال علیہ السلام دعوۃ
المظلوم مستجاب وان کان
کافرا ولو بعد حین۔

رکھنی چاہیئے۔

اور نیز واضح ہو کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے قتال کے بعد کوئی سامان (غنیمت) نہیں لیا اور مخالفوں کا اسباب لینے سے منع فرمایا باوجودیکہ مخالفوں نے مہدویوں کے ساتھ ایسی بدسلوکی کی اور نیز واضح ہو کہ جس وقت جالور میں بہاریوں اور مندوزیوں میں جنگ ہوئی مندوزیوں نے شکست کھائی ان کا گھر مال اور غلہ لوٹ لئے اور بعضے لوگ اس غلہ میں سے خرید کر دائرہ میں لائے۔ بندگی میاں الہدادؓ نے واپس کروادیا اس لئے کہ غلہ کلمہ گویوں کا تھا زور اور ظلم سے لیا گیا تھا۔ اور جالور میں مندوزیاں جو کچھ کام کرتے تھے تمام لوگوں کو معلوم ہے سود خوار تھے بقالوں اور ضعیفوں پر بہت ظلم اور تعدی کرتے تھے اس پر بھی ان کا غلہ واپس کروادیئے اور جو لوگ کہ کلمہ پڑھتے اور میراں سید محمد کو مہدی موعود علیہ السلام جان کر قبول کرتے ہیں اور مہدی علیہ السلام کے اصحاب کی جماعت میں نماز پڑھتے ہیں ایسے اشخاص پر کیونکر ظلم کیا جاسکتا ہے اور ان سے کوئی چیز لی جاسکتی ہے اور بیگار بنا سکتے ہیں اس لئے کہ یہ لوگ زبان سے مہدیؑ کو قبول کرنے کی وجہ سے ہمارے برادر اور لسانی مسلمان ہیں پس مقبلان مہدی علیہ السلام کو چاہیئے کہ لسانی مسلمانوں کو کسی طرح پریشان نہ کریں جس طرح کہ چرواہا گلہ کو پریشان نہیں کرتا۔ فرمایا علیہ السلام نے مظلوم کی دعا مقبول ہے اگرچہ کہ کافر ہو اور اگرچہ بعد ایک زمانہ کے

دباب النھی عن انس بن مالک
ان رسول اللہ ؐ قال رایت لیلۃ
اسری بی رجالا تقرض
شفاھھم بمقاریض
النار فقلت من ھؤلاء یا
جبرئیل قال ھؤلاء خطباء
امتک الذین یقولون
مالا یفعلون ۔ **فصل** عن
عبد اللہ بن مسعودؓ قال قال
رسول اللہ ؐ لما وقعت بنو اسرائیل
فی المعاصی نھتھم علماؤھم
فلم ینتھو فجالسوھم فی
مجالسھم واکلوھم وشار
بوھم فضرب اللہ قلوب بعضھم
ببعض فلعنھم علی لسان
داؤد وعیسیٰ بن مریم
ذلک بما عصوا وکانوا یعتدون
مشکوٰۃ و نیز بندگی میاں سید خوندمیر
سید الشہداءؓ اکثر فرمودند کہ انچہ حق است
بگوئیم اگرچہ کردن نمی توانم کہ ایں تقصیر
وبدی ماست کہ نمی کنم واما حق پوشی
کفر است پس انچہ از میراں سید
محمد مہدی شنیدہ باشیم آں بگوئیم اگر کسی
راگفتن نمی توانیم پیش زن خویش ہم
بگوئیم تا در تحت ایں آیت در نیائیم
کقولہ تعالیٰ ۔ لاتکتموا

ہو باب نہی کا روایت سے انس بن مالک
کے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں
نے شب معراج میں دیکھا چند آدمیوں
کو جن کے لب آگ کی قینچیوں سے
کاٹے جارہے ہیں میں نے کہا کون ہیں
یہ اے جبرئیل تو کہا کہ یہ لوگ آپ کی امت
کے واعظین ہیں جو کہتے ہیں اور خود نہیں
کرتے فصل ۔ روایت سے عبد اللہ ابن
مسعود رضی اللہ عنہ کی کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے جب بنو اسرائیل گناہوں میں
مبتلا ہو گئے تو ان کے علماء نے منع کیا لیکن
وہ باز نہ آئے پھر علماء ان ہی گناہگاروں
کی مجلس میں بیٹھنے لگے ان کے ساتھ
کھانے پینے لگے ۔ پس ان کا اثر ان پر بھی ہوگیا
پس (اللہ تعالیٰ نے) داؤد علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کی
زبانی انپر لعنت کی یہ اس سبب سے ہوا کہ
انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے بڑھ گئے تھے ۔ مشکوٰۃ
اور نیز بندگی میاں سید خوندمیر سید الشہداءؓ اکثر فرماتے
کہ جو کچھ حق ہے کہونگا اگرچہ اوس پر عمل نہ کرسکوں
اس لئے کہ (عمل کرنا) یہ ہماری تقصیر اور برائی
ہے ولیکن حق بات کا چھپانا کفر ہے پس
ہم نے میراں سید محمد مہدی علیہ السلام سے جو کچھ
سنا ہے وہی کہیں گے اگر کسی کو نہ کہہ سکیں تو
اپنی عورت سے ہی کہیں گے تاکہ اس
آیت کی تحت میں نہ آئیں ۔ مانند
قول اللہ تعالیٰ کے ۔ اور تم گواہی

الشهادة ومن يكتمها فانه
اٰثم قلبه والله بما تعملون
عليم - وفي الحديث من كتم
علما عن اهله الجم يوم القيمة
بلجام النار - پس خدای تعالیٰ
در کلام خویش بسیار جائے وعید کرده است
علما یانرا و نهی می کند حرام خوارانرا و
دروغگو یانرا ای ومن علم شيئا
فليعلم غيره - قال الله تعالیٰ
وترى كثيرا منهم يسارعون
في الاثم والعدوان واكلهم
السحت لبئس ما كانوا
يعملون (جزء ۶ رکوع ۱۳)
قال الضحاك رحمة الله
عليه اخوف الاية عندى
هذه الاية وقال عليه
السلام والحق الوعيد الشديد
بترك الامر بالمعروف بمثل
ما الوعيد لمرتكب النهى
قال عليه السلام مثل الفاسق
في القوم ويروى مثل المداهن
في القوم كمثل قوم ركبوا سفينة
فقسموها انصارا لكل واحد
نصيب فاخذ رجل منهم
فاسا ينقب نصيبه فيقول
هو مكاني اصنع به ما اريد

مت چھپاؤ اور جو چھپائیگا تو پس تحقیق اس کا
دل گناہگار ہوگا اور اللہ تمہارے اعمال کا علیم ہے۔
اور حدیث میں ہے جس نے علم کو اس کے اہل سے
چھپایا تو قیامت کے دن آگ کی لگام لگایا جائے گا۔
پس خدائے تعالیٰ نے اپنے کلام میں بہت جگہ
عالموں کو وعید کی اور حرام خوروں اور دروغگوں
کو نہی کی ہے یعنی جو آدمی کچھ سیکھے تو چاہئے
کہ دوسرے کو بھی سکھائے فرمایا اللہ نے
تو اون میں سے اکثر کو دیکھتا ہے کہ وہ
گناہ اور ظلم اور حرام کھانے پر دوڑتے ہیں
کیسے برے کام ہیں جو وہ کر رہے ہیں۔
ضحاک رح نے فرمایا تمام آیتوں سے زیادہ ڈرانے
والی آیت میرے پاس یہی ہے فرمایا علیہ السلام
نے جیسی وعید مرتکب نہی کے لئے ہے ویسی
ہی نہی امر بالمعروف کے ترک پر بھی حق ہے۔
فرمایا علیہ السلام نے مثل
فاسق کی ایک روایت میں
مثل مداہن کی مانند مثل
اس قوم کے ہے جو کشتی میں سوار
ہوئی پس تقسیم کر لئے اس
کو پس ہر ایک کے لئے ایک
حصہ آیا پس ان میں سے ایک
آدمی نے بسولا لیا کہ اپنے
حصہ میں سوراخ کرے اور
یہ کہا کہ یہ میرا مکان
ہے۔

فی مکانی فان لم یاخذوا یده
وترکوا اغرق وغرقوا وان اخذوا
یده نجوا۔ قال سبحانه وتعالیٰ
لولا ینھٰھم الربانیون والا
حبار عن قولھم الاثم واکلھم
السحت لبئس ما کانوا یصنعون۔
ولبعض الناس قالوا اذا امن
الرجل لا یضره فسق الفاسق
اذا کره فسقه وان لم یامره
بالمعروف واحتجوا بھٰذه الآیة
یاایھا الذین امنوا علیکم
انفسکم لا یضرکم من ضل اذا
اھتدیتم لکن ھٰذا خطاء۔
فانه روی قراء ابوبکر الصدیقؓ
ھٰذه الآیة یوما وقال یا
اصحابی لا یغرنکم ھٰذه الآیة
فی ترک الامر بالمعروف
لا یضرکم من ضل اذا اھتدیتم
الی الله مرجعکم ولم یقل
صلیتم وصمتم وزکیتم و
حججتم ولکن ذکر ھٰذه الاھتداء
پس انچه دیده وشنیده باشیم بر عمل کردن
آں قصد کنیم اگر تمام کرده نمی شود از
گفتار آں باز نمانیم کما روی عن
انس بن مالکؓ قال قلنا یا
رسول اللهؐ لا نامر بالمعروف

مجھے اختیار ہے میں جو چاہوں کروں پس اگر کشتی
والے اس کا ہاتھ نہ پکڑیں اور نہ روکیں تو کشتی
غرق ہو جائے گی اور کشتی میں بیٹھے ہوئے لوگ سب
غرق ہو جائیں گے اور اگر اس کا ہاتھ پکڑیں
تو نجات پائیں گے حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ
ان کو کیوں نہیں منع کرتے اللہ والے درویش
اور علما گناہ کی بات بولنے اور حرام مال کھانے
سے بہت برے عمل ہیں جو وہ کر رہے ہیں
اور لبعضوں نے کہا ہے کہ جب آدمی مؤمن
ہو جاتا ہے تو کسی بدکار کی بدکاری اس کو
ضرر نہیں پہونچاتی جبکہ وہ اس کی بدکاری کو مکروہ
سمجھے اگرچہ اس کو امر بالمعروف نہ کرے اور
دلیل لائے ہے انہوں نے اس آیت سے۔ ای
مومنو تم اپنی آپ حفاظت کرو تم ہدایت پر رہوگے
تو کوئی گمراہ تم کو نقصان نہ پہنچا سکیگا لیکن یہ غلطی
ہے کیونکہ مروی ہے کہ ابوبکر صدیقؓ نے ایک
دن یہ آیت پڑھی اور فرمایا عزیزو! (کہیں ایسا نہ ہو کہ
یہ آیت امر بالمعروف کے ترک پر تم کو آمادہ کرے
تم ہدایت پر رہوگے تو کوئی گمراہ تم کو ضرر نہ پہونچا
سکیگا۔ تم کو اللہ کے پاس جانا ہے اللہ تعالیٰ نے
یہ نہیں فرمایا کہ تم نماز پڑھوگے روزے رکھوگے زکوٰۃ
دوگے حج کروگے تو گمراہ نقصان نہیں پہونچا سکیگا بلکہ یہ کہا کہ ہدایت پر رہوگے
تو کوئی گمراہ تم کو نقصان نہ پہونچا سکیگا۔ پس ہم نے جو کچھ دیکھا اور سنا
ہے اوس پر عمل کرنے کا قصد کریں گے
اگر اس پر پورا عمل نہ کیا جائے تو اس کو ظاہر
کرنے سے کوتاہی نہیں کریں گے چنانچہ

حتی تعمل به کله ولا تنهی
عن المنکر حتی تجتنبه کله
فقال رسول الله ﷺ اومروا
بالمعروف وان لم تفعلوا
به کله وانهوا عن المنکر وان
لم تجتنبوه کله پس انچه روش
مهدی ؑ دیده واز یاران او شنیده ایم بگوئیم
اگرچه کردن نتوانیم ۔ عن اوس
بن شرحبیل ؓ انه سمع رسول
الله ﷺ یقول من مشی مع ظالم
لیقویه ویعلم انه ظالم
فقد خرج من الاسلام ۔ قال
اهل العلم والمعرفة رویة
وجه الظالم تسود القلب ۔
وعن النعمان بن بشیر قال
قال رسول الله صلی الله علیه
وسلم مثل المدهن فی
حدود الله والواقع فیها مثل
قوم استهموا سفینة فصار
بعضهم فی اسفلها وصار بعضهم
فی اعلاها فکان الذی فی
اسفلها یمر بالماء علی الذین
فی اعلاها فتاذوا به فاخذ
فاسا فجعل ینقر اسفل
السفینة فاتوه فقالوا
مالک قال تاذیتم بی ولا

حضرت انس بن مالک ؓ سے مروی ہے کہ ہم نے عرض
کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تک ہم
پورے عامل نہیں بن جاتے ہیں امر بالمعروف نہیں
کرتے اور جب تک منہیات سے خود اچھی طرح
پرہیز نہیں کرتے ہیں نہی عن المنکر نہیں کرتے
یہ سنکر سردار دو عالم صلعم نے ارشاد فرمایا
تم امر بالمعروف کرو۔ اگر چہ کہ اس پر پورے
کاربند نہ ہو۔ اور نہی عن المنکر کرو اگرچہ کہ جملہ
منہیات سے پرہیز نہ کرو۔ پس ہم نے جو کچھ کہ
مہدی علیہ السلام کی روش دیکھی اور یاران مہدی
علیہ السلام سے سنی ہے وہی کہیں گے اگرچہ ہمارا
عمل اس پر نہ ہو۔ اوس بن شرحبیل رضی اللہ عنہ سے
مروی ہے کہ آپ نے رسول خدا ؐ سے سنا آپ فرماتے
تھے جو ظالم کے ساتھ چلے تاکہ اس کی پیروی کرے
اور جانتا ہو کہ وہ ظالم ہے تو تحقیق کہ وہ نکل گیا اسلام
سے۔ اہل علم و معرفت نے فرمایا ہے کہ ظالم کا چہرہ دیکھنا
دل کی سیاہی ہے۔ نعمان بن بشیر سے مروی ہے
کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے کہ حدود خدا میں سستی کرنے والوں اور اس
میں پڑے ہوئے لوگوں کی مثال ان لوگوں کی سی
ہے جنہوں نے ایک کشتی پر قرعہ ڈالا پھر کچھ لوگ
ان میں سے کشتی کے نیچے کے درجہ میں اور کچھ اوپر کے
درجہ میں ہو گئے پھر نیچے والا پانی کے واسطے اوپر
والوں کے پاس گیا اور انھیں اس سے تکلیف پہنچی
(اس لئے انہوں نے اسے اوپر آنے سے
منع کیا) تو نیچے والے نے ایک بسولہ لے کر کشتی کے

يدلى من السماء فان اخذوا
على يديه انجوه ونجوا انفسهم
وان تركوه اهلكوه واهلكوا
انفسهم رواه البخاری وعن
ابی سعيد الخدری عن رسول
الله صلی الله عليه وسلم
قال من رأی منكم منكرا
فليغيره بيده فان لم
يستطع فبلسانه فان لم
يستطع فبقلبه وذلك اضعف
الايمان رواه مسلم وعن
ابی بكر الصديق رض قال يا
يها الناس انكم تقرؤن
هذه الاية يايها الذين
امنوا عليكم انفسكم لا يضركم
من ضل اذا اهتديتم فانی
سمعت رسول الله يقول ان
الناس اذا راوا منكرا لم
يغيروه يوشك ان يعمهم
الله بعقابه رواه ابن ماجة
والترمذی وصححه وفی رواية
ابی داؤد اذا راوا الظالم فلم يا
خذوا يديه اوشك ان يعمهم
الله بعقابه وفی رواية اخری
ما من قوم يعمل فيهم بالمعاصی
ثم يقدرون علی ان يغيروا

نیچے سوراخ کرنا شروع کر دیا پھر اوپر والوں نے آکر کہا تجھے کیا ہوا وہ بولا۔ تمہیں میری وجہ سے ایذا پہونچی ہے اور میرا پانی بغیر گزارا نہیں ہوسکتا (اس وجہ سے میں یہ کر رہا ہوں) اب یہ لوگ اگر اس کا ہاتھ پکڑ لیں گے تو اسے اور اپنی جانوں کو چھڑالیں گے اور اگر اسے یوں ہی چھوڑ دیں گے تو اسے اور اپنے تئیں ہلاک کر دیں گے۔ روایت کی اس کی بخاری نے اور ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی تم میں سے کوئی بری بات دیکھے تو اسے چاہیئے کہ اپنے ہاتھ سے مٹا دے اگر اس کی طاقت نہ رکھے تو زبان سے بدل دے اور اگر اس کی طاقت نہ ہو تو دل سے برا سمجھے) اور یہ (پچھلا) بہت ضعیف الایمان کا درجہ ہے یہ حدیث مسلم نے نقل کی ہے۔ ابوبکر صدیق رض سے مروی ہے فرمایا لوگو تم یہ آیت پڑھتے ہو (جس کا ترجمہ یہ ہے) مومنو! تم اپنے آپ کو بچاؤ گمراہ تم کو کوئی نقصان نہ پہونچا سکے گا جب کہ تم ہدایت پر رہو گے تحقیق میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے فرماتے تھے لوگ جب کبھی برے کام کو دیکھیں اور اس کو بدل نہ دیں تو قریب ہے کہ خدا ان کو بھی اس کے عذاب میں گرفتار کرے گا۔ اس کی روایت ابن ماجہ اور ترمذی نے کی ہے اور اسکو صحیح ٹھیرایا ہے اور ابوداؤد کی روایت میں یہ ہے کہ جب کسی ظالم کو دیکھیں اور اس کے ہاتھ نہ پکڑ لیں تو قریب ہے کہ خدا ان کو بھی اس کے عذاب میں گرفتار کرے گا اور دوسری روایت میں ہے کوئی قوم ایسی نہیں ہے جس میں لوگ گناہوں کے کام کریں اور وہ

ثم لا یغیروا الا یوشک ان
یعمہم اللہ بعقابہ وعن
عدی بن عدی الکندی
قال حدثنا مولی لنا انہ
سمع جدی یقول سمعت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ان اللہ تعالی لا یعذب العامۃ
بعمل الخاصۃ حتی یروا
المنکر بین ایدیہم وہم
قادرون علی ان ینکروہ
فلا ینکروا فاذا فعلوا ذلک
عذب اللہ العامۃ والخاصۃ
وعن جابرؓ قال قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اوحی اللہ تعالی عزوجل
الی جبرئیل علیہ السلام ان
یقلب مدینۃ کذا وکذا
باھلھا فقال یا رب
ان فیہم عبدک فلانا
لم یعصک طرفۃ
العین فقال علیہ و
علیہم فان وجہہ لم
یتمعر ساعۃ قط

خطے درکش بگرد ما سوی اللہ

وعن ابن عمرؓ قال
قال رسول اللہ اذا انزل

قوم روکنے پر قدرت بھی رکھتی ہو باوجود اس کے گنہ کے مرتکب ہوتے والوں کو گنہ سے نہ روکے تو قریب ہے کہ اللہ ان کو ان کے عذاب میں گرفتار کرے گا۔ عدی بن عدی کندی سے مروی ہے کہا حدیث بیان کی ہم سے ہمارے ایک مولیٰ نے کہ سنا اس نے میرے دادا سے وہ کہتے تھے سنا میں نے رسول اللہؐ سے کہ اللہ تعالیٰ خاص لوگوں کے عمل کے بدلے عوام کو عذاب نہیں دیتا حتیٰ کہ وہ برے کاموں کو اپنے سامنے دیکھیں اور اس کو بدل دینے (یا روک دینے) پر قادر ہوں باوجود اس کے نہ روکیں اور جب وہ ایسا کریں تو اللہ تعالیٰ عوام و خواص سب کو عذاب میں گرفتار کرتا ہے۔ اور جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی بھیجی اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام پر کہ فلاں شہر کو مع ان کے اہل کے الٹ دیا جائے تو جبرئیلؑ نے عرض کیا اے رب میرے ان میں تیرا ایک فلاں بندہ ایسا بھی ہے جس نے کبھی پلک مارنے کے برابر عرصہ بھی تیری نافرمانی نہیں کی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ عذاب اس پہ بھی ہوگا اور ان پر بھی کیونکہ ان کے برے اعمال سے کبھی اس کے چہرہ کا رنگ نہیں بدلا تھا

ما سوی اللہ کے اطراف ایک لکیر کھینچ دے

اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب

الله یقوم عند ابا اصاب العذاب من کان فیھم ثم یعثوا علیٰ اعمالھم قال رسول الله صلی الله و علیہ وسلم ان الله عزوجل یسال العبد یوم القیٰمۃ فیقول مالك اذا رایت المنکر فلم تنکرہ۔

اللہ کسی قوم پر عذاب نازل کرتا ہے تو اس میں جتنے ہوتے ہیں ان سب پر نازل کرتا ہے پھر وہ قیامت کے دن اپنے اعمال کے موافق اٹھیں گے فرمایا رسول اللہؐ نے کہ اللہ عزوجل قیامت کے روز اُس بندے سے پوچھے گا اور کہے گا اے بندے تجھے کیا ہو گیا تھا کہ تو نے برے کام کو دیکھا اور اس کو برا نہ سمجھا۔

باب ششم

در حجاب ہائے طالب حق

طالب حق را در راہ خدائے تعالیٰ چہار حجاب است دو در وسع امکان است یعنی ترک دنیا و عزلت از خلق و دو در امکان نیست یعنی نفس و شیطان پس ترک دنیا و عزلت از خلق اختیار کند و از نفس و شیطان پناہ از خدائے تعالیٰ جوید کہ ایشان را نمی بیند و ایشان او را می بیند یعنی طالب حق را باید کہ ترک دنیا کند از تمام وطن گزاشتہ شدہ و حجاب دوم عزلت از خلق است و عزلت از خلق اینست۔

با خلق ہر آنچہ آشنائی است
چوں آخر کار ما جدائی است
چو داری مونسی چوں قل ہو اللہ
خطی در کش بگرد ما سوی اللہ

و نیز معلوم باد کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ از گجرات ہجرت کردہ بجالور رفتہ بودند در آنجا میاں خواجہ محمود عرض کرد کہ اگر رضائے خوندگار باشد ایں بندہ از جہت اسباب

چھٹا باب

طالب مولیٰ کے حجابوں کے بیان میں

خدائے تعالیٰ کی راہ میں طالب حق کے لئے چار چیزیں حجاب ہیں جن میں سے دو انسان کے امکان میں ہیں یعنی دنیا کو چھوڑنا اور خلائق سے علیحدگی اختیار کرنا اور دو امکان میں نہیں یعنی نفس اور شیطان پس ترک دنیا اور خلق سے عزلت اختیار کرے نفس اور شیطان کے متعلق خدائے تعالیٰ سے پناہ مانگے اس لئے کہ ان کو نہیں دیکھ سکتا اور یہ اس کو دیکھ سکتے ہیں یعنی طالب حق کو چاہئے کہ ترک دنیا کرے۔ تمام سے وطن کو چھوڑ کر اور دوسرا حجاب عزلت خلق ہے اور عزلت خلق یہ ہے کہ

خلق کے ساتھ جو کچھ آشنائی ہے
جب ہمارا انجام سب کو چھوڑنا ہے
جب تو قل ہو اللہ کے جیسا دوست رکھتا ہے
تو خدا کے سوا جتنی چیزیں ہیں ان کے اطراف لکیر کھینچ دے

اور نیز واضح ہو کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ گجرات سے ہجرت کر کے جالور تشریف لے گئے تھے وہاں میاں خواجہ محمود نے عرض کیا کہ اگر خوندکار کی رضا ہو تو یہ بندہ جماعت خانہ (مسجد) کی تیاری کے لئے اور داری کا

تو نے کس لئے جلدی کی ابوذرؓ نے عرض کیا یا رسول
اللہؐ میرا اونٹ گرم ہوا بوجھ کی وجہ چل نہیں سکتا تھا
اور میرے دل میں آیا کہ پیغمبرؑ نے جہاد سے باز رہنے والوں کو
منافقی کا داغ لگایا ہے اور میں اپنی ذات پر ڈرا اور
مجھے لرزہ ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ مجھ سے دیر ہو جائے
اور پیغمبرؑ مجھ کو منافق سمجھیں یا رسول اللہؐ میں اسی
وجہ اونٹ سے اتر گیا اور اونٹ کا بوجھ گردن پر لے
لیا اور اونٹ کو چھوڑ دیا اور آپ کی خدمت میں حاضر
ہوا پس اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ جو شخص جہاد
کے وقت بلا عذر پیغمبرؑ سے الگ رہا وہ منافقوں سے
ہے اور اس طرح تارکان ہجرت پر حکم نفاق کے
ہیں اور مکہ معظمہ میں بہت سے لوگ پیغمبرؑ کو زبان
سے قبول کر لئے تھے اور آپ کی پیروی میں سستی
کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہوا کہ ای محمد مکہ
سے مدینہ کی طرف ہجرت کر تا کہ مطیعان اور منافق
ظاہر ہو جائیں حضرت پیغمبرؑ نے ہجرت کی بہت
سے لوگ ہجرت سے باز رہے پھر پیغمبرؑ نے
فرمایا کہ جس نے میرے ساتھ ہجرت کی پس وہ
مومن ہے اور جس نے میرے ساتھ ہجرت نہ کی پس وہ منافق
ہے جیسا کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ لوگ
کہ جن کی جان نکالتے ہیں فرشتے ایسی حالت میں
کہ وہ خود اپنے او پر ظلم کر رہے تھے فرشتے کہتے
ہیں کہ تم کس حال میں تھے وہ کہتے ہیں کہ ہم ناتوان
تھے اس زمین میں فرشتے کہتے ہیں کیا اللہ کی
زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں کسی طرف کو
ہجرت کر جاتے تو یہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ دوزخ

جہنم وساءت مصیرا الا
المستضعفین من الرجال
والنساء والولدان لایستطیعون
حیلۃ ولایہتدون سبیلا
فاولئک عسی اللہ ان یعفو
عنہم وکان اللہ عفوا غفورا
ومن یہاجر فی سبیل اللہ
یجد فی الارض مراغما کثیرا
وسعۃ ومن یخرج من
بیتہ مہاجرا الی اللہ و
رسولہ ثم یدرکہ الموت
فقد وقع اجرہ علی اللہ و
کان اللہ غفورا رحیما (جزء ۵ رکوع ۱۱)

ونیز **نقلست** کہ بندگی ملک معروف رضؓ را در
شہر نہروالہ زحمت بسیار شدہ بود خدائے تعالیٰ
آں سال حیات بخشید بعد از یکسال ملک معروفؓ
از شہر نہروالہ ہجرت کردند و در جالور رفتند آنجا
رحلت فرمودند بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند
کہ برادر ملک معروف رضؓ را خدائے تعالیٰ یک سال
مردہ را زندہ داشت از جہت آنکہ از وطن
آوارہ کشیدہ ہجرت کنانیدہ در جالور نقل شدند
ملک معروف رضی اللہ عنہ مہاجر و مبشر
مہدی علیہ السلام بودند ونیز **نقلست**
بندگی سید خوندمیر رضؓ از آیت الا
المستضعفین من الرجال
والنساء والولدان لایستطیعون

ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے مگر جو واقع میں
ناتواں ہیں مرد اور عورتیں اور بچے جو نہ کوئی
حیلہ کر سکتے ہیں اور نہ راستہ جانتے ہیں تو ایسے
لوگوں کو امید ہے کہ اللہ معاف کرے اور اللہ
معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ اور جو ہجرت
کرے گا اللہ کی راہ میں تو پائے گا زمین میں
وافر جگہ اور کشائش اور جو نکلے اپنے گھر سے
ہجرت کر کے اللہ اور اس کے رسول کی طرف پھر
اس کو موت آ پکڑے تو اس کا ثواب اللہ
کے ذمہ ثابت ہو چکا اور اللہ بخشنے والا
مہربان ہے اور نیز نقل ہے کہ بندگی ملک
معروف رضی اللہ عنہ کو شہر نہروالہ میں
بہت تکلیف ہوئی تھی خدائے تعالیٰ
نے اس سال زندہ رکھا ایک سال کے
بعد ملک معروف رضی اللہ عنہ شہر نہروالہ
سے ہجرت کر کے جالور گئے وہیں رحلت
کی بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے
فرمایا کہ برادر ملک معروف رضؓ کو خدائے تعالیٰ
نے ایک سال مردہ کو زندہ رکھا اس وجہ
سے کہ مقام وطن سے نکالکر ہجرت کرایا جالور
میں منتقل ہوئے ملک معروف رضؓ مہاجر اور مبشر
مہدی علیہ السلام تھے اور نیز نقل ہے کہ بندگی
میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے اس آیت
سے مگر جو بےبس ہیں مردوں عورتوں اور
بچوں سے تدبیر نہیں کر سکتے ہیں اور راہ نہیں
جانتے ہیں۔ فرمایا کہ نابالغ بچوں اور عورتوں پر (جو

حیلۃ ولا یھتدون سبیلا فرمودند
ہجرت بر کودکان نابالغ و بر زنان فرض است و
نیز حضرت میراں ؑ فرمودند و نیز ایں نقل ہم از
سید خوندمیر رضہ ہست کسیکہ مہدی ؑ را قبول کردہ است
و از ہجرت و صحبت وی باز ماندہ است او را حکم
منافقی کردہ اند و در مدارک تفسیر ایں آیت
فالذین ھاجروا و اخرجوا
من دیارھم واوذوا فی سبیلی
وقاتلوا وقتلوا الآیۃ گفتہ است
فالھجرۃ کائنۃ فی اخر الزمان
کما کانت فی اول الاسلام و
در تفسیر زاہدی زیر ایں آیت گفتہ است
ان الذین امنوا والذین
ھاجروا وجاھدوا فی
سبیل اللہ اولئک یرجون
رحمت اللہ واللہ غفور رحیم
(جز ۲ رکوع ۱۱) الھجرۃ غیر
منسوخۃ احتجوا بقولہ
علیہ السلام الھجرۃ باقیۃ
الی یوم القیمۃ و در مشکوٰۃ قال
النبی ؑ لا تنقطع الھجرۃ حتی
تنقطع التوبۃ ولا تنقطع التوبۃ
حتی تطلع الشمس من مغربھا
پس بداں ای عزیز قرآن منسوخ نہ شدہ است
تا قیامت و پیروی قرآن تا قیامت فرض
است و عین فرض است تا ایں آیتہا

غیر معذور رہیں) ہجرت فرض ہے اور نیز حضرت
مہدی علیہ السلام نے فرمایا اور یہ نقل بھی سید
خوندمیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جس نے مہدی
علیہ السلام کو قبول کیا ہجرت اور صحبت سے آپ کی
(مہدی علیہ السلام کی) باز رہا اس پر منافقی کا حکم
فرمایا ہے اور مدارک میں اس آیت کی تفسیر میں
پس جن لوگوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے
گھروں سے اور تکلیف دیئے گئے میرے
راستہ میں اور قتال کیا اور قتل کئے گئے۔
کہا ہے کہ ہجرت جس طرح ابتداء اسلام میں تھی
زمانہ آخر میں بھی رہے گی اور تفسیر زاہدی میں
اس آیت کے تحت میں کہا ہے کہ جو لوگ ایمان لائے
اور جنھوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد
کیا یہی لوگ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہوسکتے ہیں اور
اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ ہجرت منسوخ نہیں
ہوئی انہوں نے دلیل دلائی ہے قول علیہ السلام سے
ہجرت یوم قیامت تک باقی ہے۔ اور مشکوٰۃ میں ہے فرمایا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت نہیں منقطع ہو گی
جب تک توبہ نہ منقطع ہوا ور توبہ نہیں منقطع ہوگی
جب تک کہ آفتاب مغرب سے طلوع نہ ہو۔ پس
جان اے عزیز کہ قیامت تک قرآن منسوخ نہیں
اور قرآن کی پیروی قیامت تک فرض اور عین فرض
ہے جب تک یہ آیتیں منسوخ نہ ہوں گی ہجرت باقی
رہے گی اور اپنی طرف سے یہ کہنا روا نہیں
کہ مصطفیٰ علیہ السلام کے بعد قرآن کی بعض
آیتیں منسوخ ہو جائیں گی اور بعض لوگ کہتے

منسوخ نشدہ اند ہجرت باقی است و این خود گفتن روا نیست کہ بعد از مصطفیٰ از قرآن بعضی آیات منسوخ شود و بعضی کسان می گفتند کہ ہجرت بوقت رسول فرض بود و در وقت مہدی علیہ السلام فرض نیست پس از ایشان دو کسان برای ملاقات آمدند برادری از دائرہ خبر آورد کہ فلان فلان کسان از احمد آباد آمدہ اند بعدہ میان سید خوندمیرؓ بندگی میان نظام رضی اللہ را فرمودند کہ میان نظامؓ چہ گشت کہ نؤمن ببعض ونکفر ببعض ویریدون ان یتخذوا بین ذالک سبیلا الآیۃ (جزء ۶ رکوع ۱)

دران مجلس اکثر مہاجران مہدیؑ حاضر بودند در حوض بر کہ می کاویدند و خلیس بیرون می انداختند و این ناقل دران مجلس حاضر بود و نیز بندگی سید خوندمیرؓ کرات و مرات فرمودند کہ حضرت میرانؑ در قرآن ہیچ آیت منسوخ نداشتند قال اللہ تعالیٰ ما ننسخ من آیۃ او ننسہا نات بخیر منہا او مثلہا

و نیز نقلست حضرت میرانؑ در قرآن جملۂ معترضہ و متانفہ و استثناء منقطع و حذف روا نداشتند و ہیچ آیت بتاویل بیان نکردند بلکہ بامر اللہ بیان کردند کما

ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت ہجرت فرض تھی اور مہدی علیہ السلام کے وقت فرض نہیں ہے پس ان میں سے دو شخص ملاقات کے لئے آئے دائرہ کے ایک برادر نے خبر لائی کہ فلاں فلاں اشخاص احمد آباد سے آئے ہیں اس کے بعد میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے بندگی میاں شاہ نظام رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ میاں نظام رضی اللہ عنہ کیا حال ہے کہ ہم بعض پر ایمان لاتے ہیں اور بعض پر ایمان نہیں لاتے اور وہ چاہتے ہیں کہ ایمان اور کفر کے بیچ میں ایک راہ نکال لیں۔ اس مجلس میں اکثر مہاجران مہدی علیہ السلام حاضر تھے حوض کھودتے تھے اور کچرا باہر ڈالتے تھے اور یہ ناقل اس مجلس میں حاضر تھا اور نیز بندگی سید خوندمیرؓ نے کئی بار فرمایا کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے قرآن میں کسی آیت کو منسوخ نہیں رکھا فرمان خدا ہے کہ منسوخ جو کر دیتے ہیں ہم کسی آیت (کے عمل) کو یا بھلا دیتے ہیں تو نازل کر دیتے ہیں اس سے بہتر یا اس جیسی۔ اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ نے قرآن میں جملہ معترضہ اور متانفہ استثناء منقطع اور حذف کو روا نہیں رکھا اور کسی آیت کی تاویل (ذات سے) کر کے بیان نہیں کیا بلکہ خدا کے حکم سے بیان کیا جیسا کہ فرمان خدا ہے کہ پھر تحقیق ہم پر ہے بیان

قال اللہ تعالیٰ ثم ان
علینا بیانہ پس ہر کہ تاویل کند
خلاف بیان مہدی؏ کردہ باشد و نیز بندگی
سید خوندمیرؓ ہمچناں فرمودند اگر در قرآن
مشکلی افتادی و از میراں چیزی یاد نیا
مدی بیان نہ کردندی اگرچہ در خاطر معنی
مفہوم شدی و گفتندی کہ پیشتر شوید دیانت
نباشد کہ از خود چیزی بگویم و نیز نقلست
از بندگی میاں سید خوندمیرؓ کرات و مرات
فرمودند کہ حضرت میراں؏ در قرآن ہیچ آیت
منسوخ نداشتہ اند و نیز نقلست از بندگی سید
خوندمیرؓ فرمودند کہ از میاںؑ ذکر خدائے
تعالیٰ رفتہ است مگر آنکہ خدائے تعالیٰ
بصدقہ مہدی موعود؏ و ہجرت چیزی روزی
کند قال اللہ تعالیٰ والذین
ھاجروا فی سبیل اللہ ثم
قتلوا او ماتوا لیرزقنھم
اللہ رزقا حسنا و ان اللہ لھو
خیر الرزقین لیدخلنھم
مدخلا یرضونہ و ان اللہ
لعلیم حلیم (جزء ۱۷ رکوع ۱۵)

اس کا (قرآن کا) پس جو شخص کہ تاویل کرے
مہدی علیہ السلام کے بیان کا مخالف ہے۔ اور
نیز بندگی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے بھی ایسا
ہی کیا اگر قرآن میں کوئی مشکل پیش آتی
اور مہدی علیہ السلام سے کوئی بات یاد نہیں
رہتی تو بیان نہیں کیا اگرچہ آپ کے دل میں معنی
سمجھ میں آجاتے اور کہتے کہ آگے بڑھو کیونکہ
دیانت نہیں ہے کہ میں از خود کوئی چیز
کہوں اور نیز بندگی میاں سید خوندمیرؓ سے
منقول ہے آپ نے کئی بار فرمایا کہ حضرت مہدیؑ نے
قرآن میں کوئی آیت منسوخ نہیں رکھا اور نیز بندگی
سید خوندمیرؓ سے منقول ہے آپ نے فرمایا کہ ہمارے
درمیان سے خدائے تعالیٰ کا ذکر چلا گیا ہے مگر یہ کہ خدائے
تعالیٰ مہدی موعود؏ کے صدقے اور ہجرت کے سبب سے
(ذکر خدا) عطا کرے فرمان خدا ہے کہ جن لوگوں نے
اللہ کی راہ میں ہجرت کی پھر قتل کئے گئے یا مر گئے
تو البتہ ضرور اللہ ان کو رزق حسن پہونچائے گا اور تحقیق اللہ
بے شک وہ رزق دینے والوں میں سب سے بہتر ہے
البتہ ضرور ان کو ایک ایسے مقام میں داخل کریگا
جس سے وہ خوش ہو جائیں گے اور تحقیق اللہ
جاننے والا بردبار ہے۔

باب ہشتم

میل کردن و دوستی کردن با تارکان ہجرت وصحبت گزاشتہ سوی ایشان آمدن و آنچہ حضرت میران ؑ درحق ایشان فرمودند ہمہ کسا نرا معلوم است نقل است از حضرت میران ؑ اگر کسی ہجرت کردہ از گجرات بخراسان رفتہ باشد وقرابتان او در گجرات باشند و میل دل او سوی قرابتان باشد آنکس از ظالمان است و ایں نقل را طائفہ است و حضرت میران ؑ درحق ایشان ایں آیتہا خواندہ اند یا ایہا الذین آمنوا لاتتخذوا آباءکم واخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولہم منکم فاولئک ہم الظلمون (جزء ۱۰ رکوع ۹) وقال اللہ تعالیٰ والذین آمنوا ولم یہاجروا مالکم من ولایتہم من شیٔ حتی یہاجروا (جزء ۱۰ رکوع ۶) وایضا قولہ تعالیٰ فلا تتخذوا منہم اولیاء حتی یہاجروا

آٹھواں باب

تارکانِ ہجرت سے میل جول کرنے اور صادقین کی صحبت کو چھوڑ کر تارکان ہجرت کی طرف آنے کے بیان میں اور مہدی ؑ نے ان کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے تمام اشخاص کو معلوم ہے حضرت مہدی ؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص ہجرت کرکے گجرات سے خراسان کو جائے اور اس کے قرابتدار گجرات میں ہوں اور اس کی دلی توجہ قرابت داروں کی طرف ہو تو وہ شخص ظالموں سے ہے اور اس نقل کی راوی ایک جماعت ہے اور حضرت مہدی ؑ نے ان کے حق میں یہ آیتیں پڑھی ہیں۔ مومنو! اپنے آباد داجداد اور بھائیوں کو اپنے دوست مت بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر کو دوست رکھتے ہیں اور جو ان کو اپنا دوست تم میں سے بنائیں گے۔ تو وہی ظالم ہیں اور فرمانِ خدا ہے کہ جنھوں نے ایمان لایا اور ہجرت نہیں کی تو تمہارے لیے ان کی ولایت نہیں ہے کسی چیز میں بھی حتیٰ کہ وہ ہجرت کریں اور نیز قولہ تعالیٰ! تو تم ان میں سے کسی کو دوست مت بناؤ جب تک وہ اللہ کی راہ میں ہجرت نہ کریں نقل ہے حضرت مہدی ؑ نے فرمایا کہ خدائے

فی سبیل اللہ (جزء ۵ رکوع ۹)
نقلست کہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودند
ہزار طالبان خدائے تعالیٰ دنیا گذاشتہ راہ
خدائے تعالیٰ اختیار کردند فرمان شد
فرشتگان را کہ چنانچہ دنیا ہست مزین کردہ بنمائید
چونکہ نمودند یعنی رجوع و فتوح بسیار ایشاں
را شد از ہزار نہ صد سوی دنیا میل کردند و
چفیدند پس برسر راہ خدائے تعالیٰ صد
طالبان ماندند باز فرمان شد کہ ایشاں را آخرت
چنانکہ ہست بنمائید چونکہ نمودند نود طالباں
آخرت را اختیار کردند دہ کساں بر خدائے
تعالیٰ ماندند گفتند ما را بدنیا و آخرت کار
و حاجت نیست ما طالبان خدا ہستیم فرمان شد
کہ بر ایشاں بلاہا نامزد کنید کما قال
علیہ السلام ان اللہ یجرب
المومنین بالبلاء کما
یجرب احدکم الذہب
بالنار ؎

بلائے ہر دو عالم وام کردند
پس آں را عشق بازی نام کردند

چوں بلاہا نامزد کردند نہ کساں از بلا گریختند
پس از ہزار طالباں یک کس بر خدائے
تعالیٰ بماند۔ **نقلست** از بندگی میاں
سید خوندمیر رضی اللہ عنہ و از بندگی میاں
نظام رضہ آں روز کہ بی بی شکر خاتون و چند کساں
دیگر از کاہہ ولایت ٹھٹھہ باز گشتند و برلب آب

تعالیٰ کے ہزار طالبوں نے ترک دنیا کر کے
خدائے تعالیٰ کی راہ اختیار کی فرشتوں کو (خدا کا)
فرمان ہوا کہ دنیا جیسی کچھ ہے آراستہ کر کے دکھلاؤ
جب دکھلائے یعنی فتوح اور رجوع ان کو بہت
ہونے لگی تو ہزار میں نوسو دنیا کی طرف متوجہ ہوئے
اور لپٹ گئے پس خدائے تعالیٰ کی راہ پر سو
طالب رہے پھر فرمان (خدا) ہوا کہ ان کو
آخرت جیسی کچھ ہے۔ دکھلاؤ جب دکھلائے تو نود
طالبوں نے آخرت کو پسند کیا دس اشخاص خدائے
تعالیٰ پر رہے انہوں نے کہا کہ ہم کو دنیا اور آخرت
سے کام نہیں ہم خدا کے طالب ہیں فرمان ہوا کہ
ان پر بلائیں مقرر کرو چنانچہ فرمایا علیہ السلام
نے تحقیق اللہ تعالیٰ آزماتا ہے
مومنوں کو بلا نازل کر کے جیسا کہ تم میں
سے کوئی شخص سونے کو آگ پر
رکھ کر کھوٹے یا کھرے کو پرکھتا
ہے ؎

(عاشقوں نے اولاً) دونوں عالم کی بلاؤں کو قرض کر لیا
اس کے بعد اس کا نام عشق بازی رکھا

جب ان پر بلائیں مقرر کی گئیں نو اشخاص
بلا سے بھاگ گئے پس ہزار طالبوں میں
سے ایک شخص خدائے تعالیٰ پر رہا۔ بندگی
میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ اور بندگی میاں
شاہ نظام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول
ہے کہ جس روز بی بی شکر خاتون اور دوسرے چند
اشخاص شہر کاہہ پایۂ تخت ٹھٹھہ سے

رسیدند بندگی میاں نظامؓ فرمودند کہ بندۂ برابر
رفتہ بود تا ایشاں را کرایہ کردہ در سفینہ نشانند
وایشاں چند ڈوکرہ برائی کرایہ بندہ را دادہ بودند
بندہ کشتی کرایہ کردہ ایشانرا دادو ازاں ڈوکرہ
پیش بندہ بفراموشی ماندہ بودند بندہ وقت
مغرب بازگشتہ بخانہ آمد چوں سپر از کتف خود
فرو کردم ڈوکرہ جنبیدند بندہ را یاد آمد ڈوکرہ
ہای ایشاں پیش ما ماند چوں صباح شد و دو سہ ساعت
روز برآمد بندہ مستعد شدہ از حجرہ بیرون آمد
تا ڈوکرہائے ایشاں بدیشاں رفتہ برسانند
چوں از خانہ بدر آمدم بندگی میرانؑ نیز ہماں
وقت بیروں آمدند و بندہ را دیدند کہ مستعد
شدہ میرود دست جنبانیدہ اشارت
کردند کہ کجا میروید بندہ پیش بندگی میرانؑ
آمد و گفت کہ میراں جیو چند ڈوکرۂ شکر
خاتوں کہ برائے کرایہ کردن دادہ بودند بفراموشی
پیش بندہ ماندہ اند میروم تا ایشانرا برسانم
بندگی میرانؑ فرمودند کہ میاں نظامؓ
ڈوکرہا بخورید اگر حق تعالیٰ بہ پرسد دامن
ما بگیرید ایشاں از خدا روی گردانیدہ
میروند اگر حق تعالیٰ قوت دہد از ایشاں
آنچہ ہست زدہ بستانم ای عزیز۔ ایشاں
از مہدیت سید محمدؑ برنگشتہ بودند فاما
صحبت مہدیؑ گزاشتہ سوی گجرات
از جہت قرابتاں میرفتند ایشانرا ایں
چنیں گفتند و نقلست کہ چوں سید

واپس ہوے اور دریا کے کنارے پہونچے بندگی میاں
نظامؓ نے فرمایا کہ بندہ بھی ہمراہ گیا تھا تاکہ ان
کو کرایہ کرکے کشتی میں بٹھائے اور انہوں نے کرایہ
کے لئے بندہ کو تھوڑے پیسے دیئے تھے میں نے ان
کے لئے کرایہ کی کشتی کردی اور ان پیسوں میں سے
بندہ کے پاس فراموشی سے کچھ رہ گئے تھے بندہ
مغرب کے وقت گھر واپس ہوا جب مونڈھے سے سپر آتارا
تو پیسے ہلنے لگے بندہ کو خیال ہوا کہ ان کے پیسے میرے
پاس رہ گئے ہیں جب صبح ہوئی اور (صبح کے) دو یا تین بجے
ہوں گے بندہ مستعد ہوکر حجرہ سے باہر آیا تاکہ انکے پیسے ان کو
جاکر دیدوں جب گھر سے باہر آیا تو حضرت مہدیؑ بھی اسی وقت
باہر تشریف لائے اور بندہ کو دیکھے کہ مستعد ہوکر جاتا
ہے تو ہاتھ ہلاکر اشارہ فرمائے کہ کہاں جاتے ہو بندہ
حضرت مہدیؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض
کیا کہ میراں جیو شکر خاتون کے تھوڑے پیسے جو
کرایہ کے لئے دیئے گئے تھے فراموشی سے بندہ
کے پاس رہ گئے ہیں جاتا ہوں تاکہ ان کے پیسے
ان کو پہونچاوں حضرت مہدیؑ نے فرمایا میاں نظامؓ
پیسے خرچ کرلو اگر حق تعالیٰ پوچھے تو ہمارا دامن پکڑو
یہ لوگ خدا سے منہ پھیر کر جارہے ہیں اگر حق
تعالیٰ قوت دے (امر رب ہو) توجو کچھ ان کے پاس
ہے مار کر لوں۔ اے عزیز یہ لوگ سید محمد کی مہدیت
سے پھرے نہ تھے ولیکن مہدیؑ کی صحبت چھوڑ کر گجرات
کی طرف قرابت داروں کے لئے جاتے تھے ان کو (مہدیؑ
نے) اس طرح فرمایا اور نقل ہے کہ جب سید
السادات بندگی سید خوندمیرؓ پہلی مرتبہ دائرہ

السادات بندگی سید خوندمیرؓ اول یار کہ با
دائرہ ہم از جالور بموضع بھدری والی آمدند
ودر موضع مذکور چند روز مقیم شدند بعضی
خیلخانۂ برادران برای ملاقات قرابتاں
کہ ایشاں موافق بودند وگاہ گاہی چند ماہ
باخیلخانہ خویش در دائرہ می ماندند و بذل
ایشاں بسیار کساں رامعلوم است در شہر
نہروالہ آمدند باچندیں موافقت بندگی سید
خوندمیر رضی اللہ عنہ خویش نکردند واز میاں
شہاب الدین بن قطب الدین ومیاں
قطب الدین بن یعقوب و میاں علاءالدین
بن رفیع مشورت کردند وفرمودند کہ فلاں
اشتر را فلاں جای در راہ بدارید تا ماہم
سفر کنیم ایشاں جائیکہ میاںؓ فرمودہ
بودند رفتند بندگی میاںؓ آخر شب
سوی ایشاں رواں شدند وبندگی میاںؓ
باکنیزک مرجانہ چندبار اشارت کردند
مرجانہ برنخاست بسبب آں کہ روی
بی بی عائشہؓ طرف مرجانہ بود بعدہ
بندگی میاںؓ از دائرہ بیروں شدند ملک حمادؒ
ہم بیروں شدند دنبال میاںؓ رفتند
میاںؓ بہ ہیچ طرف مائل نشدند بسبب
مستی حق نداشتند فرق کردن از راہ
وغیر راہ چونکہ مقدار یک کشت ودوکشت
سوی برادراں مذکور رفتند کہ اشتر آوردہ
بودند برادراں میاںؓ را وملک حمادؒ را

کے ساتھ جالور سے موضع بھدری والی تشریف
لائے اور موضع مذکور میں چند روز مقیم رہے تو برادران
دائرہ کے بعض گھر والے اپنے عزیزوں کی ملاقات
کے لئے کہ یہ لوگ موافق مہدی علیہ السلام
تھے اور کبھی کبھی دائرہ میں مع اپنے قبیلہ کے آکر چند ماہ
رہتے تھے اور ان کی سخاوت بہت لوگوں کو معلوم ہے
شہر نہروالہ میں آئے باوجود اتنی موافقت کے شاہ خوندمیرؓ
نے ان کو قرابتدار نہیں جانا اور میاں شہاب الدین
بن قطب الدین اور میاں قطب الدین بن یعقوب
اور میاں علاءالدین بن رفیع سے مشورت کی
اور فرمایا کہ فلاں اونٹ کو فلاں جگہ راہ میں
ٹہراؤ تاکہ ہم بھی سفر کریں جس جگہ میاںؓ نے
جانے کے لئے فرمایا تھا وہ لوگ گئے بندگی میاں
پچھلی رات کو ان کی طرف روانہ ہوئے اور بندگی
میاںؓ نے روانگی کے وقت مرجانہ کنیزک کی طرف
اشارہ کیا مرجانہ نہیں اٹھی اس لئے کہ بی بی عائشہؓ
کا رخ مرجانہ کی طرف تھا اس کے بعد بندگی
میاں رضی اللہ عنہ دائرہ سے باہر ہوئے
ملک حمادؒ بھی باہر ہوئے میاں رضی اللہ عنہ کے
پیچھے گئے میاں رضی اللہ عنہ کسی طرف متوجہ نہ تھے
جذبۂ حق کی وجہ راہ بے راہ میں فرق نہیں
کر سکتے تھے جب برادران مذکور کی طرف
ایک کھیت یا دو کھیت کے فاصلہ
پر جہاں اونٹ لایا گیا تھا پہنچے تو برادروں
نے میاںؓ اور ملک حمادؒ کو دیکھا اور سمجھا
کہ برادران دائرہ کو اطلاع ہو چکی ہے

را دیدند و دانستند کہ برادران دائرہ خبردار شدند ایشان پیش پیش از جہت آں می آیند ایشان از آنجا شتاب شتاب رواں شدند ایشان پیش پیش و بندگی میاںؓ پس ایشاں می رفتند تا بجائیکہ جامۂ بندگی میاںؓ بدرختی خار دار بہم چفسید بعدہ میاںؓ در آنجا نشستند و حکایت حال خود شروع کردند کہ الہٰی ایں بندہ لائق مرشدی نیست و بجای سید محمد نشستن و پسخوردہ سویت کردن مرا سزا وار نیست بعدہ از حق تعالیٰ ندا آمد کہ ای سید خوندمیرؓ ترا برگزیدیم و ترا لائق جای نشستن سید محمد گردانیدیم و چندیں خلعتہا ترا دادیم و معانی قرآن عطا کردیم بعدہ بندگی میاںؓ بار دیگر عذر کردند بعد ازاں ندائے دیگر آمد کہ با تو بسیار کار است تو کجا میروی بعد ازاں بندگی میاںؓ ہشیار شدند و ملک حمادؒ را پیش خود طلبیدند و پرسیدند کہ راہ دائرہ کدام است بعدہ ملک حمادؒ راہ دائرہ نمودند و ملک حمادؓ بندگی میاںؓ را پرسیدند کہ یک آواز میاںؓ شنیدیم و آواز دوم از آن کہ بود میاںؓ فرمودند کہ آواز دوم از خدائے تعالیٰ و از مصطفیٰؑ بود سبحان اللہ خلعتہا ایں چنیں و نیستی اینچنیں کہ دیدید و ایں نیستی جز لائق مرضیہ شدن محال است بعدہ بندگی میاںؓ در دائرہ واپس آمدند بعد از روز شدن در خیمہ

اسی لئے یہ لوگ بڑھ کر آرہے ہیں۔ پس انہوں نے وہاں سے جلد جلد قدم بڑھایا یہ لوگ آگئے آگے اور بندگی میاںؓ ان کے پیچھے جارہے تھے یہاں تک کہ ایک مقام پر بندگی میاںؓ کا جامہ خار دار درخت سے لپٹ گیا اس کے بعد میاںؓ وہاں بیٹھ گئے اور اپنے حال کی حکایت شروع کی کہ الٰہی یہ بندہ مرشدی کے لائق نہیں اور مہدی موعودؑ کی جائے پر بیٹھنا پسخوردہ اور سویت کرنی میرے لئے سزاوار نہیں اس کے بعد حق تعالیٰ سے صدا آئی کہ ای سید خوندمیرؓ تو ہمارا مقبول ہے اور ہم نے تجھ کو سید محمدؑ کی جائے نشینی کے لائق کیا ہے اور کئی خلعتیں تجھ کو سرفراز کی ہیں اور ہم نے تجھ کو قرآن کا معنی عطا کیا ہے اس کے بعد بندگی میاں رضی اللہ عنہ نے مکرر عذر کیا بعد ازاں پھر صدا آئی کہ تجھ سے بہت کام ہے تو کہاں جاتا ہے بعد ازاں بندگی میاںؓ ہشیار ہوئے اور ملک حمادؒ کو اپنے پاس طلب کئے اور پوچھا کہ دائرہ کا راستہ کونسا ہے اس کے بعد ملک حمادؒ نے دائرہ کا راستہ دکھلایا اور ملک حمادؒ نے بندگی میاںؓ سے پوچھا کہ میں نے ایک آواز میاںؓ کی سنی اور دوسری آواز کس کی تھی میاںؓ نے فرمایا کہ دوسری آواز خدائے تعالیٰ اور مصطفیٰؑ کی طرف سے تھی سبحان اللہ خلعتیں ایسی اور نیستی ایسی جو تم نے دیکھا اور یہ نیستی خدا کی مرضی کے موافق جینے کے بغیر محال ہے۔ اس کے بعد بندگی میاںؓ دائرہ میں واپس آئے دن نکلنے کے بعد میاں خاجنو

یک چوبی از آن میاں خانجیو نشستند و آں کساں را کہ خیلخانہای ایشاں سوی قرابتاں رفتہ بودند طلبیدہ حاضر کردند بر ایشاں بسیار زجر کردند فرمودند کہ بندہ در میان شما برای چہ کار ماند شما طرف دنیا داراں میل کردید و خیلخانہا را طرف دنیا داراں رفتن دادید و ایں آیتہا برایشاں خواندند یایھا الذین امنوا لاتتخذوا اباءکم واخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولھم منکم فاولئک ھم الظلمون ○ قل ان کان اباؤکم وابناؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومسٰکن ترضونھا احب الیکم من اللہ ورسولہ وجھاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہ واللہ لا یھدی القوم الفسقین (جزء ۱۰ رکوع ۹) ونیز ایں آیت خواندند لاتجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاخر یوادون من

کے ایک چوبی ڈیرہ میں بیٹھے اور ان اشخاص کو کہ جن کے قبیلہ والے اپنے عزیزوں کے یہاں گئے تھے اپنے پاس بلوائے اور ان کو بہت دھمکی دی اور فرمایا کہ بندہ تمہارے درمیان کس کام کے لئے رہے کیونکہ تم نے دنیا داروں کی طرف توجہ کی اور اپنے قبیلہ والوں کو دنیا داروں کی طرف جانے دیا اور ان پر یہ آیتیں پڑھیں۔ اے مومنو نہ بناؤ اپنے باپ اور بھائیوں کو رفیق اگر وہ عزیز رکھیں کفر کو ایمان کے مقابلہ میں اور جو تم میں سے ان کی رفاقت کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔ کہدے اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیبیاں اور تمہاری برادری اور مال جو تم نے کمائے ہیں اور سوداگری جس کے گھاٹے سے ڈرتے ہو اور حویلیاں جن کو پسند کرتے ہو۔ یہ چیزیں تم کو زیادہ عزیز ہیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے تو منتظر رہو یہاں تک کہ بھیجے اللہ اپنا حکم اور اللہ نہیں ہدایت دیتا نافرمان لوگوں کو۔ اور نیز یہ آیت پڑھی۔ تو نہ پائیگا ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں اللہ اور روز آخرت پر کہ وہ ایسوں سے دوستی کریں جو مخالف ہوئے اللہ اور اس کے رسول کے گو وہ ان کے

حاد الله ورسوله ولو كانوا اباءهم او ابناءهم او اخوانهم او عشيرتهم اولئك كتب فى قلوبهم الايمان وايدهم بروح منه ويدخلهم جنت تجرى من تحتها الانهار خلدين فيها رضى الله عنهم ورضوا عنه اولئك حزب الله الا ان حزب الله هم المفلحون (جزء ۲۸ رکوع ۲) ونیز این آیت هم خواندند لن تنفعكم ارحامكم ولا اولادكم يوم القيمة يفصل بينكم والله بما تعملون بصير. قد كانت لكم اسوة حسنة فى ابراهيم والذين معه اذ قالوا لقومهم انا برءؤا منكم ومما تعبدون من دون الله كفرنا بكم وبدا بيننا وبينكم العداوة والبغضاء ابدا حتى تؤمنوا بالله وحده (جزء ۲۸ رکوع ۷) و بدین مانند آیتها بسیار خواندند وتا یک پاس روز برادران خاص را

باپ ہوں یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی ہوں یا ان کے قبیلہ کے یہی ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھدیا ہے اور ان کی تائید کی اپنے فیضان غیبی سے اور ان کو داخل فرمائے گا ایسے باغوں میں کہ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں ہمیشہ وہیں رہیں گے اللہ ان سے راضی اور وہ اس سے راضی یہ اللہ کی جماعت ہے خبردار ہو جاؤ اللہ کی جماعت ہی فلاح پانے والی ہے۔ اور یہ آیت بھی پڑھی ہرگز تمہارے کام نہ آئیں گے تمہارے ناتے اور نہ تمہاری اولاد قیامت کے دن اللہ فیصلہ فرمائے گا تم میں اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے تمہارے لئے نیک پیروی موجود ہے ابراہیم میں اور ان لوگوں میں جو ابراہیم کے ساتھ تھے جب انہوں نے کہا اپنی قوم سے کہ ہم بے تعلق ہیں تم سے اور ان چیزوں سے جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے ہم منکر ہوئے تم سے اور ظاہر ہو پڑی ہم میں اور تم میں دشمنی اور بغض ہمیشہ کے لئے جب تک کہ تم ایمان نہ لاؤ ایک اللہ پر۔ اور ایسی بہت سی آیتیں پڑھیں اور ایک پہر دن تک مخصوص برادروں کو جلال میں آکر ملامت کی اس کے بعد

بطریق جلالیت زجر کردند بعدہ برادراں
رجوع کردند وگفتند از ما خطا افتاد کہ خیلخانہا
را رفتن دادیم بعدہ شتاب طلبیدند و این
ناقل حاضر بود پس اگر میل سوی قرابتان
دنیاداراں کنند باید کہ با ایشاں چیزی
یاری نکنند و اگر بکنند روش مہدی ؑ
و یاراں او نباشد بلکہ بدعت است
کما قال اللہ تعالیٰ وتعاو
نوا علی البر والتقویٰ
ولا تعاونوا علی الاثم
والعدوان واتقوا اللہ ان
اللہ شدید العقاب (اگر یاری
کند تحت ایں آیت بیاید) واگر در راہ خدائے
تعالیٰ بیایند وایشاں یاری طلبند شما
یاری دہید کما قال اللہ تعالیٰ
وان استنصروکم فی الدین
فعلیکم النصر الآیۃ (جزء ۱۰
رکوع ۶) خوشنودی بندگی میراں ؑ و بندگی
سید خوندمیر رضؓ و بندگی میاں نعمت رضؓ بلکہ اکثر
مہاجراں رضؓ نبود کہ ایشاں بخانہ قرابتان
دنیاداراں بروند چنانچہ نقلہا ری
شہر کاہہ و شہر نہروالہ و موضع بھدری
والی کہ بالا اسطور است برادران مذکور
را ازیں جہت زجر بسیار کردند۔ ونیز
نقلست وقتی کہ ملک الہداد رضؓ با دائرہ
از جالور نزدیک شہر نہروالہ چند روز ماندند

برادروں نے رجوع کی اور کہا کہ ہم سے
خطا ہوئی کہ گھر والوں کو جانے دیا اس کے
بعد برادروں نے گھر والوں کو جلد بلوا لیا اور
یہ ناقل حاضر تھا پس اگر (اہل دائرہ) دنیا دار
قرابت داروں کی طرف میل کریں تو (صاحبان
دائرہ) کو چاہئے کہ ان کے ساتھ کسی قسم کی معاونت
نہ کریں اور اگر مدد کریں تو مہدی ؑ اور یاران مہدی ؑ
کی روش کے خلاف بلکہ بدعت ہے۔ چنانچہ اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے کہ بایکدیگر مدد کرو تم نیکی
اور تقویٰ پر اور بایکدیگر مدد نہ کرو گناہ
اور دشمنی پر اور ڈرو تم اللہ سے تحقیق
اللہ سخت عذاب دینے والا ہے (اگر
مدد کرے تو اس آیت کے تحت میں
داخل ہو جائے) اور اگر خدا کی راہ میں آئیں
اور مدد طلب کریں تو تم ان کی مدد کرو چنانچہ فرمان
خدا ہے کہ اور اگر تم سے دین میں مدد چاہیں تو تم پر
مدد کرنا واجب ہے۔ الخ حضرت مہدی ؑ بندگی
سید خوندمیر رضؓ اور بندگی میاں نعمت رضؓ بلکہ اکثر
مہاجرین کی خوشنودی نہ تھی کہ اہل دائرہ
کے باہر رہنے والے دنیا دار قرابت داروں
کے گھر جائیں چنانچہ شہر کاہہ اور شہر نہروالہ اور موضع
بھدری والی کی نقلیں اوپر مذکور ہوئی ہیں اسی
وجہ برادران مذکور کو بہت تنبیہ کی۔ اور نیز نقل
ہے جس وقت کہ ملک الہداد رضؓ جالور سے دائرہ
کے ساتھ گئے اور شہر نہروالہ کے قریب چند
روز رہے اور فرمایا کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص

وفرمودند کہ مبادا کسی برای ملاقات قرابتان در شہر روندو اگر ملاقات ایشان کنید و یا شما روید در دائرہ نیائید ہر جا کہ خواہید بروید یا ہمانجا بمانید و نیز معلوم باد درانوقت کہ بعضی یاران از کاہہ بازگشتند و بندگی میاں سید خوندمیرؓ ہم بطرف گجرات آمدند بعضی برادران پیش حضرت میرانؑ عرض کردند میرا بھتیجو سید خوندمیرؓ را رفتن مدہید قرابتان ایشان دنیا دار اند مبادا آمدن ندہند حضرت میرانؑ فرمودند بندہ می فرستد خدائے تعالیٰ دین خود را زیادہ خواہد کرد ونیز نقلست از بندگی سید خوندمیرؓ کہ وقتی ملک معروفؓ پیش حضرت میرانؑ عرض کردند کہ مادر بندہ مکتوب فرستادہ است کہ یکبار ایں جا بیائید اگر رضائی خوندکار باشد ایں بندہ برود حضرت میرانؑ جواب فرمودند کہ ملک معروفؓ مادر خود را جواب نوشتہ بفرسید کہ ملک معروف مرد۔ ونیز نقلست کہ میاں علی دھولخیہ در شہر ناگور در دائرہ بندگی میاں نعمتؓ نقل شدو پنجاہ فیروزی ترکہ گزاشتہ میاں نعمتؓ سویت کردہ تمام دائرہ را دادند و پسر و دختر میاں علی در دھولخہ بودند ایشانرا نفرستادند کہ ایں حق از آں فقیران دائرہ ہست ونیز نقلست کہ در قصبہ بڑلی میاں فقیہ محمد بدست راجپوت شہید شدند بندگی میاں نظامؓ قرابتانِ میاں مذکور

شہر میں عزیزوں کی ملاقات کے لئے جائے اور اگر ان سے ملاقات کرے یا تم جاؤ تو پھر دائرہ میں نہ آؤ جہاں چاہو چلے جاؤ یا وہیں رہو اور نیز واضح ہو جس وقت کہ بعضے یاراں کاہہ سے واپس ہوے بندگی میاں سید خوندمیرؓ بھی گجرات کی طرف آئے بعضے برادروں نے حضرت مہدی علیہ السلام کے حضور میں عرض کیا کہ میرا بھتیجو سید خوندمیرؓ کو جانے نہ دو کہ ان کے رشتہ دار دنیا دار ہیں ایسا نہ ہو کہ آنے نہ دیں حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ بندہ بھیجتا ہے خدا تعالیٰ اپنے دین کو زیادہ کرے گا اور نیز بندگی میاں سید خوندمیرؓ سے منقول ہے کہ ایک وقت ملک معروفؓ نے حضرت مہدیؑ سے عرض کیا کہ میری والدہ نے خط بھیجا ہے کہ ایک بار یہاں آنا اگر خوندکار کی رضا ہو تو یہ بندہ جاتا ہے حضرت مہدیؑ نے جواب فرمایا کہ اے ملک معروف اپنی والدہ کو لکھ بھیجو کہ ملک معروف مرگیا۔ اور نیز نقل ہے کہ میاں علی دھولخیہ نے شہر ناگور میں بندگی میاں نعمتؓ کے دائرہ میں انتقال کیا اور پچاس فیروزی ان کے ترکہ سے تھے میاں نعمتؓ نے تمام دائرہ میں سویت کردی اور میاں علی کا لڑکا اور لڑکی دھولخیہ میں تھے ان کو نہیں بھیجا کہ یہ حق دائرہ کے فقیروں کا ہے اور نیز نقل ہے کہ قصبہ بڑلی میں میاں فقیہ محمد راجپوت کے ہاتھ سے شہید ہوئے بندگی میاں نظام رضی اللہ عنہ نے میاں مذکور کے رشتہ داروں کو اطلاع

راخبر کردند وانچہ ترکہ گذاشتہ بود تسلیم قرابتان
کردند چونکہ بندگی سید خوندمیرؓ شنیدند فرمودند
کہ نیک نہ کردند کہ قرابتان را دادند ایں حق
فقیران و مہاجران بود پس اگر ایشان ہجرت
وجہاد کنند ایشان از شما ہستند با ایشان
حق صلہ رحم بجا باید آورد کما قال
سبحانہ و تعالیٰ والذین
امنوا وھاجروا وجاھدوا
فی سبیل اللہ والذین
اٰووا ونصروا اولئک ھم
المؤمنون حقا لھم مغفرۃ
ورزق کریم والذین
امنوا من بعد وھاجروا
وجاھدوا معکم فاولئک
منکم واولوا الارحام بعضھم
اولیٰ ببعض فی کتب اللہ ان
اللہ بکل شیٔ علیم (جزء ۱۰ رکوع ۶)
پس اگر ہجرت کنند و با خدای و با مومنان صلح کنند
انگہ ایشان پس روان مومنان باشند بندگی
میاں سید خوندمیرؓ از زبان گوجری فرمودند کہ
کیرہ دائیاں مومنان باشند پس اگر ایشان ہجرت
کنند با مہاجران پیشیان برابر درجات نباشند
ومہاجران پیشیان را درجات و مغفرت
واجر بزرگ باشد کما قال اللہ
تعالیٰ لا یستوی منکم
من انفق من قبل الفتح

کی اور جو کچھ ترکہ موجود تھا رشتہ داروں کے حوالہ کیا۔
جب یہ خبر بندگی میاںؓ نے سنی تو فرمایا کہ اچھا نہیں
کئے جو قرابت داروں کو دیئے یہ حق فقیروں اور مہاجروں
کا تھا پس اگر یہ لوگ ہجرت اور جہاد کریں (اس وقت)
یہ لوگ تم سے ہیں پس ان کے ساتھ حق صلہ رحم بجالانا
چاہیئے جیسا کہ حق سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا کہ اور
جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں
جہاد کیا اور وہ لوگ جنہوں نے پناہ دی
اور مدد کی وہی لوگ مومنین ہیں برحق
ان کے لئے بخشش اور عزت کی روزی
ہے اور جو بعد کو ایمان لائے اور ہجرت
کی اور جہاد کیا تمہارے شریک حال
ہوکر تو وہ تم ہی میں داخل ہیں اور رشتہ دار
آپس میں زیادہ حق دار ہیں ایک دوسرے
کے اللہ کے حکم میں تحقیق اللہ ہر چیز کو
جاننے والا ہے۔ پس اگر ہجرت کریں اور
خدا اور مومنوں کے ساتھ صلح کریں تو اس
وقت یہ لوگ مومنوں کے پیرو ہوں گے
بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے گوجری زبان
میں فرمایا کہ پس روی کرنے والے مومن ہوتے
ہیں پس اگر یہ لوگ ہجرت کریں تو اگلے مہاجروں
کے درجات کے برابر نہ ہوں گے اور
اگلے مہاجرین کے درجات اور مغفرت
اور اجر بڑے ہیں چنانچہ فرمان خدا ہے
کہ فتح (فتح مکہ) سے پہلے جنہوں نے
تم میں سے خرچ کیا اور قتال کیا

وقاتل اولئك اعظم
درجة من الذين انفقوا
من بعد وقاتلوا وكلا
وعد الله الحسنى (جزء ۲۷ رکوع ۱۷)
وہر یکی را وعدہ حسنیٰ باشد لیکن مہاجران
پیشینیان را درجات بزرگ باشد ونیز
نقلست کہ حضرت میراں علیہ السلام
فرمودند کہ یک نظر بندہ بہتر است
از عبادت ہزار سال کہ مقبول است ؎

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند
آیا بود کہ گوشۂ چشمی بما کنند

نقلست از میاں بہائی مہاجر رض کہ
حضرت میراں ع فرمودند ہر کہ صحبت مہدی ع
ایں مقدار بکند کہ از پا افراز خاک بیند
ازو ہر آنچہ گناہان پیش کردہ بود ہمہ عفو
شوند چنانچہ حدیث مسطور است در
تمہید عین القضات کہ رسول ص صفت گروہ
مہدی ع ایں چنیں فرمودہ اند کہ یا اباذر[1]
الخ۔ نقلست کہ حضرت میراں علیہ السلام

یہ لوگ درجہ میں زیادہ بڑے ہیں ان لوگوں
سے جنھوں نے بعد میں خرچ کیا اور قتال کیا اور ہر
ایک سے وعدہ کیا ہے اللہ نے بھلائی کا ہر ایک
کے لئے وعدۂ نیک ہے لیکن اگلے مہاجرین کے درجے
بڑے ہیں اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام
نے فرمایا کہ بندہ کی ایک نظر ہزار سال کی
مقبولہ عبادت سے بہتر ہے ؎

جو لوگ مٹی کو ایک نظر میں کیمیا بنا دیتے ہیں
کیا ایسا بھی ہوگا کہ ایک نظر ہم پر بھی ڈالیں

میاں بھائی مہاجر رضی اللہ عنہ سے منقول
ہے کہ حضرت مہدی ع نے فرمایا جو شخص کہ مہدی ع کی صحبت
میں اتنی دیر رہا حتیٰ کہ جوتیوں کی گرد جھاڑنے
میں لگتی ہے تو پہلے اس نے جو کچھ گناہ
کیا تھا سب معاف ہو جائیں گے چنانچہ تمہید عین
القضات میں حدیث شریف مرقوم ہے کہ
رسول ع نے مہدی ع کے گروہ کی صفت اس
طرح بیان فرمائی ہے کہ ای ابوذر الخ

---

[1] یا اباذر اتدری ما غمی
وفکری والی ای شیئ اشتیاقی
فقال اصحابہ خبرنا یا رسول
اللہ ص بغمک وفکرک ثم قال
لا واشوقا الی لقاء اخوانی
(باقی صفحہ ۱۷۶ پر)

یا ابوذر کیا تو جانتا ہے کہ میں کس غم اور فکر میں
ہوں اور کس شئے کی طرف میرا اشتیاق ہے پس اصحاب رض
نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ص ہم کو اپنے غم اور فکر
سے آگاہ فرمایئے پھر آپ ص نے فرمایا آہ میرے
بھائیوں کی ملاقات کا شوق ہے جو میرے بعد
(باقی صفحہ ۱۷۶ پر)

فرمودند کیکہ اول روز ہجرت کردہ درراہ خدائے تعالیٰ آمدہ است آنکس مرشد کسی است کہ آخر روز ہجرت کردہ در راہ خدائے تعالیٰ آمد یعنی وقت عصر

فرمایا کہ جو شخص صبح میں ہجرت کر کے خدائے تعالیٰ کی راہ میں آیا ہے وہ شخص اس کا مرشد ہے جو شام میں ہجرت کر کے خدائے تعالیٰ کی راہ میں آیا یعنی عصر کے وقت

بسلسلہ صفحہ (۱۷۵) سے یکونون من بعدی شانھم کشان الانبیاء وھم عند اللہ بمنزلة الشھداء یفرون من الاباء والامھات والاخوات والاخوال والابناء ابتغاء لمرضات اللہ وھم یترکون المال للہ ویذللون انفسھم بالتواضع لایرغبون فی الشھوات وفضول الدنیا ویجتمعون فی بیت ..... من بیوت اللہ تعالیٰ مغمومین محزونین من حب اللہ قلوبھم الی اللہ وروحھم من اللہ وعملھم للہ۔
واین حدیث در تمہید مذکور است۔

(از مکتوب ملتانی مطبوعہ صفحہ ۲۱)

بسلسلہ صفحہ (۱۷۵) سے۔
ہونے والے ہیں کہ ان کی شان انبیاء کے مانند ہے اور وہ خدا کے پاس شہدا کے ہم مقام ہیں خدا کی خوشنودی کے لئے وہ اپنے ماں باپ اور بھائی بہن اور بچوں سے بھاگیں گے اور وہ خدا کے لئے مال کو ترک کر دیں گے اور اپنے نفس کو تواضع سے ذلیل کر دیں گے شہوتوں اور فضولیات دنیا میں نہ ڈوبیں گے اور کسی ایک مسجد میں جمع ہوں گے خدا کی محبت میں مغموم اور محزون ہوں گے ان کے دل خدا کی طرف ہوں گے ان کی روح خدا سے واصل اور ان کا سارا کام خاص اللہ کے لئے ہوگا۔ اور یہ حدیث تمہید میں مذکور ہے۔

(از مکتوب ملتانی صفحہ ۲۱)

ہجرت کردہ آمدزیرا کہ آخر کسیکہ ہست اول کس رادیدہ آمدہ است پس ناچار اول مرشد آخر است ونیز **نقلست** از سید الشہداء بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ در عقیدۂ خود نبشتہ اند کہ حضرت میراںؑ چنیں فرمودند کہ پیش ایں بندہ تصحیح میشود وفرمان میشود کہ ای سید محمد ہر کہ پیش تو صحیح شد او مقبول حضرت ما است وہر کہ پیش تو صحیح نشد او عند اللہ مردود است ونیز سید الشہداء فرمودند ایں زماں کسانیکہ ہجرت کردہ می آیند ہماں کسانند کہ ارواحہای ایشاں پیش آں ذات صحیح شدہ اند نہ بمجرد واسطہ بیان ما می آیند پس پسینانرا باید کہ مہاجرانِ پیشینیاں را غل وغش نکنند ونیک خواہانِ ایشاں باشند کما قال اللہ تعالیٰ والذین جاؤ من بعدھم یقولون ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین اٰمنوا ربنا انک روف رحیم (جز ۲۸ رکوع ۴) ونیز **نقلست** در نین پور کہ پورہ ایست از احمد آباد نزدیک قبر میاں عبد المجید رضی اللہ عنہ اکثر مہاجران رضؓ محضر کردہ بودند، ہمچو میاں سید خوندمیر رضؓ ومیاں شاہ نظام رضی اللہ عنہ ومیاں نعمت رضؓ

ہجرت کرکے آیا اس لئے کہ جو شخص آخر میں آیا ہے پہلے شخص کو دیکھ کر آیا ہے پس ناچار پہلا مرشد آخر کا ہے اور نیز سید الشہداء بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے آپ نے اپنے رسالہ عقیدہ شریفہ میں تحریر فرمایا ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے ایسا فرمایا ہے کہ اس بندہ کے سامنے تصحیح ہوتی ہے اور فرمان ہوتا ہے کہ ای سید محمد جو تیرے سامنے صحیح ہوا وہ ہماری درگاہ میں مقبول ہے اور جو تیرے سامنے صحیح نہ ہوا وہ اللہ کے پاس مردود ہے اور نیز بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس زمانہ میں جو اشخاص ہجرت کرکے آتے ہیں وہی اشخاص ہیں کہ جن کی روحیں مہدی علیہ السلام کے حضور میں صحیح ہو چکی ہیں نہ صرف ہمارے بیان کے واسطے سے آتے ہیں پس بعد والوں کو چاہیئے کہ اگلے مہاجرین سے کدورت نہ رکھیں اور ان کی بھلائی کے خواہاں رہیں جیسا کہ فرمان خدا ہے کہ اور جو لوگ آئے ان کے بعد کہتے ہیں کہ اے ہمارے پرور دگار بخش دے ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور پیدا نہ کر ہمارے دلوں میں کینہ ایمان والوں کی بابتہ اے ہمارے پرور دگار تو ہی شفیق مہربان ہے۔ اور نیز نقل ہے کہ نین پور میں جو احمد آباد کا ایک محلہ ہے میاں عبد المجید رضؓ کی قبر کے پاس اکثر مہاجروں نے محضر کیا تھا مثلاً میاں سید خوندمیر رضؓ میاں شاہ نظام رضی اللہ عنہ میاں نعمت رضی اللہ عنہ ومیاں ملک جیو رضی اللہ عنہ

ومیاں ملک جیو رضؓ ومیاں دلاور رضؓ ومیاں
لاڑ امام رضؓ ومیاں ملک معروف رضؓ وورای ایشان
دراں مجلس بعضی قاعداں ہم نشستہ بودند
سید الشہداء فرمودند کہ از مجلس مہاجراں
رضی اللہ عنہ قاعداں را استادہ کنید بعد از
اتفاق خواہم طلبید و ایں ناقل حاضر بود ونیز
بندگی سید الشہداء درانوقتیکہ سوی شہر
نہروالہ رفتند مشورت با ملک فخر الدین و با
ملک لطیف کردہ بودند ایشاں خلاف
مشورت کردند بعدہ بندگی میاں رضی اللہ عنہ
فرمودند کہ بندہ مشورت بعد ازیں با قاعداں
نکند چنانکہ ایشاں سوی خویش خواہند
کشید و معلوم باد تا زمانیکہ مردمانِ
دائرہ در دائرہ نیامدہ بودند ایشاں را بندگی
سید خوندمیر رضی اللہ عنہ قاعداں ولسانیاں
ودنیا داراں فرمودند وقتیکہ در دائرہ آمدند
وہم در دائرہ نقل شدند ایشاں را بشارت
ہا دادند چنانچہ در وقت رسول علیہ السلام دہ کساں
مخلصاں مشورت با قاعداں کردہ بودند از
رسول علیہ السلام بس ماندند وکسانیکہ از رسول علیہ السلام پس
ماندند در حق ایشاں آیتہای نفاق نازل شدہ
بعدہ این دہ کساں مخلصاں پشیمان شدند
ہفت کساں خود را در بستہ کنا یندند وسہ
کساں بکوہ ہا رفتند و چنداں زاری کردند
کہ توبہ ایشاں قبول شد کما قال
اللہ تعالیٰ لقد تاب اللہ

میاں دلاور رضی اللہ عنہ میاں لاڑ امام رضی اللہ عنہ
اور میاں ملک معروف رضی اللہ عنہ اور اس مجلس میں انکے
سوائے بعضے قاعدین بھی بیٹھے ہوئے تھے سید الشہداء
رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مہاجرین کی مجلس سے قاعدین
کو اتحاد و اتفاق کے بعد طلب کرلوں گا اور یہ ناقل حاضر
تھا اور نیز بندگی سید الشہداء رضی اللہ عنہ نے اس
وقت جبکہ آپ شہر نہروالہ گئے تھے ملک فخر الدین
اور ملک لطیف کے ساتھ مشورت کی تھی انہوں نے
مشورہ میں مخالفت کی اس کے بعد بندگی میاں
رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بندہ بعد ازیں قاعدوں سے
مشورہ نہیں کرے گا اس لئے کہ یہ لوگ اپنی طرف کھینچیں گے
اور واضح ہو کہ جب تک دائرہ کے لوگ دائرہ میں
نہیں آئے ان کو بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ
نے قاعداں اور لسانیاں اور دنیا داراں فرمایا اور
جب دائرہ میں آ گئے اور دائرہ ہی میں انتقال کئے
تو ان کو بشارتیں دیں چنانچہ رسول علیہ السلام کے وقت میں دس
مخلص اشخاص نے قاعدوں سے مشورت
کی اور رسول علیہ السلام سے الگ رہے جو لوگ (بوقت ہجرت)
رسول علیہ السلام سے الگ رہے ان کے حق میں نفاق کی آیتیں
نازل ہوئیں اس کے بعد یہ دس مخلص اشخاص پشیمان
ہوئے سات اشخاص اپنے دروازے بند کر لئے
اور تین اشخاص پہاڑوں پر چلے گئے ادھر
اس قدر زاری کی کہ ان کی توبہ قبول ہوئی
چنانچہ فرمان خدا ہے کہ البتہ تحقیق توبہ
قبول کی اللہ نے نبی علیہ السلام کی اور مہاجرین
کی اور انصار کی جنھوں نے پیروی کی اس کی

علی النبی والمہاجرین والا
نصار الذین اتبعوہ فی
ساعۃ العسرۃ من بعد
ما کاد یزیغ قلوب فریق
منہم ثم تاب علیہم
انہ بہم رؤف رحیم و
علی الثلثۃ الذین خلفوا
حتی اذا ضاقت علیہم
الارض بما رحبت وضاقت
علیہم انفسہم وظنوا ان
لا ملجا من اللہ الا الیہ
ثم تاب علیہم لیتوبوا
ان اللہ ہو التواب الرحیم
(ج ۱۱ رکوع ۳) فرمان شد کہ با قاعدان مشورت
مکنید با مہاجران و صادقان مشورت کنید
کما قال اللہ تعالیٰ یا ایہا الذین
امنوا اتقوا اللہ وکونوا مع
الصادقین و صادق ایشانند کہ
خدائے تعالیٰ گفتہ است للفقراء
المہاجرین الذین اخرجوا
من دیارہم واموالہم
یبتغون فضلا من اللہ
ورضوانا وینصرون اللہ
ورسولہ اولئک ہم
الصادقون ونیز معلوم باد کہ در احمد آباد
در دائرہ نین پور در دائرہ بی بی بون رض وبندگی

تنگی کے وقت میں من بعد اس
کے کہ قریب تھا کہ کج ہو جاتے دل ان میں
سے ایک فریق کے پھر توبہ قبول کرلی اللہ
نے ان کی تحقیق کہ اللہ ان پر رافت والا
مہربان ہے اور توبہ قبول کی تین آدمیوں کی جو
پیچھے رہ گئے اس وقت تک کہ تنگ ہو گئی
ان پر زمین باجود کشادگی کے اور تنگ
آگئیں ان پر ان کی جانیں اور گمان کیا
انہوں نے کہ نہیں پناہ اللہ کے غصہ سے
مگر اس کی طرف پھر جب اللہ نے انھیں
توبہ کی توفیق دی تاکہ وہ توبہ کریں
تحقیق اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان
ہے فرمان ہوا کہ قاعدوں سے مشورہ
مت کرو اور مہاجرین اور صادقین سے
مشورہ کرو۔ چنانچہ فرمان خدا ہے کہ اے
مومنو ڈرو اللہ سے اور ہو جاؤ تم صادقین
کے ساتھ اور صادق یہی لوگ ہیں کہ جن کے متعلق
خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ مہاجر فقیروں کے لئے
ہے جو نکالے گئے ان کے گھروں سے اور
ان کے اموال سے چاہتے ہیں وہ فضل
کو اللہ کے اور رضامندی اور مدد
کرتے ہیں اللہ کی اور اس کے رسول
کی وہی لوگ صادق ہیں اور نیز
واضح ہو کہ احمد آباد میں نین پور
کے دائرہ میں یعنی بی بی بون رضی اللہ عنہ
اور بندگی سید ابراہیم ۔ن

سید ابراہیم رضؓ بن میراں سید محمد مہدیؑ در مسجد ایشاں محضر شدہ بود و بعضی قاعداں دریں محضر نشستہ بودند بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند کہ از مجلس مہاجراں رضؓ قاعداں را استادہ کنید۔ بعدہ برادراں دست احمد شہ خدن و محمود ملتانی گرفتہ استادہ گردانیدند میاں عبدالحلیم پیش ایں بندہ ولی یوسف گفتند کہ میاں شہیر ملک رضؓ ہم خواستند کہ از مجلس استادہ شوند بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند کہ شما چرا استادہ می شوید شما برابر آنحضرتؑ بودید بعدہ نشستند و نیز بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند باید کہ در مسجد جامع و در نماز عید مستعد شدہ و جامہ نیک پوشیدہ و با سلاح و جمعیت بردیم تا مخالفاں خشم خورند و سوختہ شوند و بگویند کہ ایشاں ایں چنیں بسیار ہستند و از مومناں تبرسند پس کسانِ مہدویاں را ایں چنیں باید کرد کہ در مسجد جامع و نماز عید بدیں طریق بروند و ہیچ کیفیت نہ کنند۔ کما قال اللّٰہ تعالیٰ ماکان لاھل المدینۃ ومن حولھم من الاعراب ان یتخلفوا عن رسول اللّٰہ ولا یرغبوا بانفسھم عن نفسہ ذٰلک بانھم لایصیبھم ظما ولانصب

میراں سید محمد مہدی علیہ السلام کے دائرہ کی مسجد میں جمع ہوئے تھے اور بعضے قاعدین اس مجلس میں بیٹھے تھے بندگی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مہاجروں کی مجلس سے قاعدوں کو اٹھا دو اس کے بعد برادروں نے احمد شہ خدن اور محمود ملتانی کا ہاتھ پکڑ کر اٹھا دیا میاں عبدالحلیم نے اس بندہ ولی ابن یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے کہا کہ میاں شہیر ملک رضی اللہ عنہ بھی چاہتے تھے کہ مجلس سے اٹھ جائیں بندگی سید خوندمیر رضؓ نے فرمایا کہ تم کس لئے اٹھتے ہو کیونکہ تم حضرت مہدیؑ کے ساتھ تھے اس کے بعد بیٹھ گئے اور نیز بندگی سید خوندمیر رضؓ نے فرمایا کہ چاہیئے کہ جامع مسجد اور عیدگاہ کو (الغرض تبلیغ) مستعد ہو کر اچھا لباس پہنے ہوئے باہتھیار جمعیت کے ساتھ جائیں تاکہ مخالفین غصہ کی آگ میں جلیں اور کہیں کہ یہ لوگ اتنے بہت ہیں اور مومنوں سے ڈریں پس مہدویوں کو ایسا ہی کرنا چاہیئے کہ جامع مسجد اور عیدگاہ کو اسی طرح جائیں، اور کوئی کیفیت نہ کریں جیسا کہ فرمان خدا ہے کہ مناسب نہ تھا اہل مدینہ اور ان کے گرد و نواح کے گنواروں کو کہ پیچھے رہ جائیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی ہمراہی سے اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو زیادہ چاہیں رسولؑ کی جان سے یہ اس لئے کہ ان جہاد کرنے والوں کو نہیں پہنچتی پیاس اور نہ رنج اور نہ بھوک اللہ کی راہ میں اور نہ چلتے ہیں

ولا مخمصة فی سبیل اللّٰه ولا یطؤن موطئا یغیظ الکفار ولا ینالون من عدو نیلا الا کتب لهم به عمل صالح ان اللّٰه لا یضیع اجر المحسنین ولا ینفقون نفقة صغیرة ولا کبیرة ولا یقطعون وادیا الا کتب لهم لیجزیهم اللّٰه احسن ما کانوا یعملون (جزو ۱۱ رکوع ۴) پس باید کہ آنچہ صفتہای مومنان خدائے تعالیٰ دریں ذکر کردہ است تمام آن در عمل آرد چوں تمام آں در عمل آوردہ باشد آنگہ عمل صالح تمام گردد و مرتب شود نہ بمجرد ذکر و نماز و روزہ تمام شود و

نقلست از بندگی سید خوند میر رضؓ حضرت میراںؑ فرمودند کسانیکہ از گجرات بخراساں می روند و در راہ خدائے تعالیٰ ہیزم و آب می آرند و دیگدانہا می کاوند ہمہ فعل عمل صالح است چراکہ ایں ہمہ فعلہا برائے خدائے تعالیٰ اختیار کردہ اند و با بچہ کودکاں لعب کردن تمام عمل صالح است

ایسے مقام پر جو غصہ دلاے کافروں کو اور نہ حاصل کرتے ہیں دشمن سے کوئی چیز مگر کہ ان کے لئے لکھا جاتا ہے ہر کام کے بدلے بے شک اللہ نہیں ضائع کرتا اجر نیک کام کرنے والوں کا اور نہ خرچ کرتے ہیں کوئی خرچ چھوٹا اور نہ بڑا اور نہ سطے کرتے ہیں کوئی میدان مگر کہ یہ سب ان کے نام لکھ لیا جاتا ہے تاکہ ان کو اللہ بدلہ دے بہتر سے بہتر ان کے اعمال کا پس خدائے تعالیٰ نے مومنوں کی جو صفتیں اس آیت میں بیان کی ہیں ان تمام پر عمل کرے جب ان تمام پر عمل کیا جائے اس وقت عمل صالح کامل و مکمل ہوتا ہے نہ صرف ذکر اور نماز و روزہ سے مکمل ہوتا ہے۔ بندگی میاں سید خوند میر رضؓ سے منقول ہے۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا جو لوگ گجرات سے خراسان جاتے ہیں (ہجرت کرتے ہیں) اور خدائے تعالیٰ کی راہ میں لکڑی اور پانی لاتے ہیں اور چولھے کھودتے ہیں یہ سب کام عمل صالح ہیں اس لئے کہ یہ سب کام خدائے تعالیٰ کے لئے اختیار کئے ہیں اور بچوں کے ساتھ کھیلنا[1] تمام عمل صالح ہے مومنوں کے کاموں سے ہے اور نقل ہے کہ

---

[1] حضرت مہدی علیہ السلام نے خدا کے حکم اور خدا کی کتاب سے آٹھ پہر کے ذکر کو فرض فرمایا ہے اور سلطان اللیل سلطان النہار کی حفاظت کی سخت تاکید فرمائی ہے۔ لہٰذا دائرہ میں نماز فجر و مغرب کے بعد کوئی شخص قرآن شریف بھی بلند آواز سے نہیں پڑھتا تھا اگر کسی طالب مولیٰ کا بچہ گڑبڑ کرتا تو وہ طالب اس مقصد سے کہ دوسرے طالبین ذاکرین کے ذکر میں خلل نہ ہو اپنے بچے کو دائرہ

باقی صفحہ ۱۸۲ پر

امور منان است و نقلست کہ حضرت میران ؑ فرمودند در وقت رسول ؑ بعضی مہاجران رض بودند و بعضے انصار و در وقت مہدی ؑ انصار نباشند کہ میران ؑ فرمودند ناصر مہدی ؑ خدا است و مہدی ؑ را جز مہاجران رض نباشند و تارکان ہجرت را حضرت میران ؑ منافقان فرمودند پس کسانیکہ در حق ایشان منافقان فرمودند سوی ایشان میل نباید کرد و در خانہ ایشان نباید رفت و نیز خوشنودی میران سید محمود رض و میاں سید خوند میر رض و میاں نعمت رض نبود کہ با قاعدان سابقہ کنند و با اہل فراغ و اغنیا مصاہرت کردن منع فرمودند و نیز نقلست کہ در دائرہ مہدی ؑ روش یاران مہدی ؑ این بود کہ اگر کسی طالب نو آمدی تا کہ یکسال در دائرہ نماندی دختر دائرہ ندادی اول طریق او میدیدند اگر طالب صادق و مشغول با خدائے تعالیٰ بودی و ثابت قدم در دائرہ ماندے آنگہ دختر دائرہ نکاح کردہ دادندی و در وقت نکاح شرط این چنیں

حضرت مہدی ؑ نے فرمایا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت بعضے مہاجرین تھے اور بعضے انصار اور مہدی ؑ کے زمانے میں انصار نہ ہوں گے کیوں کہ مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ مہدی ؑ کا ناصر خدا ہے اور مہدی علیہ السلام کے لئے مہاجرین کے سوائے دوسرے نہ ہوں گے اور ہجرت ترک کرنے والوں کو حضرت مہدی ؑ نے منافق فرمایا پس جن لوگوں کے حق میں منافق فرمایا ہے ان کی طرف رغبت نہیں کرنی چاہئے اور ان کے گھر نہیں جانا چاہئے اور نیز قاعدین سے سابقہ کرنے میں میراں سید محمود رضی اللہ عنہ، میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ، اور میاں نعمت رضی اللہ عنہ کی خوشنودی نہ تھی اور توانگروں اور مالداروں کے بیٹا بیٹی سے عقد کرنے کو منع فرمایا اور نیز نقل ہے کہ مہدی ؑ کے دائرہ میں یاران مہدی ؑ کی روش یہ تھی کہ اگر کوئی نیا طالب مولیٰ آتا جب تک ایک سال دائرہ میں نہ رہتا دائرہ کی لڑکی سے عقد نہیں کرتے اول اس کا طریق دیکھتے تھے اگر طالب صادق اور خدائے تعالیٰ کی یاد میں مشغول اور دائرہ میں ثابت قدم رہتا تو اس وقت دائرہ کی لڑکی سے عقد کردیتے

(حاشیہ لسلسلہ صفحہ ۱۸۱ سے) سے باہر لے جاکر کھیل میں لگانا اسی کے متعلق حضرت مہدی ؑ نے فرمایا کہ بچوں کے ساتھ کھیلنا عمل صالح ہے مومنوں کے کاموں سے ہے چنانچہ حضرت بندگی میاں ولی رح نے تحریر فرمایا ہے کہ مہدی ؑ اور یاران مہدی ؑ کے زمانے میں نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد کوئی شخص قرآن شریف بلند آواز سے نہیں پڑھتا اور اگر کسی (طالب مولیٰ) کا بچہ روتا تو باپ اس کو اٹھالے کر دائرہ کے باہر لے جاتا اس خیال سے کہ ایسا نہ ہو کہ ہمسایہ کے حضرات رونے کی آواز سنیں اور ان کے ذکر میں خلل پیدا ہو۔ (از انصاف نامہ باب ۱۱)

می کردند که دختر دائره از دائره بیرون نه بری و در میان طالبان دنیا نه روی و واضح باد که بندگی میاں نعمت رضؓ را دختری بود شخصی از دائره که پدر او در اقرابت بود بندگی میاں نعمت رضؓ را گو یا بنده که دختر شمارا با فلاں کس نکاح کرده بدهید بندگی میاں نعمت رضؓ جواب فرمودند که دختر خود کسی را خواهم داد که بر ازار او سه پیوند بالا باشد بر یکدیگر و ایں چنیں طالبان خدائے تعالیٰ باشند و نیز حضرت میراںؑ ملک برہان الدین مہاجر رضؓ را دختر خود نکاح کرده داده بودند و بندگی سید خوندمیر رضؓ یکی دختر را با میاں ملک جیو بن خواجه طٰهٰ مہاجر رضؓ را نکاح کرده داده بودند و میاں مذکور سید نبودند و لیکن اشراف بودند دومی دختر را با ملک اسمٰعیل نکاح کرده دادند و سیومی دختر ملک اسمٰعیل بن ملک حماد را نکاح کرده دادند ایشاں ہر سه سید نبودند فاما طالبان خدا و تارکان دنیا بودند و نیز بندگی میاں نعمت رضؓ ہر دو دختر ال فقیراں را نکاح کرده دادند بعضی یاران میراںؑ ملامت کردند که غیر کفو را دادند بندگی میاں نعمت رضؓ فرمودند که بنده طالبان خدای را دیده دادیم و بریں آیت عمل کردیم قال الله تعالیٰ ان اکرمکم عند الله اتقٰکم و نیز خوشنودی بندگی میاں رضؓ نبود که دختر میاں سید عطن با ملک میاں باریوال نکاح کنند با ایں ہم که جده مادری آں دختر را پیش ایشاں

اور عقد کے وقت (اس سے) یہ شرط کرتے تھے کہ دائرہ کی لڑکی دائرہ سے باہر نہ لے جائے اور طالبان دنیا کے پاس نہ جائے اور واضح ہو کہ بندگی میاں نعمت رضی اللہ عنہ کی ایک لڑکی تھی دائرہ کا ایک شخص کہ اس کا باپ قرابت دار تھا بندگی میاں نعمت رضؓ کو کہلا بھیجا کہ آپ اپنی لڑکی کو فلاں کے ساتھ نکاح کر دو تو بندگی میاں نعمت رضؓ نے جواب دیا کہ میں اپنی لڑکی ایسے شخص کو دوں گا جس کے پائجامہ پر ایک پر ایک تین پیوند ہوں خدائے تعالیٰ کے طالب ایسے ہوتے ہیں اور نیز حضرت مہدیؑ نے ملک برہان الدین مہاجر رضؓ سے اپنی لڑکی کا عقد کر دیا اور بندگی سید خوندمیر رضؓ نے اپنی لڑکی کو میاں ملک جیو ابن خواجہ طٰہٰ مہاجر رضؓ سے نکاح کر دیا حالانکہ میاں مذکور سید نہ تھے ولیکن اشرف تھے اور دوسری لڑکی کو ملک اسمٰعیل سے نکاح کر دیا اور تیسری لڑکی کو ملک اسمٰعیل ابن ملک حماد سے نکاح کر دیا یہ تینوں (حضرات) سید نہ تھے مگر خدا کے طالب اور تارک دنیا تھے اور نیز بندگی میاں نعمت رضؓ نے اپنی دونوں لڑکیوں کو فقراء سے عقد کر دیا (اس پر) مہدی علیہ السلام کے بعض صحابہ رضؓ نے ملامت کی کہ غیر کفو (شخص) کو دیدیئے۔ بندگی میاں نعمت رضؓ نے فرمایا کہ بندہ طالبان خدا کو دیکھ کر دیا ہے اور اس آیت پر عمل کیا ہے فرمان خدا ہے کہ تحقیق زیادہ شریف تم میں کا وہ ہے نزدیک اللہ کے جو تم میں کا سب سے زیادہ خدا سے ڈرنے والا ہے اور نیز میاں سید عطن کی لڑکی ملک میاں باڑی والی سے نکاح کرنے میں بندگی میاں رضؓ کی خوشنودی نہ تھی باوجودیکہ اس لڑکی کو اس کی نانی نے

صغیر گرفته بود و دختر خود کرده بود و نیز بندگی
میاں رض بر میاں عادلشه بسیار زجر کردند بلکه از
دائره کشیدند که دختر خود را از قرابتان دنیادار
داده بود ۔ و نیز بر میاں قطب الدین یعقوب
بسیار زجر کردند بلکه چنده ماه با میاں قطب الدین
میاں رض حکایت نه کردند طرف روی ایشاں ندیدند
که زن ایشاں دختر خود را در میان طالبان دنیا
داده بود و نیز دختران ایشاں نکاح کرده در
دائره می آوردند و لیکن خوشنودی درین نبود
که دختران دائره با طالبان دنیا نکاح کنند
بندگی سید خوندمیر رض را ازینجهت خوشنودی نبود
که حضرت میراںؑ فرمودند که هر که وجود حیات
دنیا به طلبد او کافر است و این نقل مشهور است
فصل در بیان آں که بجاهای موافقاں برای
طعام خوردن رفتن که اکثر نه رفته اند نقلست
از بندگی میاں لاڑشه رض که حضرت میراںؑ در
خراسان از مسجد جامع سوی دائره می آمدند
یکی خراسانی که خانه در راه بود بسیار عرض کرد
حضرت میراںؑ را که خوندکار کرم فرمایند و در خانه
بنده بیایند میراں علیه السلام فرمودند که عفو
فرمائید آں خراسانی چند بار پیش میراںؑ عرض
کرد که کرم کنید بیائید میراںؑ همیں جواب
فرمودند که عفو فرمائید حضرت میراںؑ نرفتند
و برادراں را رضا دادند که شما بروید بعضی
یاراں رفتند و نیز نقلست از بندگی
میاں دلاور رض که حضرت میراںؑ را در خراسان

ان کے سامنے چھوٹپن سے لے کر اپنی لڑکی بنالیا تھا
اور نیز بندگی میاں رض نے میاں عادلشہ پر بہت ملامت
کی بلکہ دائرہ سے چلادیا کیونکہ انہوں نے اپنی لڑکی دنیادار
عزیزوں کو دی تھی اور نیز میاں قطب الدین یعقوب
کو بہت دھمکایا بلکہ چند ماہ میاں قطب الدین سے میاں رض
نے بات موقوف کردی اور ان کا منھ نہیں دیکھا اس
لئے کہ ان کی عورت نے اپنی لڑکی طالبان دنیا میں دی
تھی اور نیز ان کی لڑکیوں کو نکاح کرکے دائرہ میں لاتے
تھے ولیکن خوشنودی اس میں نہ تھی کہ دائرہ کی لڑکی
طالبان دنیا کے ساتھ بیاہی جائے اور بندگی سید خوندمیر رض
کی خوشنودی اس وجہ سے نہ تھی کہ حضرت مہدیؑ
نے فرمایا کہ جو شخص حیات دنیا کے وجود کو طلب
کرے وہ کافر ہے ۔ اور یہ نقل مشہور ہے فصل موافقوں
کے گھروں کو کھانا کھانے کے لئے جانے کے بیان میں کہ اکثر
نہیں گئے بندگی میاں لاڑشہ رض سے منقول ہے کہ
حضرت مہدیؑ خراسان میں جامع مسجد سے دائرہ کی طرف
آرہے تھے ایک خراسانی کہ اس کا مکان راستہ میں تھا
حضرت مہدیؑ سے بہت عرض کیا کہ خوندکار کرم فرما
کر بندہ کے گھر آئیں مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ معاف
فرمائے اس خراسانی نے مہدیؑ کی حضور میں چند بار
عرض کیا کہ کرم کرکے تشریف لائیں مہدیؑ نے یہی جواب
دیا کہ معاف فرمائے حضرت مہدیؑ نہیں گئے اور
برادروں کو اجازت دی کہ تم جاؤ بعضے اصحاب گئے اور
نیز بندگی میاں دلاور رض سے منقول ہے کہ حضرت مہدیؑ
کو خراسان میں کسی نے دعوت دی مہدیؑ نہیں گئے
اور میاں دلاور رض کو اور برادروں کو اجازت

کسی مہمان طلبیدہ بود میراںؑ نرفتند و میاں
دلاورؓ را و برادراں را رضا داد ند برادراں رفتند
و میاں دلاورؓ نرفتند بعد ازاں میاں سید
سلام اللہؓ بسیار گفتگو کردند کہ ہمہ کساں
رفتند و ایشاں نیامدند میراںؑ شنیدند و
پرسیدند کہ میاں سید سلام اللہ چہ شور می کنید
یاراں چنانکہ قصہ بود عرض کردند میراںؑ فرمودند
کسانیکہ نرفتند بسیار خوب کردند و ایں نقل
از میاں رکن بن حسن است و ایشاں از
میاں عبدالملک شنیدہ اند۔ **نقلست**
کہ بندگی میاں نعمتؓ فرمودند کسیکہ ایں بندہ
را مہمان میکند آں از جہت اللہ نیست مقصود
او انیست کہ بندہ خوشنود شود و کسیکہ
فقیراں را مہمان می کند آں از جہت اللہ است
چراکہ ایں بندہ در خانہ می خورد **نقلست**
کہ اگر طالبی را خدائے تعالیٰ ہمت بخشیدی و
چیزی حضرت میراںؑ را آوردی از بعضی کساں
قبول کردند و بعضی کسانرا فرمودند کہ شما
بخورید و در دائرہ بمانید و قوت بگیرید و چوں
قوت ماندن بر خدائے تعالیٰ آید آنگہ بدہید
و نیز **نقلست** کہ میاں الہداد حمیدؓ
را چیزے مال بود پیش حضرت میراںؑ گذرا
موضح کھا نبیل کی ہے کہ مہاجران مہدی علیہ السلام میں سے ہر ایک (مثلاً) میاں سید خوندمیر رضؓ میاں نظام رضؓ میاں نعمت رضؓ میاں ملک جیو رضؓ میاں دلاور رضؓ و میاں یوسف رضؓ میاں سلام اللہ رضؓ میاں شیخ محمد رضؓ میاں ملک جیو خواجہ رضؓ میاں خوند ملک رضؓ میاں بھائی مہاجر رضؓ میاں حیدر رضؓ میاں سعد اللہ رضؓ میاں ابراہیم سندھی رضؓ ملک محمد رضؓ میاں حسین ناگوری رضؓ اور دوسرے مہاجران مہدیؑ بھی تھے اور کئی سو طالبان موئی تھے ظہر کی نماز کے بعد بندگی میاںؓ نے مہاجرین رضؓ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ آپ بیان کرو۔ تو تھوڑی دیر تک سب خاموش رہے کسی نے بیان نہیں کیا بعد ازاں کھڑے ہو گئے اور و نیز عصر کے بعد ایک دوسرے کو (بیان کے لئے) کہتے رہے (لیکن) سب خاموش تھے بیان نہیں کئے اس کے بعد سید السادات رضی اللہ عنہ نے دیر تک آنکھیں بند رکھیں بعد ازاں جماعت میں فرمایا کہ بندہ کے دل میں یہ بات آئی تھی کہ یہ بندہ کون شخص ہے کہ مہاجرین رضؓ کے درمیان میں (قرآن کا) بیان کرے اس (خیال) کے ساتھ ہی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن شریف بندہ کے ہاتھ میں دیا اور فرمایا کہ اے سید خوندمیر رضؓ تم بیان کرو بعد ازاں سید السادات رضؓ نے اسی مجلس میں بیان فرمایا قولہ تعالیٰ اور بعض لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر علم و ہدایت اور بغیر کتاب روشن کے پھیر کر اپنے پہلو کو (غرور سے) تاکہ گمراہ کریں اللہ کی راہ سے (دین حق سے) نیز

الحامدون السائحون الراکعون الساجدون الآمرون بالمعروف والناھون عن المنکر والحافظون لحدود اللّٰہ وبشر المومنین (جزء ۱۱ رکوع ۲) فرمودند کہ درمیان کسیکہ این شش صفت باشد امر معروف ونہی منکر کند۔ فکل امرء اذا امر غیرہ بما لا یعمل بہ یلحقہ ھٰذا الوعید قولہ تعالیٰ لم تقولون ما لا تفعلون (جزء ۲۸ رکوع ۹) والثانی لستم علیٰ شیء حتی تقیموا التورٰیۃ والانجیل (جزء ۶ ارکوع ۱۴) والثالث اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتٰب افلا تعقلون (جزء ۱ رکوع ۵) عالم آن باشد کہ عامل باشد والا نہ در روز قیامت در گروہ نوزدہم بیارند و از رویہای ایشان شعلہ‌ہای آتش بیرون آید فرشتگان گویند کہ الٰہی ایشان کیانند فرمان شود این کسانیکہ در دنیا دیگران را امر بہ نیکی کردند وخود نکردند امروز ایشان را این سزا است وتیز **نقلست** ہر کہ بعلم خویش عمل نہ کند وعظ او چنان از خاطر فرو افتد کہ قطرہ باران بر سنگ ونیز **نقلست** عادت بزرگان چنان بود کہ از کاغذ یاد کردند بغرض نقل بعضی می گفتند بلکہ از حق بخلق میرسانیدند۔

توبہ کرنے والے عبادت گزار ثنا کرنے والے اللہ کی راہ میں سفر کرنے والے رکوع سجدہ کرنے والے نیک کام کو کہنے والے اور بُرے کام سے منع کرنے والے اور اللہ کے حدود کی حفاظت کرنے والے اور تو مومنوں کو خوشخبری سنا دے اور فرمایا کہ جس شخص میں یہ چھ صفتیں موجود ہوں وہ امر معروف اور نہی منکر کر سکتا ہے پس ہر وہ آدمی جو کسی کو ایسے کام کا حکم کریں جس پر خود عامل نہ ہو تو وہ اس وعید کا مستحق ہے قول اللہ تعالیٰ کا ہے تم کیوں کہتے ہو ایسی بات جو خود نہیں کرتے دوم یہ کہ تم اچھے نہیں کہلا سکتے جب تک توریت وانجیل کو قائم نہ کرو سوم یہ کہ کیا تم لوگوں کو نیکی کرنے کا حکم کرتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم قرآن شریف کی تلاوت کرتے ہو کیا تم عقل نہیں رکھتے عالم وہ ہے کہ عامل ہو ورنہ قیامت کے روز انیسویں گروہ میں داخل ہوں گے اور ان کے منہ سے آگ کے شعلے نکلتے رہیں گے فرشتے کہیں گے کہ الٰہی یہ کون لوگ ہیں تو فرمان ہوگا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں دوسروں کو نیکی کا حکم کرتے تھے اور خود (عمل) نہیں کرتے تھے۔ آج ان کی یہ سزا ہے اور نیز نقل ہے جو شخص کہ اپنے علم کے موافق عمل نہ کرے تو اس کا وعظ (لوگوں کے) دل سے ایسا ڈھل جائے گا جیسے بارش کا قطرہ پتھر سے اور نیز نقل ہے کہ بزرگوں کی عادت ایسی تھی کہ بیان کرنے کے لئے تحریر کو حفظ کرتے تھے بعض کا قول ہے بلکہ حق سے خلق کو پہونچاتے تھی۔

باب سیزدہم

درذکر امر معروف نہی منکر

از کتاب معدن المعانی عالم باید کہ خود بکند انکہ دیگراں را فرماید تا تحت ایں وعید نہ آید لم تقولون ما لا تفعلون کیکہ ہدایت یافتہ باشد تا دیگراں را راہ نماید چنانچہ مصطفیٰ علیہ السلام را فرمود وان لم تفعل فما بلغت رسٰلتہ (جزء ۶ رکوع ۱۴) ونیز بیان مہدیؑ و یاران دی ہمیں است داعی الی اللہ را ایں صفت باید و حضرت میرانؑ فرمودند کہ وجود حیات دنیا کفر است یعنی زیستن بجان کہ ایں را ہستی وخودی میگویند و فرمودند ہر کہ حیات دنیا بطلبد یا با او صحبت کند یا بخانۂ او برود یا الفت دارد او از آنِ ما نیست و از آن محمدؐ نیست و از آن خدا نیست و فرمودند ہجرت فرضِ عین است از خانماں و توکل و تسلیم و از خلق بے طمع و ترک تعین و نفع و ضرر را از خدائے تعالیٰ بیند و از خلق عزلت و دائم خلوت و ذکر فکر دائم و تقویٰ و توجہ و مراقبہ دائم و عشق و تجرید و تفرید

تیرھواں باب

امر معروف نہی منکر کے بیان میں

کتاب معدن المعانی سے منقول ہے عالم کو چاہیئے کہ خود عمل کرے اس وقت دوسروں کو کہے تاکہ اس وعید کے تحت نہ آئے۔ تم کیوں کہتے ہو ایسی بات جو خود نہیں کرتے جو شخص ہدایت یافتہ ہوتا ہے دوسروں کو راہ دکھاتا ہے چنانچہ مصطفیٰ کو (خدائے تعالیٰ نے) فرمایا کہ اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا تو تو نے ہمارے پیغام کو پہونچایا ہی نہیں۔ اور نیز مہدی علیہ السلام ویارانِ مہدی علیہ السلام کا بیان یہی ہے داعی الی اللہ میں یہ صفت چاہیئے۔ اور حضرت مہدیؑ علیہ السلام نے فرمایا کہ حیات دنیا کا وجود کفر ہے یعنی جان سے جینا کہ اس کو ہستی اور خودی کہتے ہیں اور فرمایا جو شخص حیات دنیا طلب کرتا ہے یا اس کے (طالب حیات دنیا کے) ساتھ صحبت رکھتا ہے یا اس کے گھر جاتا ہے یا اس سے الفت رکھتا ہے وہ ہماری آن سے نہیں اور آنِ محمدؐ سے نہیں اور آنِ خدا سے نہیں ہے۔ فرمایا کہ ہجرت خانماں سے (گھر اور اسباب چھوڑنا) فرض عین ہے اور توکل و تسلیم (اختیار کرے) اور خلق سے بے طمع رہے تعین کو ترک کرے اور نفع و نقصان کو خدا کی طرف سے دیکھے اور خلق سے

وتزکیہ وتخلیہ وتصفیہ وشرح صدر وطلب محبت
وفنا وقرب ووصال ذات حاصل کند واگر ایں
صفت کہ مذکور است ندارد داعی نباشد ہیچ نفع
نکند ونیز **نقلست** کہ میاں نظام رض پیش حضرت
میراں ع عرض کردند کہ اگر رضا باشد بندہ بجائے
خلوت بماند حضرت میراں ع فرمودند آنجا باید ماند
کہ از کسے چیزی بشنوید یا خود بگوئید دیگراں
را بشنوانید ونیز **نقلست** از بندگی میراں
سید محمود رض میاں ملک جیو رض مہاجر مبشر مہدی ع
بودند وچند صد طالبان خانماں گذاشتہ
در دائرۂ میاں مذکور بودند میراں سید محمود رض
فرمودند میاں ملک جیو رض را باید کہ از مہاجران
مہدی ع صحبت اختیار کنند ونیز بندہ ولی یوسف رح
بزبان میاں ملک جیو رض شنیدیم کہ ہر کہ از خدا
ہر روز خبر نو معلوم نکند آں کس از خدا نباشد
ذات اینچنیں بود قال علیہ السلام کن
ذنبا ولا تکن رأسا وصفت ثانی
قال علیہ السلام ان اللہ بعث
النبی داعیا امتہ الی اللہ باذنہ
وھادیا لھم ای الی الصراط
المستقیم وقولہ تعالیٰ یا
یھا النبی انا ارسلناک شاھدا
ومبشرا ونذیرا وداعیا
الی اللہ باذنہ وسراجا
منیرا ٥ وبشر المومنین بان
لھم من اللہ فضلا کبیرا ٥ (جز ۲۲ رکوع ۳)

عزلت کرے اور ہمیشہ خلوت ذکر فکر توجہ اور مراقبہ میں
رہے عشق تجرید وتفرید تزکیہ تخلیہ تصفیہ شرح صدر طلب
محبت فنا قرب اور وصال ذات حاصل کرے اور اگر یہ مذکورہ
صفات نہیں رکھتا ہے تو وہ داعی (الی اللہ) نہ ہوگا (اور اس کا
وعظ) سودمند نہ ہوگا نیز نقل ہے کہ میاں نظام رض نے حضرت
مہدی ع کے حضور میں عرض کیا کہ اگر اجازت ہو تو بندہ خلوت کی
جگہ رہتا ہے حضرت مہدی ع نے فرمایا کہ وہاں رہنا چاہیئے کہ کسی سے
کوئی بات سنو یا خود کہو دوسروں کو سناؤ اور نیز بندگی میراں
سید محمود رض سے منقول ہے کہ میاں ملک جیو رض مہاجر مبشر مہدی ع
تھے اور کئی سو طالب مولیٰ گھر اسباب چھوڑ کر میاں مذکور کے دائرہ
میں تھے میراں سید محمود رض نے فرمایا میاں ملک جیو رض کو چاہیئے کہ
مہاجران مہدی ع کی صحبت اختیار کریں اور نیز بندہ ولی
یوسف رح نے میاں ملک جیو رض سے سنا ہے کہ جو شخص
خدا سے ہر روز نئی خبر معلوم نہ کرے وہ شخص خدا سے نہ ہوگا
ذات ایسی تھی (مگر ایسی ذات کو بھی صحبت میں رہنے کی
ہدایت کی گئی) نبی علیہ السلام نے فرمایا تو محکوم بن حاکم
مت بن - اور صفت دوم نبی علیہ السلام نے فرمایا تحقیق
کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کو اپنے حکم سے امت کو
دعوت الی اللہ اور ہدایت کرنے یعنی صراط مستقیم
کی طرف بلانے کے لئے مبعوث فرمایا چنانچہ قول اللہ تعالیٰ
کا ہے اے نبی ہم نے تجھ کو بھیجا ہے گواہی دینے
والا اور خوشی سنانے والا اور ڈرانے والا اور بلانے
والا اللہ کی طرف اللہ کے حکم سے اور چمکتا ہوا چراغ
(بناکر) اور خوشی سنادے مومنوں کو کہ ان کے لئے
اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے - جس شخص میں
کہ صفات مذکورۂ بالا ہوں ویسے اشخاص مرشد

درکسیکہ ایں صفت کہ بالا مذکور است باشد
آں کساں مرشداں ہستند پیروی اوشاں باید
کرد قال علیہ السلام اصحابی
کالنجوم دبایہم اقتدیتم اھتدیتم
واصحابان مہدی ؑ ہم ستارگاں ہستند وکسی کہ
بزیر پائے ایشاں بمیرد حکم مومن باشد وکسی کہ
تخلقوا باخلاق اللہ حاصل کردہ
باشد و قول فعل بامر اللہ باشد بطفیل ایشاں
ہم نجات باشد واگرنہ صفت بہشتیاں در قرآن
مشکل است قولہ تعالیٰ ام حسبتم
ان تدخلوا الجنۃ ولما یاتکم
مثل الذین خلوا من
قبلکم مستھم الباساء والضراء
وزلزلوا حتی یقول الرسول
والذین امنوا معہ متیٰ نصر اللہ
الا ان نصر اللہ قریب (جزء ۲ رکوع ۱۰)
قال علیہ السلام تحسبون
الجنۃ مرابض الغنم فواللہ لن
تدخلوھا حتی تکونوا کالبردۃ
التی تنزل من السماء ولم
یبلغ الارض وایں زماں ہریک ہوس
مرشدی ودائرہ می کند نباید قال علیہ
السلام کن ذنبا ولا تکن
راسا۔ اکنوں طالبی مشکل است ومرشدی
آسان است۔ **فصل** وکان فضل ؓ
کثیرا ما یبکی ویردد ھذہ لا

ہیں ان کی پیروی کرنی چاہیئے نبی علیہ السلام نے
فرمایا میرے اصحاب تاروں کے مانند ہیں تم جس کی
پیروی کروگے ہدایت پر رہوگے۔ اور مہدی ؑ کے صحابہ ؓ
بھی تارے ہیں اور جو شخص کہ ان کے قدموں کے نیچے
مر جائے وہ حکمی مومن ہوگا۔ اور جو شخص تخلقوا باخلاق
اللہ کی صفت حاصل کرے۔ اور اس کا قول وفعل
امر اللہ کے موافق ہو تو ان کے طفیل سے بھی نجات ہوگی ورنہ
قرآن میں بہشتیوں کی صفت مشکل ہے قول اللہ
تعالیٰ کا ہے کیا تم خیال کرتے ہو کہ چلے جاؤگے جنت میں
حالانکہ تم کو پیش نہیں آئی ان جیسی حالت جو تم سے
پہلے ہوگزرے اور پہنچیں ان کو سختیاں اور تکلیفیں
اور جھڑجھڑائے گئے یہاں تک کہ کہہ اٹھا پیغمبر
اور ایمان والے جو اس کے ساتھ تھے کہ کب آوے گی
مدد اللہ کی ۹ سنو اللہ کی مدد قریب ہے۔ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جنت کو بکریوں
کی ڈڈی سمجھے ہو اللہ کی قسم تم جنت میں ہرگز
داخل نہ ہوگے حتی کہ ہوجاؤ تم مانند اولے کے
جو آسمان سے گرتا ہے اور زمین تک پہنچ
نہیں سکتا اور اس زمانہ میں ہر ایک شخص
مرشدی اور دائرہ کی ہوس کرتا ہے نہیں
کرنی چاہیئے نبی علیہ السلام نے فرمایا۔ تو محکوم بن
حاکم مت بن اب طالبی مشکل ہے اور
مرشدی آسان ہے۔
فصل اور فضل ؓ اکثر آپ
روتے تھے اور بار بار اس آیت کو
پڑھتے تھے ان پر اللہ کی طرف سے وہ

الآية وبدا لهم من الله
ما لم يكونوا يحتسبون (جزء ۲۴ رکوع ۲)
و دعي يبكي ثم يقول عملوا اعما
لا حسبوا انها حسنات واذا هي
سيئات فذلك يبدا لهم
ما لم يكونوا يحتسبون وربما
يردد هذه الآية والله يعلم
اعمالكم ولنبلونكم حتى نعلم
المجهدين منكم والصبرين
ونبلوا اخباركم (جزء ۲۶ رکوع ۸)
ثم يقول الهي ان بلوت اخبار
نا فضحتنا واهلكتنا وهتكت
استارنا - قوله تعالى سنستد
رجهم من حيث لا يعلمون
(جزء ۹ رکوع ۱۳) كقوله تعالى قل ان
تخفوا ما في صدوركم او تبدوه
يعلمه الله (جزء ۳ رکوع ۱۱) واگر پنہاں
از مردماں میکنم آں ہم از حق تعالیٰ فردائی
قیامت جزای عمل و نیت خواہم یافت
قال عليه السلام انما الاعمال
بالنيات وقال عليه السلام
ان الرجل لا يكون مومنا
حتى يكون قلبه مع لسانه
سواء ولسانه مع قلبه سواء
ولا يخالف قوله عمله وعن
اسامة بن زيد رض انه قال قال

وہ بات ظاہر ہوگی جس کے ظہور کی ان کو توقع نہ تھی
اور روتے تھے پھر فرماتے تھے انہوں نے اعمال کئے
اور اس کو نیکیاں تصور کئے لیکایک ان کو معلوم ہوگیا
کہ وہ برائیاں تھیں اور یہ ان کے لئے ظاہر ہوتا
رہے گا جب تک وہ سمجھتے رہیں گے اور اکثر آپ
اس آیت کو پڑھا کرتے تھے۔ اور اللہ
جانتا ہے تمہارے اعمال اور ہم ضرور تم
کو آزمائیں گے تاکہ معلوم کرلیں تم میں جہاد
کرنے والوں اور صابر بندوں کو اور جانچ لیں تمہارے
حالات کو پھر فرماتے تھے اے میرے خدا اگر
تو نے ہمارے حالات کا امتحان لیا تو بس
تو نے ہم کو رسوا کردیا اور ہلاک کردیا اور
ہماری پردہ دری کردی اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے (جنہوں نے جھٹلائیں ہماری
آیتیں) ہم ان کو آہستہ آہستہ پکڑیں گے
جہاں سے وہ نہ جانیں گے چنانچہ فرمان
خدا ہے کہ کہدو (اے محمد) اگر تم چھپاؤ
جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے یا اسے
ظاہر کرو بہر حال اللہ اس کو جان ہی
لے گا اور اگر (کوئی عمل) لوگوں سے چھپا کر
کروں تو کل قیامت کے روز میں عمل اور
نیت کا بدلہ حق تعالیٰ سے پاؤں گا نبی صلی
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعمال نیتوں ہی سے ہیں
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی مومن
نہیں ہوتا یہاں تک کہ اس کا دل زبان سے
موافق ہوجائے اور اس کی زبان اس کے

رسول اللہ یجاء بالرجل یوم
القیامۃ فیلقی فی النار فتندلق
اقتابہ فی النار فیطحن فیھا
کطحن الحمار برحاہ فیجتمع
اھل النار علیہ فیقولون ای
فلان ما شانک الیس کنت
تامرنا بالمعروف وتنھانا
عن المنکر قال کنت امرکم
بالمعروف ولا اٰتیہ وانھاکم
عن المنکر واٰتیہ (متفق علیہ)
الدعوۃ فی العلم والقراٰن
بالترھیب من دعاء الانسان
علی نفسہ وولدہ وخادمہ
ومالہ والترھیب ان
یأمر بالمعروف وینھی عن
المنکر ویخالف قولہ فعلہ

فصل در بیان افسوس قولہ تعالیٰ
یٰحسرتٰی علی ما فرطت فی جنب
اللہ وان کنت لمن الساخرین
او تقول لو ان اللہ ھدٰنی لکنت
من المتقین او تقول حین تری
العذاب لو ان لی کرۃ فاکون
من المحسنین بلٰی قد جاءتک
اٰیٰتی فکذبت بھا واستکبرت
وکنت من الکٰفرین (جز ۲۴ رکوع ۳)
و روزی کہ صور بدمد کما قال اللہ

دل سے موافق ہو جائے اور اس کا قول
و عمل مخالف نہ ہو اور اسامہ بن زیدؓ سے
مروی ہے تحقیق فرمایا کہ فرمایا رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم نے لایا جائے گا آدمی کو قیامت کے
دن پس ڈالا جائے گا آگ میں پس ڈھل جائیں گے
اس کے پالان آگ میں پس چکی میں لگایا جائے گا
اس آگ میں مانند چکی میں لگائے جانے گدھے کے
اس کی چکی میں پس جمع ہوں گے اہل جہنم اس کے
پاس پس کہیں گے اے فلاں تیرا کیا حال ہے کیا
تو ہم کو نیک کام کا حکم نہیں کرتا تھا اور کیا
تو ہم کو برے کام سے منع نہیں کرتا تھا تو کہے گا
میں تم کو امر بالمعروف کرتا تھا اور خود عمل نہیں
کرتا تھا اور تم کو منکر سے روکتا تھا اور
خود اس کا مرتکب ہوتا تھا علم اور قرآن کی طرف
ترہیب کے ساتھ بلانا بددعا کرنا ہے انسان
کا اپنے حق میں اور اپنی اولاد اور خادم اور مال
کے حق میں اور ترہیب کے یہ معنی ہیں کہ کوئی شخص
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے اور اس کا
قول اس کے فعل کے خلاف ہو **فصل** افسوس کے
بیان میں فرمان خدا ہے کہ اے میری پشیمانی اس
چیز پر کہ میں نے تقصیر کی خدا کے کام میں اور البتہ میں
تھا مسخرہ پن کرنے والوں میں سے (خدا کی کتاب
اور اس کے رسول اور مومنوں کے ساتھ) یا کہیگا تو
اگر اللہ مجھے ہدایت کرتا تو البتہ میں پرہیزگاروں
سے ہوتا یا کہیگا تو جس وقت عذاب کو دیکھیگا کاش
پھر ایک بار مجھے زندہ کیا جائے تو میں نیک بن جاؤں گا

تعالیٰ فاذا نفخ فی الصور فلا
انساب بینھم یومئذ و لا
یتساءلون ٥ فمن ثقلت موازینہ
فاولئک ھم المفلحون ٥ ومن
خفت موازینہ فاولئک الذین
خسروا انفسھم فی جھنم خلدون
تلفح وجوھھم النار وھم
فیھا کالحون (جزء ۱۸ رکوع ۶) فرمان
شود الم تکن اٰیٰتی تتلیٰ علیکم
فکنتم بھا تکذبون قالوا
ربنا غلبت علینا شقوتنا
وکنا قوما ضالین ربنا اخرجنا
منھا فان عدنا فانا ظلمون
(جزء ۱۸ رکوع ۶) بعد از اں فرمان شود قال
اخسئوا فیھا ولا تکلمون (جزء ۱۸
رکوع) ویوم یعض الظالم
علیٰ یدیہ یقول یٰلیتنی
اتخذت مع الرسول سبیلا ٥
یٰویلتیٰ لیتنی لم اتخذ فلانا
خلیلا ٥ لقد اضلنی عن الذکر
بعد اذ جاءنی وکان الشیطٰن
للانسان خذولا (جزء ۱۹ رکوع ۱)
زہی حسرتی پس انجا چہ کار آید قولہ تعالیٰ
خسر الدنیا والاٰخرۃ ذٰلک
ھو الخسران المبین (جزء ۱۷ رکوع ۹)
زہی بلائی آں زمانکہ بگویم۔ واذا القوا

اس وقت خدا فرمائے گا کیوں نہیں تحقیق میری
آیتیں تیرے پاس آئیں پس تو نے انھیں جھٹلایا
اور غرور کیا اور تو کافر ہو گیا اور جس روز کہ صور
پھونکا جائے گا (اس کے متعلق) چنانچہ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے پس جب صور پھونکا جائے گا تو ان کے
درمیان اس روز نہ رشتہ داریاں ہوں گی
اور نہ ایک دوسرے کو پوچھیگا پس جن لوگوں کی
نیکیاں زیادہ ہوں گی تو پس وہی لوگ کامیاب
ہوں گے اور جن کی نیکیاں کم ہوں گی تو پس یہ وہی
لوگ ہیں جو اپنی ذاتوں کو خسارہ میں ڈال دیئے یہ لوگ
جہنم میں ہمیشہ رہیں گے لپٹے گی ان کے چہروں کو آگ
اور وہ لوگ اس میں تباہ و سیہ رہیں گے فرمان ہو گا کیا
میری آیتیں تمہارے سامنے پڑھی نہیں جاتی
تھیں اور تم ان کی تکذیب کرتے تھے تو وہ کہیں گے
اے رب ہمارے ہماری بدبختی نے ہم پر غلبہ کیا اور
ہم گمراہ قوم تھے اے رب ہمارے نکال ہم کو دوزخ
سے پھر اگر ہم عود کریں (برے کاموں کی طرف)
تو پس تحقیق ہم ظالم ہیں تو بعد اس کے فرمان خدا
ہو گا فرمائے گا پڑے رہو پھٹکاری اس میں
(دوزخ میں) اور مجھ سے بات مت کرو اور جس
دن ظالم آدمی اپنے دونوں ہاتھوں کو افسوس سے
کترےگا کہیگا کاش میں رسول ؐ کے ساتھ کوئی سبیل
بنا لیتا کاش میں فلاں کو دوست نہ بناتا اس نے
مجھے اللہ کے ذکر سے بہکا دیا اس کے بعد کہ
وہ مجھ تک پہنچ چکا تھا اور شیطان انسان
کو بہت رسوا کرنے والا ہے کیا اچھی حسرت

منها مكانًا ضيقا مقرنين دعوا هنالك ثبورا (جزء ۱۸ رکوع ۱۷) فرمان شود لا تدعوا اليوم ثبورا واحدا وادعوا ثبورا كثيرا ٥ (جزء ۱۸ رکوع ۱۷) قوله تعالیٰ اولم نعمركم ما يتذكر فيه من تذكر وجاءكم النذير (جزء ۲۲ رکوع ۱۵) وز ہی حسرت بر ما کہ مشت خاک بسر قبر ما بندگی سید محمود رضی اللہ عنہ ثانی مہدی رض یا بندگی سید خوندمیر رض نشد افسوس صد ہزار افسوس لعنت بر حیات ما کہ ممات نشد زہی شقاوت۔

گر از در تو برانی بی تو شوم سیاہ رو
از در تو کجا برم روی سیاہ خویش را

فصل در بیان حضرت میراں ع بعضی کساں دریں نقلہا در تطبیق و تاویل افتند ایں خلاف حضرت میراں علیہ السلام است و نیز معلوم باد کسی کہ دریں وقت نقلہای میراں و یاران او رض بکند و روش میراں ع و یاران وی بگوید او را نقلیہ و منقولیہ نام نہند بطریق سخریت و اگر دریں وقت کسی جمع کنندہ احادیث رسول ع حاضر باشد ندانم او چہ بنہد و خدائے تعالیٰ در کلام منع کردہ است ولا تنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الایمان ومن لم يتب فاولئك هم الظلمون ٥ (جزء ۲۶ رکوع ۱۴) و بر آں نقلہا اعتبار ندارند و گویند

ہے پس وہاں کیا کام آئیگی فرمان خدا ہے کہ اس نے گنوائی دنیا اور آخرت یہی ہے صریح گھاٹا۔ کیا ہی ہلاکت ہوگی اس وقت جو ہم کہیں گے اور جب وہ وہاں سے تنگ مکان میں ڈالدیئے جائیں گے مشکیاں کسے ہوے تو وہاں وہ موت کو پکاریں گے تو حکم ہوگا مت پکارو تم آج ایک موت کو اور پکارو تم بہت سی موتوں کو فرمان خدا ہے کہ کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی جس میں سوچنے جس کو سوچنا ہوا اور تمہارے پاس پہونچا تھا ڈرانے والا افسوس ہم پر کہ ایک مٹھی خاک ہماری قبر پر بندگی سید محمود ثانی مہدی رض یا بندگی سید خوندمیر رض (کے ہاتھ) کی نہ پڑی افسوس صد ہزار افسوس زندگی پر لعنت ہے موت نہ آئی کیا بدبختی ہے۔

اگر تو مجھے اپنے دروازہ سے ہٹا دیگا تو میں بغیر تیرے سیاہ رو ہو جاؤنگا
میں اپنے سیاہ رو کو تیرے دروازہ سے کہاں لے جاؤں

فصل حضرت مہدی ع کے (نقول کے) بیان میں بعض لوگ ان نقول کی تطبیق اور تاویل میں پڑتے ہیں یہ (بات) حضرت مہدی ع کے خلاف ہے اور نیز واضح ہو کہ جو شخص اس وقت مہدی علیہ السلام اور یاران مہدی علیہ السلام کے نقول اور مہدی ع اور یاران مہدی ع کی روش بیان کرے تو اس کو مسخرگی کے طور پر نقلیہ اور منقولیہ کہتے ہیں اور اگر اس وقت احادیث رسول ع کو جمع کرنے والا موجود ہوتا تو نہیں معلوم اس کا نام کیا رکھتے حالانکہ خدائے تعالیٰ نے اپنے کلام میں منع کیا ہے اور ایک دوسرے کو برے لقب سے مت پکارو ایمان لانے کے بعد فاسقی بدنامی ہے اور جو کوئی توبہ نہ کرے پس وہی ظالم ہے اور ان نقلوں پر اعتبار نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ معتبر نہیں اس لئے کہ (یہ نقول) ہمارے حال اور ہمارے زمانہ کے موافق نہیں حالانکہ (مہدی ع نے) ان نقول

کہ معتبر نیست چرا کہ موافق حال و زمانہ ما نیست
و این نقلہا و آیتہای قرآن بامر اللہ فرمودند
چنانچہ میراں ؑ طالب دنیا را کافر فرمودند و تارک
ہجرت را منافق فرمودند و با تارکان ہجرت
دوستی منع کردند و ذکر قلیل صفت منافقاں
فرمودند و سہ پاس ذکر قلیل است و نیز کسی
شخصی سوی جالور میل کرد یکی پیش آں نقلہای
میراں ؑ گفت سوی طالبان دنیا و تارکان ہجرت
نباید رفت یکی شخصی از دائرہ ملک الہدادؓ
بطریق غضب گفت برخیز و غیبت بگذار
دریں زماں نقلہای میراں ؑ غیبت شدہ
است و بعضی نقلہا در دائرہ میاں عبدالکریم
بود و عرض کرد کہ ایں نقل صحیح است کہ میراں ؑ
طالب دنیا را کافر فرمودہ و بامر اللہ و آیۃ اللہ
ترجیح داد قولہ تعالیٰ من کان
یرید الحیٰوۃ الدنیا الآیۃ
و دیگر آیتہا ہم بسیار فرمودند نیز نقلست
کہ بندگی حضرت میراں ؑ برائے سر شستن روغن
کنجد در سر کردہ بودند کسی برائے ملاقات
آمد او را گویانید اگر رضا باشد از سر کنجد بکشیم
آں کس عرض کنانید کہ کنجد را از سر بیروں
کردہ گرم کنید بندگی میراں علیہ السلام کلاہ بر
سر کردہ با کنجد بیروں آمدند آنکس عرض کرد کہ
خوندکار از سر کنجد چرا نکشیدند حضرت میراں
فرمودند کہ شما طالب خدا بودید با دلولہ
آمدید با چگونہ از سر کنجد کشیدن بمانیم و این

اور قرآن کی آیتوں کو اللہ کے حکم سے بیان فرمایا
ہے چنانچہ حضرت مہدی ؑ نے دنیا کے طالب کو کافر فرمایا
اور ہجرت کو تارک کو منافق فرمایا اور تارکان ہجرت
سے دوستی رکھنے سے منع کیا اور ذکر قلیل کو منافقوں
کی صفت فرمائی اور تین پہر کے ذکر کو ذکر قلیل فرمایا
ہے اور نیز ایک شخص نے جالور کا قصد کیا تو ایک شخص
نے اس کو مہدی علیہ السلام کے نقول کہا کہ طالبان
دنیا اور تارکان ہجرت کی طرف نہیں جانا چاہیئے تو
ملک الہدادؓ کے دائرہ کے ایک شخص نے غصہ میں آکر
کہا کہ اٹھ جا اور غیبت چھوڑ دے اس زمانہ میں مہدی ؑ
کے نقول غیبت ہو گئے ہیں اور بعضے نقول میاں
عبدالکریم کے دائرہ میں (مذکور) تھے اور عرض کیا کہ یہ
نقل صحیح ہے کہ مہدی علیہ السلام نے طالب دنیا کو کافر
فرمایا ہے اور حکم سے خدا کے اور موافق آیت کے ترجیح
دی ہے اللہ تعالیٰ کا قول ہے جو شخص حیات دنیا کا ارادہ
رکھتا ہے الخ اور دوسری بہت سی آیتیں بھی فرمائیں اور
نیز نقل ہے کہ بندگی حضرت مہدی ؑ سر دھونے کے لئے تل کا
تیل سر میں ڈالے تھے کوئی شخص ملاقات کے لئے آیا
تو اس کو (مہدی علیہ السلام) کہلا بھیجے کہ
اگر تمہاری رضا ہو تو سر سے تیل دور کروں اس نے عرض
کروائی کہ سر سے تیل دور کر کے کرم کریں حضرت مہدی ؑ سر
پر کلاہ رکھے ہوئے سر میں تیل بھرا ہوا باہر آئے اس نے
عرض کیا کہ خوندکار سر سے تیل کیوں نہیں دور کئے حضرت
مہدی ؑ نے فرمایا کہ تم خدا کے طالب ہو بے حد عشق
کے ساتھ آئے ہو ہم کیونکر سر سے تیل نکالنے میں
مصروف رہیں اور یہ نقل مشہور ہے اور یہ روش

نقل مشہور است و ایں روش در مہاجران مہدی ؑ ہم بود و نیز **نقلست** از بندگی سید خوندمیر رضؓ کسے مردم از جہت سلام سر فرو میکند فرمودند کہ ایں رکوع میشود چونکہ ہر دو کتف فرد کرد سجدہ شد و جز خدا سجدہ روا نیست و نیز از بندگی سید خوندمیر رضؓ خواجہ محمود عرض کرد کہ بندہ چاکر جبل الملک ہستم سلام او را چگونہ کنم روش ایشاں ہمچناں است کہ سر فرد میکنند بندگی میاں رضؓ فرمودند کہ یکطرف گوش سوئے ایشاں فرو کنند) و نیز معلوم باد کہ یاران رضؓ رسول ؐ پرسیدند کہ ترا سجدہ بجائے سلام چرا نکنیم چنانچہ عجمی ملوکاں را سجدہ میکنند فرمودند کہ جز خدا سجدہ جائز نیست قال علیہ السلام لو کنت امرت احدا ان یسجد من دون اللہ لامرت المرأۃ ان تسجد لزوجھا من عظم حقہ علیھا۔ قال بعض الصحابۃ یا رسول اللہ نسلم علیک کما نسلم بعضنا علی بعض فلا نسجد لک قال لا ینبغی ان یسجد لاحد من دون اللہ ولکن اکرم بینکم واعرفوا الحق لاھلہ و نیز **نقلست** در وقت میراں ؑ بعد شنیدن دعوت ہر یکے طرف حجرۂ خود ہمچناں رواں شدند کہ کسے را از کسے خبر نبودی و نیز **نقلست** حضرت میراں ؑ در حجرہ ہائے طالباں می رفتند و ہر کہ افتادہ با خدا یافتی بسیار خوش شدی و شفقت میکردی و فرمودی کہ خفتہ

(مہدی علیہ السلام) مہاجران مہدی ؑ میں بھی تھی اور نیز نقل ہے بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ سے کہ کوئی شخص سلام کے لئے سر جھکاتا ہے تو فرمایا کہ یہ رکوع ہوتا ہے جب دونو مونڈھے جھکایا تو سجدہ ہوا اور غیر خدا کو سجدہ روا نہیں نیز خواجہ محمود نے بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا میں جبل الملک کا ملازم ہوں اس کو کیونکر سلام کروں ان کی (ملازمین کی) روش ایسی ہیکہ سر جھکاتے ہیں بندگی میاں رضؓ نے فرمایا کہ ایک طرف کان ان کی جانب جھکا دیں اور نیز واضح ہو کہ رسول ؐ سے یاروں نے پوچھا کہ ہم آپ کو سلام کے عوض سجدہ کیوں نہ کریں جیسا کہ اہل عجم بادشاہوں کو سجدہ کرتے ہیں تو فرمایا کہ غیر خدا کے لئے سجدہ جائز نہیں نبی علیہ السلام نے فرمایا اگر میں کسی کو حکم کرتا کہ اللہ کے سوائے کسی اور کو سجدہ کرے تو میں عورت کو حکم کرتا کہ اپنے شوہر کو اس پر اس کے عظمت حق کی وجہ سے سجدہ کرے۔ بعض صحابہ رضؓ نے کہا یا رسول اللہ ہم آپ کو ایسا ہی سلام کرتے ہیں جیسا کہ آپس میں ایک دوسرے کو کرتے ہیں کیا ہم آپکو سجدہ نہ کریں تو رسول اللہ ؐ نے فرمایا کہ اللہ کے سوائے کسی کو سجدہ نہیں کرنا چاہئے لیکن تم آپس میں ایک دوسرے کی عزت کرو اور اہل حق کا حق پہچانو۔ اور نیز نقل ہے کہ مہدی ؑ کے زمانہ میں بیان سننے کے بعد ہر ایک اپنے اپنے حجرہ کی طرف ایسے جاتے کہ کسی کی خبر کسی کو نہ ہوتی اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی ؑ طالبان مولیٰ کے حجروں میں جاتے تھے اور جس طالب کو خدا کی یاد میں لیٹا ہوا پاتے بہت خوش ہوتے اور شفقت کرتے اور فرماتے کہ لیٹے رہو بندہ ۔ بیٹھتے ہے۔ اس کی پروا نہیں ہم تمہارا جسم سلائیں اور اگر

بگاہند بندہ نشستہ است تعلق نیست اندام بالیم واگر کسے را در حجرہ نیافتند فرمودند کہ بے ڈھنگے ہستند" ونیز در موضع بھیلوٹ بندگی سید محمود رضؓ را درد پائے بود بالائی چہار پائی خردک آوردندو درون خانہ بردند ہماں دو کساں برداشتہ آوردند برابر بسیار ہجوم مردماں نبود بلکہ اندک برابر رفتند روئی خود گردانیدہ سوئے جماعت خانہ دیدند ملک معروف رضؓ ومیاں لاڑ رضؓ ایستادہ بودند گرد ایشاں بعضی برادراں ایستادہ ماندند آنچہ بیان شدہ بود فرمودند حضرت میراں رضؓ ایں جا ایں چنیں معنی فرمودند بندگی میراں سید محمود بآواز بلند فرمودند کہ ملک معروف بعد از مغرب ہجوم بشکنید روش بندگی سید خوندمیر رضؓ وہمہ مہاجراں رضؓ ہمچنیں بود اکنوں میگویند کہ نقلہای میراں عؑ را تطبیق باید داد کہ میراں عؑ فرمودہ بودند کہ ذکر تلیل صفت منافقاں یعنی سہ پاس و تارکاں ہجرت راہم منافق فرمودند وتعین را لعین فرمودند وطلب حیات دنیا را کفر گفتہ اند وہر کہ متاع حیات دنیا را بطلبد او کافر است اگر کسی با او صحبت کند و یا بخانہ او رود و یا الفتی دارد حضرت میراں عؑ فرمودند کہ او از آن ما نیست و از آن محمد نیست و از آن خدا نیست ونیز نقلست بعضی عرض کردند کہ خلاف میراں عؑ ما یاں چہ دانیم آنحضرت را ندیدیم ہر چہ از میراں عؑ وہمہ مہاجراں رضؓ شنیدہ باشند پیش ما یاں بگویند ونیز نقلست از میاں

اگر کسی کو حجرہ میں نہ پاتے تو فرماتے کہ بے ڈھنگے ہیں اور نیز موضع بھیلوٹ میں بندگی میاں سید محمود رضؓ کے پاؤں میں درد تھا چھوٹی چار پائی پر لیٹے ہوئے گھر لیجاتے تھے وہی دو شخص اٹھائے ہوئے لاتے تھے ہمراہ زیادہ لوگ نہ تھے بلکہ تھوڑے ہمراہ چل رہے تھے (ثانی مہدی رضؓ) نے رخ پھیر کر جماعت خانہ کی طرف دیکھا ملک معروف رضؓ اور میاں لاڑ رضؓ کھڑے ہوئے تھے ان کے اطراف بعضے برادر کھڑے ہوئے تھے جو کچھ بیان ہو چکا تھا (اس کے متعلق) فرماتے تھے کہ حضرت مہدی عؑ نے اس مقام میں یہ معنی فرمایا ہے بندگی میراں سید محمود رضؓ نے بلند آواز سے فرمایا کہ ملک معروف مغرب کے بعد ہجوم کو توڑو بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ اور تمام مہاجرین رضؓ کی روش ایسی ہی تھی اب کہتے ہیں کہ مہدی عؑ کے نقول کو تطبیق دینا چاہیے کہ مہدی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ذکر قلیل منافقوں کی صفت ہے یعنی تین پاس اور تارکان ہجرت کو بھی منافق فرمایا ہے اور تعین کو لعین فرمایا ہے اور حیات دنیا کی طلب کو کفر کہا ہے اور جو شخص کہ حیات دنیا کی متاع کو طلب کرے وہ کافر ہے اگر کوئی شخص اس کی صحبت میں رہے اور یا اس کے گھر جائے اور یا اس سے الفت رکھے حضرت مہدی عؑ نے فرمایا کہ وہ ہماری آن سے نہیں اور محمد عؑ کی آن سے نہیں اور خدا کی آن سے نہیں اور نیز نقل ہے کہ بعض نے عرض کیا کہ ہم مہدی عؑ کے خلاف کو کیا جانتے ہیں (اس لئے کہ) آنحضرت کو ہم نے نہیں دیکھا جو باتیں کہ میراں سید محمود رضؓ اور تمام مہاجروں رضؓ سے سنی گئی ہے۔ ہمارے روبرو بیان کی جائے اور نیز میاں عبدالرشید رضؓ سے منقول ہے کہ ایک روز حضرت مہدی عؑ نے میاں لاڑ مہاجر رضؓ سے

عبدالرشید رضی اللہ عنہ کہ روزی حضرت مہدیؑ میاں لاڑ شاہ جیؓ را فرمودند کہ ہر چہ در صورت نماز سنت باشد و بجا آوردہ نمی شود بندہ را اعلام کنید بعد از چند روز میاں لاڑ عرض کردند کہ از کتب فقہ تحقیق شدہ است کہ رسولؐ سنت ظہر پیش از فریضہ و بعد از فریضہ بیرون آمدہ گزاردند بعدہ میرانؑ فرمودند کہ اکنوں بندہ ہم بیرون خواہم گزارد و نیز معلوم باد کہ در وقت خلافت عمر خطابؓ بعضی یاران را پرسیدند کہ اگر از خلیفۂ شما چیزے خلاف رسولؐ بہ بینید با او چہ کنید بعضی گفتند از شما خلاف نمی شود دیگران را پرسیدند کہ شما با من چہ کنید اگر خلاف محمدؐ بہ بیند از یارانؓ یکی گفت ہمچناں بکنم چنانچہ تیر در شکنجہ راست میکنند عمر رضی اللہ عنہ خوش شدند بعد از اں پیراہن آں یارؓ را عطا کردند۔

فرمایا کہ جو کچھ کہ صورت نماز میں سنت ہو اور بجا نہ لائی جائے تو بندہ کو اطلاع کرو تو چند روز کے بعد میاں لاڑ رضؓ نے عرض کیا کہ کتب فقہ سے تحقیق ہوئی ہے کہ رسولؐ نے سنت ظہر جو قبل فریضہ اور بعد فریضہ ہے باہر آکر گزاری ہے اس کے بعد مہدیؑ نے فرمایا کہ اب بندہ بھی باہر گزارے گا اور نیز واضح ہو کہ حضرت عمر خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے زمانے میں بعضے یاروں سے پوچھا تھا اگر تمہارے خلیفہ سے رسولؐ کے خلاف کوئی بات نظر آئے تو تم اس کے (خلیفہ کے) ساتھ کیا کروگے بعض نے کہا کہ آپ سے خلاف نہ ہوگا دوسروں کو پوچھا کہ اگر تم محمدؐ کے خلاف دیکھو تو میرے ساتھ کیا کروگے یاروں سے ایک نے کہا کہ میں ایسا ہی کرونگا جیسا کہ تیر شکنجہ میں رکھ کر سیدھی کرتے ہیں عمر رضی اللہ عنہ خوش ہوئے بعد از اں اس یار کو کرتا عطا فرمایا۔

باب چہاردہم

در دعویٰ بے عمل مردود

نیز نقلست کہ پیش حضرت میراں علیہ السلام کفش و جامہ برائے برکت طلبیدند میراں ؑ فرمودند بگیرید و بپوشید و برائے برکت درون خانہ مدارید اگر پوست ایں بندہ بپوشید ہرگز از دوزخ نجات نیابید تا آنکہ عمل نکنید آنچہ بندہ میگوید و نیز نقلست قبول مہدی ؑ عمل است و اگر نہ قبول بے عمل مردود است۔ قولہ تعالیٰ وقالوا لن یدخل الجنۃ الا من کان ھودًا او نصریٰ تلک امانیھم قل ھاتوا برھانکم ان کنتم صدقین بلیٰ من اسلم وجھہ للّٰہ وھو محسن فلہ اجرہٗ عند ربہ ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ۵ (جزا رکوع ۱۳) وقال علیہ السلام مع حارث رضی اللّٰہ عنہ کیف اصبحت یا حارث قال اصبحت مومنا حقاً۔

چودھواں باب

دعویٰ بے عمل مردود کے بیان میں

نیز نقل ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام کے حضور میں (آپ کی) جوتیاں اور لباس برکت کے لئے طلب کئے تو مہدی علیہ السلام نے فرمایا لو اور پہنو اور برکت کے لئے گھر میں مت رکھو اگر اس بندہ کا پوست پہنو گے ہرگز دوزخ سے نجات نہ پاؤ گے جو کچھ بندہ کہتا ہے جب تک عمل نہ کرو گے اور نیز نقل ہے کہ مہدی علیہ السلام کو قبول کرنا عمل کرنا ہے اور اگر نہ قبولِ بے عمل مردود ہے اللہ تعالیٰ کا قول ہے اور انہوں نے کہا جنت میں ہرگز داخل نہ ہوگا مگر وہی آدمی جو یہودی ہو یا نصاریٰ یہ اون کی آرزوئیں ہیں کہدے تم اپنی برہان لاؤ اگر تم سچے ہو بات تو یہ ہے جس نے اپنا منھ اللہ کے لئے جھکا دیا اور وہ نیکو کار بھی ہے تو اس کے لئے اللہ کے پاس اس کا اجر ہے اور نہ اونپر کوئی خوف ہے اور نہ وہ کبھی غمگین ہوں گے اور نبی علیہ السلام نے حارث رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے حارث تو نے کس طرح صبح کی تو کہا میں نے اس حال میں صبح کی کہ سچا مومن ہوں

این از حارث رض دعوی بود بر حقیقت ایمان خود لاجرم پیغمبر بے حجت و بے برہان نہ گذاشت و فرمود انظر ما ذا القول لکل شیٔ حقیقۃ وما حقیقۃ ایمانک یعنی ہر چیز را حقیقتی است کہ بدلیل است و دلیل ایمان تو چیست گفت اعرضت نفسی عن الدنیا واسہرت لیلی واظمات نہاری واستوی عندی ذہبہا وفضتہا حجرہا ومدرہا وکانی انظر الی عرش ربی بارزا وکانی انظر الی اہل الجنۃ فی الجنۃ یتزاورون واہل النار فی النار یتعاوون پس حضرت رسالت ؐ فرمود اصبت فالزم اصبت فالزم اصبت فالزم و پس مومن را ہمچنیں باید کقولہ تعالیٰ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفر لکم ذنوبکم واللہ غفور رحیم ۝ (پ ۳ رکوع ۱۲) و نبی علیہ السلام را یاران پرسیدند یا رسول اللہ ما علامۃ الایمان قال ؑ حب اللہ باز پرسیدند ما علامت حب اللہ قال ؑ حب القرآن قال وما ہو علامت حب القرآن قال ؑ حب النبی ؐ قال ما علامت حب النبی قال ؑ ہو اتباعہ قال وما علامت الاتباع قال ؑ

اپنے ایمان کی حقیقت پر حارث رضی اللہ عنہ کا یہ دعویٰ تھا پیغمبر علیہ السلام نے بالضرور حجت اور برہان کے (پیش کئے) بغیر (حارث کو) نہیں چھوڑا اور فرمایا کہ دیکھ تو کیا کہتا ہے ہر چیز کے لئے حقیقت ہے اور تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہے یعنی ہر چیز کی ایک حقیقت ہے جو دلیل کے ساتھ ہے اور تیرے ایمان کی دلیل کیا ہے تو کہا کہ میں نے اپنے نفس کو دنیا سے روگردان کر دیا اور میں اپنی رات کو بیدار رکھا اور اپنے دن کو تشنہ رکھا اور میرے پاس دنیا کا سونا چاندی اور پتھر ڈھیلے برابر رہے اور میں (ایسا رہا) گویا کہ میں اپنے رب کے عرش کو کھلم کھلا دیکھ رہا ہوں اور گویا کہ اہل جنت کو جنت میں باہم ملاقات کرتے دیکھ رہا ہوں اور اہل دوزخ کو دوزخ میں ایک دوسرے پر گرتے دیکھ رہا ہوں پس حضرت رسالت پناہ ؐ نے فرمایا کہ تو نے ٹھیک کہا پس لازم کرلے تو نے ٹھیک کہا پس لازم کرلے تو نے ٹھیک کہا پس مومن کو ایسا ہی چاہئے مانند قول اللہ تعالیٰ کے کہدے اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو تم میری اتباع کرو تو اللہ تم کو دوست رکھیگا اور تمہارے گناہوں کو معاف کر دیگا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ اور نبی ؐ سے یاروں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ ؐ ایمان کی علامت کیا ہے تو فرمایا اللہ کی محبت پھر پوچھا کہ اللہ کی محبت کی علامت کیا ہے تو فرمایا قرآن کی محبت کہا قرآن کی محبت کی علامت کیا ہے تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کہا نبی کی محبت کی علامت کیا ہے تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع

ترك الدنيا قال ما علامة
ترك الدنيا قال عليه السلام هي ثلثة اشياء
ترك المفقود و ايثار الموجود و برودة
القلب عن حب المال والجاه۔ پس مومن
را ہم چنیں باید کقوله تعالى قل اطيعوا
الله والرسول فان تولوا فان
الله لا يحب الكفرين (جزء ۳ رکوع ۱۲)
پس بغیر مطیع نجات نیست فردای قیامت بے عمل
فائدہ نخواہد کرد۔ قال عليه السلام يا فاطمة اعملي
ولا تتكلي على انك ابنتي قوله تعالى
فاذا نفخ في الصور فلا انساب بينهم
يومئذ ولا يتساءلون ٥ فمن
ثقلت موازينه فاولئك هم
المفلحون ٥ ومن خفت موازينه
فاولئك الذين خسروا
انفسهم في جهنم خلدون ٥
(جزء ۱۸ رکوع ۶) الاية وقال عليه
السلام ايتوني باعمالكم ولا تأتوني
بانسابكم۔ وقيل الجنة لمن
اطاع ولو كان عبدا حبشيا
والنار لمن عصى ولو كان سيدا
قرشيا قال عليه السلام
يا ابن آدم ليسئل يوم
القيمة من كسب ولا يسئل
من نسب كقوله تعالى في ولد
نوح عليه السلام وتاويل

کہا اتباع کی علامت کیا ہے کہا ترک دنیا کہا
ترک دنیا کی علامت کیا ہے فرمایا تین چیزیں
مفقود کو چھوڑنا موجود کو ایثار کرنا مال و جاہ کی محبت
سے دل سرد ہو جانا پس مومن کو بھی وہی چاہئے مانند قول
اللہ تعالیٰ کے کہدے کہ اللہ اور رسولؐ کا کہا مانو پھر اگر
وہ لوگ نہ مانیں تو بے شک اللہ کافروں کو دوست نہیں
رکھتا پس اطاعت کے بغیر نجات نہیں کل قیامت
کے دن بغیر عمل کے فائدہ نہ ہوگا۔ نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا اے فاطمہ رضی اللہ عنہ
تو عمل کر اور مت تکیہ کر اس پر کہ تو میری
بیٹی ہے قول اللہ تعالیٰ کا ہے پس جب صور
میں پھونک ماری جائے گی تو نہ ان میں رشتہ داریاں
اس دن (باقی رہیں گی) اور نہ ایک دوسرے
کو پوچھیگا پھر جن کا پلہ بھاری ہوا تو وہی لوگ فلاح
پانے والے ہیں اور جن کا پلہ ہلکا ہوا تو وہی لوگ ہیں
جنھوں نے آپ اپنا نقصان کیا جہنم میں ہمیشہ
رہیں گے الخ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میرے
پاس اپنے اعمال لاؤ اپنے انساب مت لاؤ اور کہا
گیا ہے جنت اس شخص کے لئے ہے جس نے اطاعت
کی اگرچہ کہ حبشی غلام ہوا اور دوزخ اسکے لیے
ہے جس نے نافرمانی کی اگرچہ کہ قریشی سردار
ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے آدم
کے بیٹے قیامت کے دن کسب کا سوال کیا
جائے گا نسب کا سوال نہیں کیا جائے گا
مانند قول اللہ تعالیٰ کے نوح علیہ السلام
کے فرزند کے بارے میں۔ اور نوحؑ

نوح ربه فقال رب ان ابنی
من اهلی وان وعدك
الحق وانت احکم الحاکمین ○
قال یا نوح انه لیس
من اهلك انه عمل غیر
صالح فلا تسئلن ما لیس
لك به علم انی اعظك ان
تکون من الجاهلین (جزء ۱۲ رکوع ۴)

نے اپنے رب کو پکارا اور کہا اے میرے
رب تحقیق میرا بیٹا میری اہل سے
ہے اور تحقیق تیرا وعدہ سچا ہے اور تو
سب سے بڑا حاکم ہے تو اللہ نے فرمایا اے نوح تحقیق
وہ تیری اہل سے نہیں ہے تحقیق اس نے غیر صالح عمل
کیا ہے جس بات کا تجھے علم نہیں ہے تو اس کا
سوال نہ کر تحقیق میں تجھ کو نصیحت کرتا ہوں تو
نہ ہو جاہلوں میں۔

باب پانزدہم

در نصرت دین

حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کہ دین خدای را از دو چیز نصرت است این است کہ میاں یکدیگر موافقت و بذل کنند و از دو چیز ہزیمت است این است کہ تنازع و تخالف نمایند و بخل کقولہ تعالیٰ یاایھا الذین اٰمنوا من یرتد منکم عن دینہ فسوف یاتی اللہ بقوم یحبھم ویحبونہ اذلۃ علی المومنین اعزۃ علی الکافرین یجاھدون فی سبیل اللہ ولا یخافون لومۃ لائم (جزو ۶ رکوع ۱۲) دیگر والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم۔ والثانی فاستجاب لھم ربھم انی لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثیٰ بعضکم من بعض (جزو ۴ رکوع ۱۱) ای ممد بعضکم بعضا میاں یکدیگر از تن ومال نصرت کنند قال علیہ السلام المؤمنون کنفس واحد۔ وقال

پندرھواں باب

دین کی تائید کے بیان میں

حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا کے دین کو دو چیزوں سے نصرت ہے وہ یہ کہ ایک دوسرے کے ساتھ موافقت اور سلوک کریں اور دو چیزوں سے ہزیمت ہے وہ یہ کہ جھگڑا مخالفت اور بخل کریں مانند قول اللہ تعالیٰ کے اے مومنو جو تم میں اپنے دین سے پلٹ جائے گا تو اللہ ایسے لوگ موجود کردے گا جن کو وہ دوست رکھیگا اور وہ اللہ کو دوست رکھیں گے مومنو کے ساتھ نرم دل اور کافروں کے ساتھ سخت دل ہوں گے اللہ کے راستہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوف نہ کریں گے۔ دیگر اور جو لوگ اس کے (محمدؐ کے) ساتھ ہیں وہ سخت ہیں کافروں پر نرم دل ہیں آپس میں۔ اور ثانی پس قبول فرمائی اُن کی دعا ان کے رب نے کہ بے شک میں ضائع نہیں کرتا تم میں سے کسی عمل کرنے والے کے عمل کو مرد ہو یا عورت تم میں کہ بعض بعض سے یعنی بعض بعض کے مددگار ہیں آپس میں جان اور مال سے مدد کرتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن آپس میں ایک ہی ہیں اور

علیہ السلام لیسوا بانبیاء ولا شہداء
ولکن یغبطھم الانبیاء والشھداء
وھم یتحابون فی اللہ ونیز در زمانہ
رسول ؑ یکدیگر خدمت ونصرت می کردند و
قال علیہ السلام انا خادم الفقراء
والخادم فی امان اللہ مادام فی
خدمت المؤمن ونیز حضرت میرانؑ فرمودند
یکدیگر برادراں یکجا بمانند میاں خود یاری بکنند
تا ذکر خدائے تعالیٰ دراہ خدا آسان باشد چنانچہ
حضرت موسیٰ علیہ السلام پیش حضرت حق تعالیٰ عرض
کردند واجعل لی وزیرا من اھلی
ھرون اخی اشدد بہ ازری وا
شرکہ فی امری کی نسبحک کثیرا
و نذکرک کثیرا انک کنت
بنا بصیرا (جز ۱۶ رکوع ۱۱) و در زمانہ بندگی
میاں سید خوندمیرؓ و میراں سید محمودؓ و ہمہ مہاجرانؓ
و در زمانہ رسول ؑ و اصحاب رسولؑ روش ہمیں
بود و نیز اکثر از یاران مہدیؑ شنیدیم کہ در وقت
طعام خوردن بایاد حق تعالیٰ باشید و باغفلت
مخورید و اگر باغفلت خورد در طریقت آں طعام
حرام باشد کقولہ تعالیٰ یایھا الذین
امنو لا تحرموا طیبت ما احل اللہ
لکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب
المعتدین (جزء ۷ رکوع ۲) الحلال
طیب صاف بان علی الشھود فان
نزلت الحالۃ عن ھذہ افعلی

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ لوگ۔ نہ انبیاء ہیں
نہ شہداء لیکن ان پر انبیاء اور شہداء آرزو کریں گے
اور وہ اللہ کے معاملہ میں محبت رکھتے ہیں اور
نیز رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک دوسرے
کی خدمت اور مدد کرتے تھے اور نبی علیہ السلام نے فرمایا میں
فقیروں کا خادم ہوں اور خادم جب تک مومن کی خدمت
میں رہے اللہ کے امان میں رہتا ہے اور مہدیؑ نے فرمایا کہ ایک
دوسرے بھائی ایک جگہ مل کر رہیں ایک دوسرے کی مدد کریں
تاکہ خدائے تعالیٰ کے ذکر اور خدا کی راہ میں آسانی ہو چنانچہ
حضرت موسیٰؑ نے حضرت حق تعالیٰ کے حضور میں عرض کیا کہ میرے
لوگوں میں سے میرے بھائی ہارون کو میرا وزیر بنا اس
سے میری کمر مضبوط کر اور اس کو میرے کام میں شریک
کر تا کہ ہم تیری کثرت سے تسبیح کریں اور تیرا ذکر کثیر کریں
بے شک تو ہمارے حال کو خوب دیکھ رہا ہے اور بندگی میاں
سید خوندمیرؓ میراں سید محمودؓ اور تمام مہاجرینؓ کے زمانے
میں اور رسولؑ اور اصحاب رسولؑ کے زمانہ میں یہی روش
تھی اور نیز ہم نے اکثر یاران مہدیؑ سے سنا ہے کہ کھانا
کھانے کے وقت خدا کی یاد میں رہو اور غفلت سے
مت کھاؤ اور اگر غفلت سے کھاؤ گے تو طریقت میں
وہ کھانا حرام ہوگا فرمان خدا ہے کہ اے ایمان والو نہ
حرام کرو ستھری چیزیں جو اللہ نے تمہارے
لئے حلال کر دی ہیں اور حد سے نہ بڑھو بے شک
اللہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں
رکھتا حلال چیز طیب وصاف ہے دیدار
یا ذکر کی حالت میں اور غفلت کی حالت میں
حرام ہے طریقت میں۔ اللہ تعالیٰ کا قول ہے

ذکرہ علی الغفلتہ حرام فی شریعتہ الارادۃ۔ قولہ تعالیٰ فکلوا مما ذکر اسم اللہ علیہ ان کنتم بایٰتہٖ مومنین (جزء ۸ رکوع ۱) قولہ تعالیٰ ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ وانہ لفسق (جزء ۸ رکوع ۱) **فصل** دومی چیز یکہ نصرت دین است۔

درگہ شاہ محمد مہدی آخر زماں
می نماید پنج چیزاں دائما بر مہدیاں
جان و تن را بذل کردن خانماں گذاشتن
جوع و خواری پیشہ کردن صبر بپا داشتن
ہر کہ مہدی ؑ را بگرود گفت او در دل کند
بیحجابش رویتہ اللہ بالیقین حاصل کند

کقولہ تعالیٰ لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون آیتہا بسیار مانند این ہستند و اطاعت مہاجراں رضؓ و اولیاء فرض است والذین تبوؤ الدار والایمان من قبلہم یحبون من ہاجر الیہم ولا یجدون فی صدورہم حاجۃ مما اوتوا ویوثرون علیٰ انفسہم ولو کان بہم خصاصۃ ومن یوق شح نفسہ فاولٰئک ہم المفلحون (جزء ۲۸ رکوع ۴) و نیز بندگی سید خوندمیر رضؓ فرمودند کہ مارا ہم یک پیراہن باشد بدہم چرا کہ وقت نماز بباید

تم اس چیز سے کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان لائے ہو اور قول اللہ تعالیٰ کا ہے تم اس چیز سے مت کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا ہے اور تحقیق وہ البتہ بدکاری ہے۔ فصل دوسری اس چیز کے بیان میں جس سے دین کو تائید ہے۔

حضرت شاہ محمد مہدی آخری زماں کے وقت میں
مہدیوں پر پانچ چیزیں ظاہر تھیں
جان اور تن کو نثار کرنا گھر بار چھوڑنا
بھوک اور ذلت کا پیشہ اختیار کرنا صبر قائم رکھنا
جو شخص کہ مہدی ؑ پر ایمان لاتا ہے اور آپکا فرمان خاطر نشین کرتا ہے
تو ایسا شخص یقیناً دیدار خدا بے حجاب حاصل کرتا ہے

مانند قول اللہ تعالیٰ کے تم ہرگز نیکی (خدا کو) نہ پاؤ گے حتیٰ کہ اپنی پیاری چیز (جان کو اللہ کی راہ میں) خرچ کرو اور ایسی بہت سی آیتیں ہیں اور مہاجرین اور اولیاء کی اطاعت فرض ہے (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) اور جو جگہ پکڑ رہے ہیں اس گھر (مدینہ) میں اور ایمان میں مہاجرین رضؓ کے پہلے سے اس سے محبت رکھتے ہیں جو ہجرت کرتا ہے ان کی طرف اور نہیں پاتے اپنے سینوں میں کوئی غرض اس شئے کی طرف سے جو مہاجرین رضؓ کو دیدی جاوے اور ان کو مقدم رکھتے ہیں اپنی جان سے گو اپنے اوپر تنگی ہی ہو اور جو شخص محفوظ رکھا جائے اپنے حرص نفسانی سے تو وہی لوگ مراد پانے والے ہیں اور نیز بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ

از زن و دختران خود لستانم کہ ایشان جامہ فاضل دارند بندگی سید خوندمیر رضؓ گلیم پوشیدہ آنچہ درخانہ بود ہمہ دادند چنانچہ ابابکر صدیق رضؓ گلیم پوشیدہ بود ہمچنیں صدیق مہدیؑ کردند حضرت میرانؑ فرمودند کسیکہ دو جامہ دارد یکی برادر برہنہ باشد اورا بدہید وگرنہ منافق است چنانکہ حضرت رسول علیہ السلام رایک پیراہن بود بدادند وحضرت بی بی فاطمہ رضؓ رانکاح شد آنوقت دو پیراہن بودند کہ یک ہفت پیوندی و دیگر نہ پیوندی ہماں شب درراہ خدا یکی ہمشیرہ را تکلیف نماز بود اورا بدادند و اندیک دیگر مخالف کردن فتنہ پیدا میشود از اں فتنہ پرہیز باید کرد تا ہزیمت نباشد قولہ تعالیٰ واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصۃ واعلموا ان اللہ شدید العقاب (جزء ۹ رکوع ۱۷) وحق تعالیٰ نہی کردہ است اطیعوا اللہ ورسولہ ولا تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم (جزء ۱۰ رکوع ۲) پس باید کہ بایدگر نصرت و محبت دارند تا منازعت فرد نشیند چنانچہ قصہ جنگ احد رسول علیہ السلام را وعدہ نصرت بود چنانکہ خلاف رسولؑ کردند نصرت بردہ ہزیمت کردہ با ایں ہم کہ رسولؑ درمیان بودند لقولہ تعالیٰ لقد صدقکم اللہ وعدہ اذ تحسونھم باذنہ حتی

نے فرمایا کہ ہمارے پاس بھی ایک کرتا ہو تو دیدیں گے اس لئے کہ نماز کا وقت آئے تو عورت بچوں سے لے سکتا ہوں کہ یہ لباس زاید رکھتے ہیں بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ نے کمبل پہن کر جو کچھ گھر میں تھا دیدیا جس طرح کہ ابابکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کمبل پہن لی تھی اُسی طرح صدیق مہدی علیہ السلام نے کیا حضرت مہدیؑ نے فرمایا جو شخص کہ دو کپڑے رکھتا ہے ایک کپڑا اس بھائی کو دے جو برہنہ ہے ورنہ وہ منافق ہے اس لئے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کرتا تھا دیدیئے اور حضرت بی بی فاطمہ رضؓ کے نکاح کے وقت دو کرتے تھے جس میں سے ایک پر سات پیوند اور دوسرے پر نو پیوند تھے اسی رات میں خدا کی راہ میں ایک ہمشیرہ کو نماز کی تکلیف تھی اس کو دیدیئے اور آپس میں مخالفت کرنے سے فتنہ پیدا ہوتا ہے اس فتنہ سے پرہیز کرنا چاہیئے تا ہزیمت نہ ہو قول اللہ تعالیٰ کا ہے کہ اور تم ڈرتے رہو اس بلا سے کہ پڑیگی تم میں سے ظالموں ہی پر چن کر اور جانتے رہو کہ اللہ کی مار بڑی سخت ہے اور حق تعالیٰ نے نہی کی ہے کہ تم اللہ اور رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ ہمت ہار دوگے اور تمہاری ہوا جاتی رہے گی پس چاہیئے کہ آپس میں نصرت اور محبت رکھیں تا کہ جھگڑا بیٹھ جائے جیسا کہ قصہ جنگ احد کہ رسولؑ کے لئے وعدہ نصرت کا تھا جیسا کہ خلاف رسولؑ کئے اور شکست پائی اور نصرت جاتی رہی باوجود اس کے کہ رسولؑ درمیان تھے مانند قول اللہ تعالیٰ کے اور تم کو سچا کر دکھایا اللہ نے اپنا وعدہ جب تم قتل کر رہے تھے اس کے حکم سے یہاں تک کہ تم نے نامردی کی اور کام میں جھگڑا کیا اور خلاف حکم کیا اس کے بعد کہ

اذا فشلتم وتنازعتم فی
الامر وعصیتم من بعد ما اریکم
ما تحبون ہ منکم من یرید
الدنیا ومنکم من یرید الاخرۃ
ثم صرفکم عنھم لیبتلیکم
(جز ۴ رکوع ٦) و از مخالفت صلح بہتر است
والصلح خیر این فضل خدا است
کہ الفت درمیان باشد کقولہ تعالیٰ
واذکروا نعمت اللہ علیکم
اذ کنتم اعداء فالف بین
قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ
اخوانا نیز ایضاً انما المومنون اخوۃ فاصلحوا بین
اخویکم واتقوا اللہ لعلکم ترحمون (جز ۲٦ رکوع ۱۳)

اللہ تم کو دکھا چکا تھا جو تم چاہتے تھے تم
سے بعض تو دنیا چاہتے تھے اور بعض آخرت
چاہتے تھے پھر تم کو اللہ نے پھیر دیا دشمنوں سے
تاکہ تمہاری جانچ کرے مخالفت سے صلح بہتر ہے اور
صلح بہتر ہے آپس میں الفت کا ہونا بھی خدا کا فضل
ہے مانند قول اللہ تعالیٰ کے اور تم خدا کی نعمت کو
یاد کرو جس وقت تم باہم دشمن تھے تو اس نے
تمہارے دلوں میں الفت پیدا کر دی تم خدا کی نعمت
کی برکت سے آپس میں بھائی بھائی بن گئے
ایضاً مومنین باہم بھائی ہی ہوتے ہیں پس
تم اپنے بھائیوں میں صلح پیدا
کرو اور خدا سے ڈرو شاید تم رحم
کئے جاؤ ۔

باب شانزدہم

دربیان قاتلوا وقتلوا

میراں علیہ السلام در شہر ناگور ایں آیت بدیں عبارت فرمودند فالذین ہاجروا شد واخرجوا من دیارہم شد واوذوا فی سبیلی شد وقتلوا وقتلوا ماندہ است ان شاء اللہ فرمودند کقولہ تعالیٰ فالذین ہاجروا عن اوطانہم واطوارہم والاعمال السیئۃ و الاخلاق الذمیمۃ وجاہدوا فی الاشباح والارواح واخرجوا من دیارہم یعنی ہاجروا من معاملات الطبیعۃ الی عالم الحقیقۃ تجلی صفاۃ الربوبیۃ تقربا الی اللہ۔ حدیث قدسی من تقرب الیّ شبرا تقربت الیہ ذراعا۔ واوذوا فی سبیلی۔ ای فی طلبی واوذوا فی ابتلاء الانواع وقاتلوا مع النفس وقتلوا بالسیف الصدق لا کفرت

سولہواں باب

قاتلوا وقتلوا کے بیان میں

مہدی علیہ السلام نے شہر ناگور میں اس آیت کو اس عبارت میں فرمایا فالذین ہاجروا کا ظہور ہوا واخرجوا من دیارہم کا ظہور ہوا اوذوا فی سبیلی کا ظہور ہوا قتلوا وقتلوا باقی ہے (اس کے متعلق) ان شاء اللہ فرمایا مانند قول اللہ تعالیٰ کے پس وہ لوگ جنھوں نے ہجرت کی یعنی انہوں نے اپنے وطنوں اور اپنے اطوار اور اپنے برے اعمال اور اخلاق ذمیمہ سے ہجرت کی اور جسم و روح سے مجاہدہ کیا اور اپنے دیار سے نکالے گئے یعنی ان لوگوں نے عالم حقیقت یعنی ربوبیت کی صفات کی تجلی کی طرف اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لئے طبعی معاملات سے ہجرت کی حدیث قدسی۔ جو ایک بالشت میرے قریب ہونے کی کوشش کرے گا تو میں ایک گز اس کے قریب ہو جاؤں گا اور وہ میرے راستہ میں تکلیف دیئے گئے یعنی میری طلب میں تکلیف دیئے گئے اور وہ تکلیف دیئے گئے اقسام کی بلا میں اور انہوں نے نفس سے قتال

عنهم سیاتهم وجودهم
قال رجعنا من الجهاد الا
صغر الی الجهاد الاکبر کقوله
تعالی اتل ما اوحی الیک من
الکتاب واقم الصلوٰة ان الصلوٰة
تنهی عن الفحشاء والمنکر
ولذکر الله اکبر (جزء ۲۱ رکوع ۱)
پس طالبان حق را باید که تا آنزمانیکه قتال
شروع نشده است با نفس خود قتال بکند
یعنی توجه دائم چنانکه دیگر هیچ چیز در دل نگذرد
در صورت قتال ثابت بماند کقوله تعالی
یایها الذین امنوا اذا لقیتم
فئة فاثبتوا واذکروا الله
کثیرا لعلکم تفلحون (جزء ۲۰
رکوع ۲) و کسانیکه بسیار ذکر الله نکردند پیش
حضرت رسول عرض کردند که چرا قتال نمی فرمائی
فلما کتب علیهم القتال اذا
فریق منهم یخشون الناس
کخشیة الله او اشد خشیة
وقالوا ربنا لم کتبت علینا
القتال (جزء ۵ رکوع ۸) پس هرگاه که
ایذا رسانیدند و قتال کردند دستوری داد
و حریص گردانید مومنان را بحرب کردن
گفت و فرمود که من فرمودم شمارا محاربه
بلکه ستم رسیده هستید کقوله تعالی
اذن للذین یقاتلون بانهم

کیا اور سچائی کی تلوار سے قتل کئے گئے تو البتہ
دور کر دوں گا میں ان سے ان کی برائیوں کو۔ نبی
علیہ السلام نے فرمایا ہم نے جہاد اصغر سے جہاد
اکبر کی طرف رجوع کیا مانند قول اللہ تعالیٰ کے تجھ
پر جو کتاب بذریعہ وحی نازل کی گئی ہے اس
کو پڑھ دے اور نماز قائم کر تحقیق نماز فحش اور
بری بات سے روکتی ہے اور البتہ اللہ کا ذکر ہی بڑا
ہے پس طالبان حق کو چاہیئے کہ جب تک قتال شروع
نہ ہو اپنے نفس کے ساتھ قتال کریں یعنی ہمیشہ خدا کی
طرف متوجہ رہیں اس طرح کہ دوسری کوئی چیز دل
میں نہ آئے قتال کی صورت میں ثابت قدم رہیں
مانند قول اللہ تعالیٰ کے ایمان والو جب تم بھڑو کسی
فوج سے تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت
یاد کرو شاید تم کامیاب ہو اور جو لوگ خدا
کا ذکر بہت نہیں کئے حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کئے کہ کس لئے قتال
نہیں فرماتے پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا
تو یکایک ان میں کی ایک جماعت آدمیوں سے
ایسا ڈرنے لگی جیسا کہ اللہ سے ڈرنا چاہیئے بلکہ
اللہ سے بھی زیادہ ڈرنے لگی اور انہوں
نے کہا اے ہمارے رب تو نے ہم پر جہاد
کس لئے فرض کیا پس جبکہ (کافروں نے) ایذا
پہنچائی اور قتل سے کئے تو مومنوں کو جنگ کرنے
کی اجازت دی اور حرص دلایا اور
فرمایا کہ میں نے تم کو محاربہ کا حکم دیا
ہے بلکہ تم ستم رسیدہ ہو مانند قول

ظلموا ان اللہ علی نصرھم لقدیر الذین اخرجوا من دیارھم بغیر حق الا ان یقولوا ربنا اللہ ولو لا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لھدمت صوامع وبیع وصلوٰت ومسٰجد یذکر فیھا اسم اللہ کثیرا ولینصرن اللہ من ینصرہ ان اللہ لقوی عزیز (جزء ۱۷ رکوع ۱۳) و چوں ایں ظلم شروع کردند اعنی اخراج و مسجد ہا و حجرہ ہا سوختند و بعضی تمتہا کردند کہ شہید شدند بعد ازاں بندگی سید الشہداء چند برادراں را فرستاد کہ بعضی ملایاں را بکشتند کہ ایشاں بتاں اندو بر قتل مومناں فتوی میدہند مسئلہ شرع ہمیں است کہ بر شہرہائے مسلماناں ہجوم کردہ کس بیاید آنزماں بر مرداں و زناں او بندہ و آزادگاں را فرض عین شود کہ ظالماں را ہزیمت دہند و مومناں نصرت یابند و نیز معلوم یاد کہ وقتی کہ از کھانبیل اخراج کنانیدند بہ موضع بھدری والی بندگی سید الشہداء با دائرہ ہم آنجا فرود آمدند بعد چند روز خبر آمد کہ لشکر ملعوناں آمدہ مسجد ہا و حجرہ ہا سوختند بعدہ سید خوندمیر رض فرمودند کہ ایشاں تقصیر نہ کردہ حکم اخراج کردند عبادت گاہ سوختند و بلے زاغ آہنی گرم کردہ برروی بعضی چسپیدند اکنوں در مظلوماں شمار رسیدیم تا ان اللہ لقوی عزیز بعدہ استعداد قتال بندگی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ شروع کردند

اللہ تعالیٰ کے کہ مومنوں کو جنگ کرنے والے کافروں سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا اس لئے کہ مومنین ستم رسیدہ ہیں اور تحقیق اللہ تعالیٰ ان کی مدد پر قادر ہے ایسے لوگ جو اپنے گھروں سے ناحق نکالے گئے صرف اتنی بات پر کہ وہ کہتے تھے کہ ہمارا رب اللہ ہے اگر بعض لوگوں کو بعضوں کے ذریعہ سے اللہ کا دفع کرنا نہ ہوتا تو صومع گرجے عبادت خانے اور مسجدیں جن میں اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتا ہے گرا دیئے جاتے اور البتہ اللہ ان لوگوں کی مدد کرے گا جو اس کی مدد کرتے ہیں تحقیق اللہ البتہ قوی اور غالب ہے۔ اور جب (ظالمین نے) یہ ظلم شروع کیا یعنی اخراج کئے مسجدوں اور حجروں کو جلائے اور بعض کو گھونسے مارے کہ شہید ہوگئے بعد ازاں بندگی سید الشہداء رض نے بعض ملاؤں کو قتل کرنے کے لئے برادروں کو بھیجا کہ یہ بت ہیں اور مومنوں کو قتل کرنے کا فتویٰ دیتے ہیں شرع کا مسئلہ یہی ہے کہ (جب) کوئی شخص مسلمانوں کے شہر پر ہجوم کرکے آئے تو اس وقت (شہر کے) مردوں، عورتوں، غلاموں اور آزادوں پر فرض عین ہے کہ ظالموں کو شکست دیں اور مومناں مدد پائیں اور نیز واضح ہو کہ جب کھانبیل سے (ظالمین نے) اخراج کروایا تو بندگی میاں سید الشہداء رض نے دائرہ کے ساتھ موضع بھدری والی میں آقامت کی چند روز کے بعد خبر آئی کہ ملعونوں کا لشکر آکر مسجدوں اور حجروں کو جلا دیا اس کے بعد بندگی میاں سید خوندمیر رض نے فرمایا کہ ان ظالموں نے کوتاہی نہ کرکے اخراج کا حکم جاری کیا اور مسجدوں کو جلائے اور لوہے کا پنجہ گرم کرکے بعض مہدویوں کے چہرہ پر داغ دیئے اب ہمارا شمار مظلوموں میں ہو چکا ہے تحقیق کہ اللہ تعالیٰ البتہ قوی اور غالب ہے اس کے بعد بندگی

بعدہ چند مہاجران مہدی علیہ السلام تنازع کردند کہ با کلمہ گویان قتال جائز نیست بر این اقرار کردند و اعتراف نمودند ہر یک یعنی میاں نظام رضؓ و میاں ملک جیو رضؓ و میاں نعمت رضؓ و میاں لاڑشاہ رضؓ و میاں دلاور رضؓ قرار آنکہ آنچہ اتباع محمدؐ و مہدیؑ و قرآن است بر آں متفق ایم و در ہیں ہم اتفاق داریم کہ خلق را کافر نگوئیم و تکفیر کردن خلق در شرع روا نیست و نیز قتال با خلق نہ کنیم و ایں خلاف شرع است زیرا کہ اگر تکفیر خلق و قتال با ایشاں جائز داریم لنسخ کتاب خدا و شرع محمد رسول اللہؐ لازم آید قولہ تعالیٰ ولا تقولوا لمن القی الیکم السلم لست مومنا۔ قال علیہ السلام لا تکفروا اھل قبلتکم۔ و ثانی امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا الہ الا اللہ۔ ایں روا نیست زیرا کہ مہدی علیہ السلام مبین قرآن بود نہ ناسخ کتاب و تابع شرع محمدی نہ ناسخ شرع و اگر تکفیر و قتال در حق ایشاں جائز داریم پس لازم آید زناں و دختران ایشاں بغیر نکاح در تصرف آریم و اموال ایشاں حلال باشد و ایں جائز نیست بلکہ کفر است اما منکران مہدی علیہ السلام را چنانچہ در احادیث و قرآن مذکور است بر آں اعتقاد داریم قولہ تعالیٰ ومن یکفر بہ من الاحزاب فالنار موعدہ۔ قال علیہ السلام

سید خوندمیر رضؓ نے جنگ کی تیاری شروع کی اس کے بعد چند مہاجران مہدی علیہ السلام نے تنازع کیا کہ کلمہ گویوں کے ساتھ قتال جائز نہیں ہر ایک یعنی میاں نظام رضؓ میاں ملک جیو رضؓ میاں نعمت رضؓ میاں لاڑشاہ رضؓ اور میاں دلاور رضؓ نے اس بات کا اقرار و باعتراف کیا اقرار یہ کہ محمدؐ اور مہدیؑ اور قرآن کی جو کچھ اتباع ہے ہم اس پر متفق ہیں اور اس بات پر بھی متفق ہیں کہ خلق کو (بلا عذر شرعی) کافر نہیں کہیں گے اور خلق پر تکفیر کا حکم کرنا شرعاً جائز نہیں اور نیز خلق سے قتال نہیں کریں گے اور یہ خلاف شرع ہے اس لئے کہ اگر خلق کی تکفیر اور ان کے ساتھ قتال کو جائز رکھیں تو قرآن اور شرع محمدیؐ کا خلاف لازم آتا ہے فرمان خدا ہے کہ جس نے تم کو سلام کیا تو تم اس کو مومن نہیں ہے مت کہو نبی علیہ السلام نے فرمایا تم اپنے اہل قبلہ کو کافر مت کہو اور دوسری حدیث یہ بھی ہے کہ میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں سے ان کے لا الہ الا اللہ کہنے تک مقاتلہ کروں یہ جائز نہیں اس لئے کہ مہدی علیہ السلام مبین قرآن تھے نہ کہ ناسخ قرآن اور تابع شرع محمدیؐ تھے نہ کہ ناسخ شرع اور اگر تکفیر و قتال ان کے حق میں جائز رکھیں تو پس لازم آئے گا کہ ان کی عورتوں اور لڑکیوں کو بغیر نکاح تصرف میں لائیں اور ان کا مال حلال ہو اور یہ جائز نہیں بلکہ کفر ہے لیکن منکران مہدی علیہ السلام کے متعلق جیسا کہ احادیث اور قرآن میں مذکور ہے ہم اس پر اعتقاد رکھتے ہیں فرمان خدا ہے کہ اور جو گروہ اس سے (مہدیؑ سے) انکار کرے تو دوزخ اس کا ٹھکانہ ہے نبیؐ نے فرمایا جس نے مہدی کا انکار کیا پس وہ کافر ہوگیا اور اگر کوئی شخص دین مہدی علیہ السلام کی پیروی کا مانع ہو اور

من انکر المھدی فقد کفر
اگر در متابعت دین مہدی علیہ السلام کسے مانع شود و گوید
کہ ایں بدعت و ضلالت است و گوید کہ ازیں
باز آئید وگرنہ از ملک ما بیرون روید بیروں رویم
اگر چیزی عذری باشد حقیقۃً از اں عذر پیش
آریم و اگر ایشاں عذر قبول ندارند و تعدی
کنند و اگر دفع کردہ شود مواخذہ نباشد از روی
شرع اگر صبر کنند و درگزرند و عفو کنند بہتر
باشد کقولہ تعالیٰ ولمن صبر
وغفر ان ذالک لمن عزم الا
مور (جزء ۲۵ رکوع ۵) واما امر معروف کنند
قولہ تعالیٰ ولتکن منکم امۃ
یدعون الی الخیر م آں بر سہ نوع
است بالید واللسان والجنان
بہر نوعی استطاعتہ دارد امر معروف
کند از عہدہ آں بیروں آیند و مثاب باشند
و ماجور باشند و اگر باز نہ آیند و از شرع
بیروں آیند از روے شرع با ایشاں قتال
جائز باشد و ہر کہ بعد ازیں عدول کند و حجتی
پیش آرد حجت او نا مسموع و باطل گردد و او
مبتدع و ضال است ہم بریں جملہ مقر شدند
و اعتراف نمودند ایں بر سبیل حجت داد تا ثانی
الحال حجت باشد و نیز معلوم باد کہ بندگی
میاں نعمت رض و میاں ملک جیو رض پیش
بندگی میاں رض آمدند و ایں آیت خواندند ثم
اورثنا الکتٰب الذین اصطفینا

کہا کہ یہ بدعت اور ضلالت ہے اور کہا کہ اس سے باز آؤ
ورنہ ہمارے ملک سے چلے جاؤ تم ہم باہر چلے جائیں
گے اگر کچھ عذر ہو تو ہم حقیقۃً عذر پیش کریں گے اور
اگر یہ لوگ عذر قبول نہ کریں اور ظلم کریں اور اگر (یہ
بات) دفع کر دی جائے تو از روے شرع مواخذہ
نہ ہوگا اگر صبر کریں در گذر کر دیں اور معاف کریں تو بہتر
ہوگا مانند قول اللہ تعالیٰ کے اور البتہ جس نے صبر
کیا اور بخش دیا بے شک یہ بڑی ہمت کے کام
ہیں ولیکن امر معروف کریں فرمان خدا ہے
کہ تم میں سے ایک گروہ ایسا بھی ہونا چاہیئے
جو نیکی کی طرف بلائے اور وہ تین قسم پر ہے
ہاتھ اور زبان اور دل سے جس قدر طاقت
رکھتا ہے امر معروف کرے (تاکہ) اس
کے ذمہ سے بری ہوں اور اجر و ثواب پائیں
اور اگر (ظالمین) باز نہ آئیں اور شرع سے باہر
ہو جائیں تو شرعاً ان کے ساتھ قتال جائز ہے اور جو
شخص کہ اس کے بعد (اس معاہدہ کے بعد) روگردانی کرے
اور کوئی حجت پیش کرے تو اس کی حجت نا مسموع اور باطل
ہوگی اور وہ مبتدع اور گمراہ ہے اسی بات پر سب نے
اقرار و اعتراف کیا اور یہ (معاہدہ) بر سبیل حجت دیا گیا
تاکہ دوسرے وقت حجت میں پیش ہو اور نیز واضح
ہو کہ بندگی میاں نعمت رض اور میاں ملک جیو رض
بندگی میاں رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور
یہ آیت پڑھی پھر ہم نے ان لوگوں کو کتاب کے
وارث قرار دیا ہے جن کو ہم نے اپنے بندوں
میں سے برگزیدہ کر لیا ہے اور بعض ان

من عبادنا فمنہم ظالم لنفسہ بعدہ میاں سوال کردند درحق کدام کس ظالم نفس فرمودند مقتصد کدام کساں را فرمودند سابق بالخیرات کدام کسانرا فرمودند اگر شمارا معلوم باشد بگوئید بعدہ ایشاں گفتند معلوم نیست ما حال آنکس را بہ بینیم بندگی میاں رضؓ فرمودند بندہ ہیچ چیز ازاں نہ بیند مگر بر گفتہ میراں ؑ ایمان داریم بعدہ میاں رضؓ فرمودند کہ اگر کسے بطریق اخلاص ما را بپرسد ایں بندہ بگوید ایں ہر سہ مراتب مفصل کردہ بعدہ محمد خاں بہرہ گفت خوندکار بگویند وبفرمایند بعدہ بندگی میاں رضؓ فرمودند اگر میاں نعمت رضؓ ومیاں ملک جیو رضؓ بپرسند انچہ بندہ بگوید دریں ہیچ مقصود نیست ولیکن ظالم نفس برمی خیزد وسابق بالخیرات دھکہ میخورد بعدہ ہیچکس نہ پرسید ونیز نقل است کہ بندگی میاں ملک جیو رضؓ در ناگور بہ تحصیل شبانروز باوضو ماندند کہ احوال مقدمہ قتال معلوم کنند بعدہ یک شب معلوم شد کہ سید خوندمیر رضؓ انچہ کردند حق بود فقاتلوا وقتلوا چنانچہ حضرت میراں علیہ السلام فرمودہ بودند ہمچناں شد بعدہ میاں ملک جیو رضؓ فرمود اگر کسے دامن بندہ بگیرد ہر جا کہ بندگی سید خوندمیر رضؓ قدم نہاد آنرا حجت بدہم انچہ در کتبہا نوشتہ بودند سید خوندمیر رضؓ کردند ہیچ خلاف کردند ونیز نقلست کہ

میں سے اپنے نفس کے لئے ظلم کرنے والے ہیں اس کے بعد میاں رضؓ نے سوال کیا کہ (حضرت مہدی علیہ السلام نے کس کے حق میں ظالم نفس فرمایا اور کن اشخاص کو مقتصد فرمایا اور سابق بالخیرات کن اشخاص کو کہا اگر آپ کو معلوم ہو تو بیان کرو اس کے بعد ان حضرات نے فرمایا کہ معلوم نہیں ہم اس شخص کے حال کو دیکھتے ہیں بندگی میاں رضؓ نے فرمایا کہ بندہ کسی چیز کو نہیں دیکھتا ہم مہدی علیہ السلام کے فرمان پہ ایمان رکھتے ہیں اس کے بعد میاں رضؓ نے فرمایا اگر کوئی شخص ہم سے بطریق اخلاص پوچھے تو یہ بندہ ان تینوں مرتبوں کو مفصل طور پہ کہتا ہے۔ اس کے بعد محمد خاں بہرہ نے کہا خوندکار کہیں اور فرمائیں اس کے بعد بندگی میاں رضؓ نے فرمایا کہ اگر میاں نعمت رضؓ اور میاں ملک جیو رضؓ پوچھیں بندہ جو کچھ کہتا ہے اس میں کوئی مقصود نہیں ولیکن ظالم نفس اٹھ جائیں گے اور سابق بالخیرات دھکہ کھائیں گے اس کے بعد کسی نے نہیں پوچھا اور نیز نقل ہے کہ بندگی میاں ملک جیو رضؓ شہر ناگور میں چالیس دن رات باوضو رہے تاکہ قتال کے مقدمہ کا احوال معلوم کریں اس کے بعد ایک رات کو معلوم ہوا کہ سید خوندمیر رضؓ نے جو کچھ کیا حق تھا مقاتلہ کئے اور قتل کئے گئے جیسا کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا اس کے بعد ملک جیو رضؓ نے فرمایا اگر کوئی شخص بندہ کا دامن پکڑے تو بندگی سید خوندمیر رضؓ نے جہاں قدم رکھا اس پر دلیل پیش کرونگا جو کچھ کتب میں لکھے تھے سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے عمل کیا کسی بات کا خلاف نہیں کیا اور نیز نقل ہے کہ میاں نعمت رضؓ نے

میاں نعمت رضؓ در موضع بھاوی پور پیش ملک میاں باری وال بحضور چند طالبان فرمودند کہ کسانیکہ ایں بندہ را در قاتلوا وقتلوا از برابر سید خوندمیر رضؓ باز داشتند آنہا را خدا خواہد پرسید اما بندگی میراں جیوؑ ہیچ نہ فرمود کہ بہ چہ طریق وکدام صورت روی نماید پس بہ فرمودہ آں ذات معلوم شد کہ فعل مقید نیست اگر کسے را مشکل آید کہ بہ کلمہ گویاں چوں قتال باشد او بیقین داند کہ حق تعالیٰ مہدی علیہ السلام را بر کلمہ گویاں فرستادہ است و مشرکاں وکافراں در حکم تعمیم اند واز آیت فالذین ھاجروا واخرجوا من دیارھم واوذوا فی سبیلی مبین گشت کہ پس ناچار قاتلوا وقتلوا ہم با ایشاں باشد ایں زماں وقت شہادت یافتن بندگی سید خوندمیر رضؓ وبعضی یاراں صحبت سید محمدؑ برہمہ لازم شد وہمہ علامتہا محقق شد وبر کرا در یافتن شہادت مشکل آید باید کہ بعد مصطفیٰؐ اصحاب آں در کشتن یزید حسنؓ وحسینؓ وعلیؓ را نظر کند چنانچہ اولاد مصطفیٰؐ را آں زماں کشتند ہمچناں بعد مہدیؑ اولاد مصطفیٰؐ را بکشند ونیز معلوم باد کہ ملایان ہمچناں فتویٰ دادند کسے یاراں سید محمد مہدیؑ را بکشد او را ثواب دہ موتس خواراں دادہ شود ویکے زاغ آہنی گرم کردہ چفسیدند و یاراں سید محمد مہدیؑ را ضرب کردہ تا از سید محمد مہدیؑ جی گرداند و داغ

موضع بھاوی پور میں چند طالبان مولیٰ کے سامنے ملک میاں باری وال سے فرمایا کہ جو اشخاص کہ اس بندہ کو قاتلوا وقتلوا میں سید خوندمیر رضؓ کی برابری سے باز رکھے دران کو خدا پوچھے گا لیکن حضرت مہدیؑ نے کچھ نہیں فرمایا کہ کس طریق اور کس صورت پر ظہور ہوگا۔ پس اس ذات کے فرمان کی بناء پر معلوم ہوا کہ فعل (قاتلوا وقتلوا) مقید نہیں ہے اگر کسی کو مشکل پیش آئے کہ کلمہ گویوں سے قتال کیوں کر ہوگا تو اس کو یقین کے ساتھ جاننا چاہئے کہ حق تعالیٰ نے مہدیؑ کو کلمہ گویوں پر بھیجا ہے مشرکاں اور کافراں عام حکم میں داخل ہیں اور آیۂ ہذا۔ جنھوں نے ہجرت کی اور اپنے شہروں سے نکالے گئے اور میرے راستہ میں تکلیف دیئے گئے۔ سے ظاہر ہے کہ پس ناچار قاتلوا وقتلوا بھی ان (کلمہ گویوں کے) ساتھ ہوگا بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ اور بعض یاروں کے شہید ہونے کا وقت یہی ہے سید محمدؑ (کے فرمان) کی صحبت (کا پورا ہونا) سب پر لازم ہے اور تمام علامتیں ثابت ہوگئیں اور جو کسی کو شہادت پانے کے متعلق مشکل پیش آئے تو اس کو چاہئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہ کی شہادت) اور حسنؓ وحسینؓ کو جو یزید نے شہید کروایا اور علیؓ (کی شہادت) پر نظر کرے جیسا کہ اس زمانہ میں (نبوت میں ظالموں نے) مصطفیٰؐ کی اولاد کو قتل کیا اسی طرح (ولایت میں) مہدیؑ کے بعد مصطفیٰؐ کی اولاد کو قتل کئے اور نیز واضح ہو کہ ملاؤں نے ایسا فتویٰ دیا کہ جو شخص سید محمد مہدیؑ کے یاروں کو قتل کرے اس کو دس حج بے کھانے والوں کا ثواب دیا جائے گا اور آہنی

می دہند بر پیشانی و خانہا و عبادت گاہ سوزندو قتل مباح کردند بعدہ بندگی سید خوندمیر رضؓ حکم کردند و گفتند کہ اکنوں ظلم برما شد ماہم تقصیر نکنیم و بتاں را بشکنیم بعدہ از روے حسد مخالفاں چند بار استفتا نوشتہ در لشکر سلطان فرستاد (وہو ہذا) بعضے سیداں و تارکان دنیا و طالبان خدا و روندگاں در پی مصطفیٰ و خوانندگاں سوی حق تعالیٰ و تابع قرآن و کلمہ گویاں و خوانندگان آمنت باللہ وآں فرائض کہ از خدا ثابت شدہ است ادا کنندگاں و حلال خورندگاں و از حرام دور شدگاں را دیرچہار یاران مصطفیٰ ؐ و اتفاق سنت و جماعت را اعتقاد دارندگاں آں کسانرا بکدام حجت کشتن و اخراج کردن و گمراہ گفتن جائز است بعدہ از محبت حق تعالیٰ بندگی سید الشہداء رضؓ جان خود را بجانان دادند و سہ جائے قبر کنانیدند و پوست خود کشانیدند و فرخنکی حضرت خدا رفتند و فرمودند کہ در حشرگاہ بدیں آواز حق تعالیٰ مارا بخواند کہ آنکس کجا است کہ بردستی ما جان خود امانت دادہ اکنوں ذات ما بدہیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فالذین ھاجروا واخرجوا من دیارھم واوذوا فی سبیلی وقاتلوا وقتلوا در حق ایں آساحی محقق شد والیاں در راہ حق شہا دست یافتند اول روز تاریخ دو از دہم ماہ شوال

پنجہ گرم کر کے داغ دیئے اور سید محمد مہدی علیہ السلام کے یاروں کو مار کر سید محمد مہدیؑ سے روگرداں کرنے کی کوشش کی پیشانی پر داغ دیئے گھروں اور مسجدوں کو جلا دیئے اور (مہدویوں کے) قتل کو مباح سمجھے اس کے بعد بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ نے حکم کیا اور فرمایا کہ اب ہم پر ظلم ہوا ہم بھی کوتاہی نہیں کریں گے بتوں کو توڑیں گے اس کے بعد آپ نے مخالفوں کے حسد کی بناء پر چند بار استفتاء لکھ کر سلطان کے لشکر میں بھیجا (استفتاء کی عبارت یہ ہے کہ) بعض سید جو دنیا کو ترک کرنے والے خدا کے طالب اور مصطفیٰ ؐ کی پیروی کرنے والے اور خدائے تعالیٰ کی طرف بلانے والے اور قرآن کے تابع کلمہ اور آمنت باللہ پڑھنے والے اور جو فرائض کہ کلام خدا سے ثابت ہیں ان کو ادا کرنے والے اور حلال کھانے والے اور حرام سے دور رہنے والے اور چار یاران مصطفیٰ ؐ اور سنت و جماعت (صحابہ و تابعین تبع تابعین) کے اتفاق پر اعتقاد رکھنے والے ان اشخاص کو قتل کرنا اخراج کرنا اور گمراہ کہنا کس حجت سے جائز ہے اس کے بعد بندگی سید الشہداء نے حق تعالیٰ کی محبت میں اپنی جان جاناں کو دی اور تین جگہ مدفون ہوئے اور اپنا پوست کھچوائے اور جوار رحمت الٰہی میں داخل ہوئے اور فرمایا کہ میدان حشر میں حق تعالیٰ ہم کو اس آواز سے پکارے گا کہ وہ شخص کہاں ہے جو ہماری دوستی میں اپنی جان امانت دی اب ہم (اس کو) ہماری ذات دیتے ہیں۔ شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پس جن لوگوں نے ہجرت کی اور انکے گھروں سے نکالے گئے اور میرے راستہ میں ایذا دیئے گئے اور مقاتلہ کئے اور قتل کئے گئے ان اصحاب کے حق میں ثابت ہوا

در موضع کھانبیل چہل برادران شہید شدند بایں تفصیل پنجاہ و سہ بہ نبال سید الشہداء رضی اللہ عنہ صدیق ولایت واصل بہ حق تعالیٰ شدند۔

اور انہوں نے راہ حق میں شہادت پائی ہے پہلے دن بارھویں شوال کو موضع کھانبیل میں چالیس برادر شہید ہوئے اس تفصیل سے ترپن (حضرات) سید الشہداء صدیق ولایت رض کے ہمراہ واصل حق ہوئے۔

باب ہفدہم

دربیان بشارت ہائے مہدی ؑ و تخصیص سیدین رضؓ

نقلست در احمد آباد اجماع شدہ بود در نین پور گفتگو در فضل دو جوانان بود ہمہ مہاجران مہدی ؑ دراں مجلس حاضر بودند بعضی مہاجران رضؓ فرمودند کہ تخصیص معلوم است ولیکن حضرت پیش کدام کس فرمودہ اند کہ ایں ہر دو جواناں اند بندگی سید محمود رضؓ و بندگی سید خوندمیر رضؓ پس بندگی میاں رضؓ فرمودند کہ بندہ را سماع است کہ بی بی بون رضؓ حضرت میراں ؑ را پرسیدہ بودند بعدہ میراں جیو ؑ معین کردہ فرمودند تا بی بی رضؓ را بپرسیم ہرچہ شنیدہ باشد خواہند فرمود بعدہ ہمہ مہاجران رضؓ پیش بی بی رضؓ رفتند بعدہ بندگی سید خوندمیر رضؓ بدیں طریق بی بی را پرسیدند کہ خدا حاضر است و میراں ؑ ہم حاضر ہستند آنچہ از حضرت میراں ؑ شنیدہ باشند بفرمائید کہ میراں جیو ؑ نام دو جواناں پیش شما فرمودہ اند آں کیانند بعدہ بی بی رضؓ فرمودند حضرت میراں ؑ

سترھواں باب

مہدی ؑ کی بشارتوں اور سیدین رضؓ کی تخصیص کے بیان میں

نقل ہے کہ احمد آباد نین پور میں اجماع ہوا تھا دو جوانوں کے فضل کی گفتگو تھی تمام مہاجران مہدی ؑ اس مجلس میں حاضر تھے بعض مہاجروں رضؓ نے فرمایا کہ تخصیص تو معلوم ہے ولیکن حضرت مہدی ؑ نے کس شخص کے سامنے فرمایا کہ یہ دو جوان ہیں (یعنی) بندگی سید محمود رضؓ اور بندگی سید خوندمیر رضؓ پس بندگی میاں رضؓ نے فرمایا کہ بندہ کی سماع ہے کہ بی بی بون رضؓ نے حضرت مہدی ؑ سے دریافت فرمایا تو مہدی ؑ نے معین کر کے فرمایا لہٰذا ہم بی بی رضؓ سے پوچھیں گے جو کچھ کہ سنی ہیں فرمائیں گی۔ اس کے بعد تمام مہاجرین رضؓ بی بی کے پاس گئے اس کے بعد بندگی سید خوندمیر رضؓ نے بی بی رضؓ سے اس طرح پوچھا کہ خدا حاضر ہے اور مہدی ؑ بھی حاضر ہیں آپ نے حضرت مہدی ؑ سے جو کچھ سنا ہے فرمائیں کیونکہ مہدی ؑ نے دو جوانوں کا نام آپ کے روبرو فرمایا ہے وہ کون ہیں اس کے بعد بی بی رضؓ نے فرمایا کہ حضرت مہدی ؑ نے شہر فرہ میں دعوت کے وقت فرمایا کہ فرمان خدا ہوتا ہے کہ اے

در شہر فرہ بوقت دعوت فرمودند کہ فرمان می شود کہ اے سید محمد دو جواناں سیداں رابے واسطہ فیض از حضرت ما میرسد و بر تو منت می نہیم پیش تو ایں چنیں کساں ہستند اگر ترا نہ فرستادیم ایں ہر دو کساں را ایں مقام بودی و نیز ایں مقام را رسیدندی و چونکہ از حضرت میراںؑ ایں حکایت شنیدیم پیش میراں جیوؑ عرض کردیم کہ میراں جیوؑ ایشاں ہر دو جواناں کدام اند پس میراں جیوؑ فرمودند در کار خود باشید خدائے تعالیٰ اظہار خواہد فرمود بعدہ عرض کردیم کہ ازیں سبب می پرسیم کہ تعظیم آں کساں را بداریم چنانچہ خوندکار را می داریم بعدہ حضرت میراںؑ فرمودند کہ آں دو جواناں میراں سید محمودؓ و میاں سید خوندمیرؓ ہستند و نیز نقلست کہ در موضع بھیلوٹ اجماع شدہ بود ذکر در حکایت فضل ہم بود بعضی گفتند کہ میاں سید خوندمیرؓ خود را بر یاراں فضل می دہند بندگی میاںؓ فرمودند کہ بندہ گاہی خود را فضل نداده است چرا کہ از میراں جیوؑ دائم فنا و نیستی شنیدیم فضل خود را دادن ہستی است بعدہ وقت عصر میاں سید محمودؓ و میاں سید خوندمیرؓ برابر ایستادہ بودند در نماز بندگی سید خوندمیرؓ را از حق تعالیٰ فرمان شد فبدل الذی ظلموا منہم قولا غیر الذی قیل لہم بعدہ بعد از نماز در گوش میراں سید محمودؓ گفتند کہ ایں چنیں فرمان می شود بعدہ میراں سید محمودؓ باآواز بلند

سید محمد دو سید جوانوں کو بے واسطہ فیض ہماری درگاہ سے پہنچتا ہے اور تجھ پر ہمارا احسان ہے کہ تیرے پاس ایسے دو اشخاص ہیں کہ اگر ہم تجھ کو نہ بھیجتے تو ان دونوں اشخاص کا مقام یہی ہوتا اور نیز وہ اس مقام کو پہنچتے اور چونکہ ہم نے حضرت مہدیؑ سے یہ حکایت سنی تو مہدیؑ کے حضور میں عرض کیا کہ میراں جیو ہر دو جوان کون ہیں پس مہدیؑ نے فرمایا کہ تم اپنے کام میں رہو خدائے تعالیٰ ظاہر فرما دے گا بعدہ عرض کی کہ اس سبب سے پوچھتے ہوں کہ ان دو اشخاص کی عظمت کروں جیسی کہ خوندکار کی (عظمت) کرتے ہیں اس کے بعد حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ وہ دو جوان میراں سید محمودؓ اور میراں سید خوندمیرؓ ہیں۔ اور نیز نقل ہے کہ موضع بھیلوٹ میں اجماع ہوا تھا فضل کی حکایت کا ذکر بھی تھا۔ بعض نے کہا کہ میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ خود کو یاروں پر فضیل دیتے ہیں۔ بندگی میاں نے فرمایا کہ بندہ کبھی خود کو فضیل نہیں دیا اس لئے کہ ہم نے مہدیؑ سے ہمیشہ فنا اور نیستی (کی ہدایت) سنی ہے خود کو فضل دینا ہستی ہے اسکے بعد عصر کے وقت میاں سید محمود رضی اللہ عنہ اور میاں سید خوندمیرؓ برابر کھڑے تھے بندگی سید خوندمیرؓ کو حق تعالیٰ کا فرمان ہوا کہ پس بدل دیا ان لوگوں نے جنھوں نے ان میں سے ظلم کیا قول کو خلاف میں اس کے جو کہا گیا ان سے پھر نماز کے بعد میراں سید محمود رضی اللہ عنہ کے کان میں کہا کہ ایسا فرمان ہوتا ہے اس کے بعد میراں سید محمود رضی اللہ عنہ

فرمودند کہ آمنا وصدقنا بعدہ میاں
سید خوندمیر رضی اللہ عنہ ایں بیت خواندند۔

بیت

خدا از عابداں آں را گزیند
کہ در راہ خدا خود را نہ بیند

یک روز در حجرہ فرمان بہ عتاب شد کہ چرا حق پوشی کردی کہ فضل دو کساں را بر ہمہ یاراں دادیم بندگی سید خوندمیرؓ عرض کردند کہ خدائے تعالیٰ چیزی حجتی باید فرمان شد قل من کان عدو اللہ وملئکتہ ورسلہ وجبریل ومیکٰل فان اللہ عدو للکفرین۔ وبشارتہای حضرت میرانؑ ایں دو کساں را بہ تخصیص است چنانچہ در میان فرشتگان جبرئیل ومیکائیل تخصیص ہستند و نیز فرمودند کہ سہ کساں ذاتی ہستند یکی میراں سید محمودؓ دوم میاں سید خوندمیرؓ سوم میاں دلاورؓ و نیز **نقلست** کہ یک روز بندگی سید خوندمیرؓ را حضرت میرانؑ دست گرفتہ درون حجرہ بردند و فرمودند کہ سید خوندمیرؓ سہ ماہ شما است کہ معلوم می شود آنچہ دریں سینہ ظہور شدہ است آنہا ظہور در سینہ شما شدہ است ہر پنج انگشت خود بر سینہ بندہ زدند و نیز **نقل است** کہ وقتیکہ میاں یوسفؓ را چیزی کشودہ شد ہمہ برادراں پسخوردہ میاں مذکور نوشیدند و میراں سید محمودؓ در خانہ آمدند و بسیار زاری کردند بعدہ بی بونؓ پیش میرانؑ عرض کردند کہ سید محمود رضی اللہ عنہ بسیار ہلاک میشوند خوندکار بیایند پس میرانؑ آمدند و پرسیدند کہ شمایاں

نے بلند آواز سے فرمایا کہ آمنا وصدقنا اس کے بعد میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے یہ بیت پڑھی۔

بیت

خدا اپنے بندوں میں سے اس کو مقبول رکھتا ہے
جو خدا کی راہ میں خود کو نہیں دیکھتا ہے

ایک روز حجرہ میں عتاب سے فرمان ہوا کہ کس لئے حق پوشی کرتا ہے کہ ہم نے دو اشخاص کو سب یاروں پر فضل دیا ہے بندگی سید خوندمیرؓ نے عرض کیا کہ اے خدائے تعالیٰ کوئی چیز حجت کے لئے چاہئے تو فرمان ہوا کہ کہہ جو اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کے رسولوں کا اور جبرئیل و میکائیل کا دشمن ہے تو ہوا کرے پس تحقیق اللہ کافروں کا دشمن ہے۔ اور حضرت مہدیؑ کی بشارتیں ان دو اشخاص کے لئے مخصوص ہیں جیسا کہ فرشتوں کے درمیان جبرئیل و میکائیل مخصوص ہیں اور نیز (مہدیؑ نے) فرمایا کہ تین اشخاص ذاتی ہیں اول میراں سید محمودؓ دوم میاں سید خوندمیرؓ اور سوم میاں دلاورؓ اور نیز نقل ہے کہ ایک روز حضرت مہدیؑ بندگی سید خوندمیرؓ کا ہاتھ پکڑ کر حجرہ میں لے گئے اور فرمایا کہ اے سید خوندمیرؓ تین ماہ ہوئے (منجانب اللہ) معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ اس سینہ میں ظہور ہوا ہے وہی ظہور تمہارے سینہ میں ہوا ہے۔ پانچوں انگلیاں بندہ کے سینہ پر ماریں اور نیز نقل ہے کہ جب میاں یوسف رضی اللہ عنہ کو کوئی چیز منکشف ہوئی تو تمام برادروں نے میاں مذکور کا پسخوردہ پیا اور میراں سید محمود رضی اللہ عنہ گھر میں آئے اور بہت زاری کی اس کے بعد بی بونؓ رضی اللہ عنہا نے مہدی علیہ السلام سے عرض کی کہ سید محمودؓ بہت ہلاک ہوتے ہیں خوندکار آئیں پس حضرت مہدی علیہ السلام تشریف لائے اور پوچھا کہ تم ایسا

چرا می کنید بعدہ میراں سید محمود رضی اللہ عنہ فرمودند بطریقی کہ میاں یوسفؓ را چنیں حال است و ایں بندہ را ہیچ حالی نیست بعدہ میراں جیوؑ فرمودند ایں چہ آرزو می کنید او در تجلی روحی اوہ اوہ می کند حال شما بہتر است ازیں بعد میراں سید محمودؓ عرض کردند کہ صدقہ میراںؑ چیزے روزی شود بعدہ میراںؑ جیو فرمودند کہ صدقہ خوار نباید مرد شد مرد باید بود حال سید خوندمیرؓ بہ بینید کہ تجلی الوہیت پے درپے می شود بشرہ ہم تغیر نمی شود و نیز **نقلست** کہ حضرت میراںؑ یکی را سیر نبوت فرمودند و دومی را سیر ولایت فرمودند یعنی بندگی میراں سید محمودؓ و بندگی میاں سید خوندمیرؓ و نیز اجماع کھانبیل اینست کہ شبے بود دراں شب بعد از عشاء میاں سید خوندمیرؓ و میاں نعمتؓ و میاں دلاورؓ و میاں نظامؓ و اکثر مہاجرانؓ حاضر بودند چیزے گفتگو در فضل بود بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند کہ ایں سنگ است سید محمد مہدیؑ ایں را گوہر فرمودند شما چہ میفرمائید بعدہ میاں سید سلام اللہ یکی خاشاک از صف جماعت خانہ گرفت و فرمودند کہ ایں گیاہ است و سید محمدؑ ایں را شاہ فرمودند شما چہ میفرمائید بعدہ میاں نظامؓ فرمودند کہ آں سنگ گوہر است و ایں گیاہ شاہ است بعدہ میاں نعمتؓ میاں دلاورؓ را فرمودند کہ شما را آنچہ معلوم است بگوئید بعدہ میاں دلاورؓ ایستادہ شد گفت سخن ایں کمینہ راچہ اعتبار است بعدہ ملک بخن دامن میاں دلاورؓ گرفتہ نشانیدہ گفتند کہ آنچہ حق است

کیوں کرتے ہو اس کے بعد میراں سید محمود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میاں یوسفؓ کا حقیقت حال یہ ہے اور اس بندہ کے لئے کوئی حال نہیں اس کے بعد مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ کیا آرزو کرتے ہو کہ وہ تجلی روحی میں اوہ اوہ کرتا ہے تمہارا حال ان (میاں یوسف رضی اللہ عنہ) سے بہتر ہے اس کے بعد میراں سید محمودؓ نے عرض کیا کہ مہدی علیہ السلام کا صدقہ کچھ روزی ہو اس کے بعد حضرت مہدی علیہ السلام نے فرمایا کہ صدقہ خوار نہیں ہونا چاہیئے مرد بننا چاہیئے سید خوندمیرؓ کے حال کو دیکھو کہ تجلی الوہیت پے درپے ہوتی ہے چہرہ بھی متغیر نہیں ہوتا۔ اور نیز نقل ہے کہ حضرت مہدیؑ نے ایک کو نبوت کی سیر فرمایا اور دوسرے کو ولایت کی سیر فرمایا یعنی بندگی میراں سید محمودؓ اور بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ اور نیز کھانبیل کا اجماع یہ ہے کہ ایک رات تھی اس رات میں عشاء کے بعد میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ میاں نعمتؓ میاں دلاورؓ میاں نظامؓ اور اکثر مہاجرین حاضر تھے فضل کے متعلق کچھ گفتگو ہو رہی تھی بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ پتھر ہے سید محمد مہدیؑ نے گوہر فرمایا ہے آپ کیا فرماتے ہو اس کے بعد میاں سلام اللہ رضی اللہ عنہ نے جماعت خانہ کی صف سے ایک کاڑی لی اور فرمایا کہ یہ گیاہ (گھاس کی کاڑی) ہے سید محمدؑ نے اس کو شاہ فرمایا ہے آپ کیا فرماتے ہو اس کے بعد میاں نظامؓ نے فرمایا کہ وہ پتھر گوہر ہے اور یہ گیاہ شاہ ہے اسکے بعد میاں نعمتؓ نے میاں دلاورؓ سے فرمایا آپکو جو کچھ معلوم ہے بیان کرو اسکے بعد میاں دلاورؓ کھڑے ہو گئے اور فرمایا کہ اس کمینہ کی بات کا کیا اعتبار ہے اس کے بعد ملک بخن نے میاں دلاورؓ کا دامن پکڑ کر بٹھا کر کہا کہ جو کچھ حق ہے کہو میاں نعمت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیوں نہیں کہتے اس کے بعد میاں دلاورؓ

بگویید میاں نعمت رض فرمودند چرا نمی گویید لعدہ میاں
دلاور رض برخاستہ گفتند کہ سخن من راچہ اعتبار است
باز ملک بخن یکتائی گرفتہ نشانیدہ گفتند آنچہ معلوم
است چرا نمی گویید پس میاں دلاور رض فرمودند کہ
محمد رسول اللہ ص را فضل از قرآن است وسید محمد
را فضل از بیان قرآن ووارث است پس ہر آنجا
وارث بیان قرآن است ہمیں فضل بسند است
ونیز فرمودند کہ در یاران میراں ع ایں چنیں بیان
قرآن خدائے تعالیٰ کسے راعطا کردہ است ہمیں
فضل عین است ومیاں دلاور رض فرمودند در کسے
کہ صفت عمر رض وعثمان رض باشد آنکس باباپکر رض صفت
است دست بیعت کنند کہ اول فضل بیان قرآن
دوم فضل آل رسول ص سوم فضل آل مہدی ع چہارم
فضل تخصیص دوجوانان بعدہ ہمہ کساں از جماعت خانہ
برخاستند وطرف خانہ بندگی سید خوندمیر رض رواں
شدند چونکہ در دہلیز رسیدند میاں نظام رض بشتابی
ہر دو دست بندگی سید خوندمیر رض گرفتند وبیعت
کردند وفرمودند بندہ رابرادر خود شمرید بعدہ میاں
نعمت رض برادران خود را فرمودند کہ شما پیش سید خوندمیر رض
بمانید ایشاں را فضل میاں دلاور رض دادہ است
اگر خدائے تعالیٰ ما را ہم فضل سید خوندمیر رض معلوم
خواہد کرد صحبت خواہیم کرد پس میاں دلاور رض میاں
نعمت رض را گفت شمارا ہم میراں جیو ع در اخوان شمردہ
است ونیز میاں نعمت رضی اللہ عنہ ومیاں
ابومحمد مہاجر رض ہم ہماں شب بیعت کردند ونیز
نقلست میاں سید خوندمیر رض چند بار فرمودند کہ

نے اٹھ کر کہا کہ میری بات کا کیا اعتبار ہے پھر ملک بخن رض
نے یکتائی پکڑ کر بٹھا کر کہا کہ جو کچھ معلوم ہے کس لئے
نہیں کہتے پس میاں دلاور رض نے فرمایا کہ محمد رسول اللہ ص
کو قرآن سے فضل ہے اور سید محمد مہدی ع کو بیان قرآن
سے فضل ہے اور وارث (قرآن) ہے۔ پس جہاں بیان
قرآن کی وراثت ہے یہی فضل کافی ہے اور نیز فرمایا کہ مہدی ع
کے یاروں میں اس قسم کا قرآن کا بیان خدائے تعالیٰ نے جس کو
عطا کیا ہے یہی عین فضل ہے۔ اور میاں دلاور رض نے فرمایا
جس شخص میں عمر رض اور عثمان رض کی صفت ہو وہ شخص ابابکر رض
کی صفت رکھنے والا ہے اس سے بیعت کرنی چاہیئے کیونکہ
پہلا فضل قرآن کے بیان کا دوسرا فضل آل رسول ص
کا تیسرا فضل آل مہدی علیہ السلام کا چوتھا فضل دو جوانوں
کی تخصیص کا ہے اس کے بعد سب حضرات جماعت خانہ سے
اٹھ گئے اور بندگی سید خوندمیر رض کے مکان کی طرف جانے لگے۔ جب
دہلیز کے پاس پہونچے تو میاں نظام رض نے جلدی سے بندگی میاں
سید خوندمیر رضی اللہ عنہ کے دونوں ہاتھ پکڑا اور بیعت کی
اور فرمایا کہ بندہ کو اپنا بھائی سمجھیں اس کے بعد میاں نعمت رض
نے اپنے برادروں سے فرمایا کہ تم سید خوندمیر رضی اللہ عنہ کے
پاس رہو۔ ان کو میاں دلاور رض نے فضل دیا ہے اگر خدائے تعالیٰ
ہم کو بھی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ کا فضل معلوم کرے گا تو
صحبت اختیار کریں گے پس میاں دلاور رضی اللہ عنہ نے
میاں نعمت رضی اللہ عنہ سے کہا کہ مہدی ع نے تم کو بھی
اخوان میں شمار کیا ہے اور نیز میاں نعمت رض اور میاں
ابومحمد مہاجر رضی اللہ عنہ نے بھی اسی رات میں بیعت کی۔
اور نیز نقل ہے میاں سید خوندمیر رض نے چند بار فرمایا کہ
مہدی ع سو بار دم و بیش اس بندہ کے حجرہ میں آئے

میراں جیوؑ صد بار کم و زیادہ در حجرۂ ایں بندہ آمدند و فرمودند کہ امروز در حق شما ہمچناں فرمان می شود بعدہ بندہ عرض کرد کہ بندہ، ہیچ ندام بعدہ میراں علیہ السلام فرمودند کہ بندہ چہ داند فرمان خدا ہمچوں میباشد و نیز نقلست در شہر فرہ بہ حضور میراں جیوؑ بندگی سید خوندمیرؓ معاملہ دیدند کہ وصال میراں علیہ السلام شدہ است و غسل دادہ ہر یکی از برادراں آمدہ قصد بر داشتن می کنند و ہیچکس نمی تواند کہ بر دارد بعدہ بندگی میاں رضی اللہ عنہ فرمودند کہ برادراں مارا بفرمایند تا برداریم بعدہ ہمہ کس گفتند کہ شما بردارید پس بندگی سید خوندمیرؓ برداشتند بہ سبکی و آسانی بر سینۂ خود داشتہ بردیم و چند قدم برفتم چہ می بینم کہ میراںؑ درمیاں نیستند۔ او ہر دو دست بندہ بر سینہ ماندہ است و حضرت میراںؑ در ما غائب شدند) و ایں معاملہ پیش میراں جیوؑ عرض کردیم بعدہ میراںؑ فرمودند آرے ہمچناں است چنانچہ دیدہ اید ایں بار ولایت مصطفیٰ ؐ است جز شما کسے طاقت بر داشتن آں ندارد و نیز فرمودند شمارا فنا در ذات ما است آں بندہ و شما ہر دو یک ذات ہستند ہیچ فرق نیست و نیز نقلست از بندگی سید خوندمیرؓ در شہر فرہ کہ بندہ پیش میراںؑ حاضر بود بیان چیزے فضل ولایت مصطفیٰ ؐ بود بعدہ میراں جیوؑ فرمودند فرمان میشود اے سید محمد ہر جا کہ ختم ولایت مصطفیٰ ؐ باشد قائم مقام آنجا انبیاء باشند و بعضی کساں را

اور فرمایا کہ آج تمہارے حق میں ایسا فرمان ہوتا ہے اس کے بعد بندہ نے عرض کیا کہ بندہ کچھ نہیں ہے اس کے بعد مہدیؑ نے فرمایا کہ بندہ کیا جانے خدا کا فرمان ایسا ہی ہوتا ہے۔ اور نیز نقل ہے شہر فرہ میں بندگی سید خوندمیرؓ نے مہدیؑ کے حضور میں معاملہ دیکھا کہ مہدی علیہ السلام کا وصال ہوگیا ہے اور غسل دے کے برادروں میں سے ہر ایک برادر آکر اٹھانے کا قصد کرتا ہے اور کوئی شخص نہیں اٹھا سکتا اس کے بعد بندگی میاںؓ نے فرمایا کہ اگر ہم کو بھائیوں کی اجازت ہو تو ہم اٹھاتے ہیں اس کے بعد تمام اشخاص نے کہا کہ آپ اٹھاو پس بندگی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے اٹھا لیا (اور فرمایا کہ میں نے) سبکی اور آسانی سے اپنے سینہ پر اٹھا لیا۔ اور چند قدم گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ مہدی علیہ السلام درمیان میں نہیں ہیں اور میرے دونوں ہاتھ میرے سینہ پر ہیں اور حضرت مہدیؑ ہم سے غائب ہوگئے اور یہ معاملہ میں نے حضرت مہدیؑ کے حضور میں عرض کیا اس کے بعد مہدیؑ نے فرمایا ہاں ایسا ہی ہے جیسا کہ تم نے دیکھا ہے یہ مصطفیٰ ؐ کی ولایت کا بار ہے تمہارے سوا کوئی شخص اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتا۔ اور نیز فرمایا کہ تم کو ہماری ذات میں فنا حاصل ہے بندہ اور تم ہر دو ایک ذات ہیں کچھ فرق نہیں۔ اور نیز بندگی سید خوندمیرؓ سے منقول ہے آپ نے فرمایا کہ شہر فرہ میں بندہ مہدیؑ کی خدمت میں حاضر تھا اور مصطفیٰ ؐ کی ولایت کے فضل کا بیان تھا اس کے بعد مہدیؑ نے فرمایا کہ فرمان خدا ہوتا ہے اے سید محمد جس جگہ مصطفیٰ ؐ کی ولایت کا خاتم ہے اس جگہ کے اشخاص انبیاء کے قائم مقام ہوں گے اور بعضی اشخاص کو

سیر ابراہیم فرمودند و بعضی کساں را سیر موسیٰ فرمودند بعدہ بندگی سید خوندمیر رضؓ عرض کردند کہ کسے را سیر محمد مہدیؑ باشد فرمودند آری شمارا در ذات بندہ سیر است و نیز نقل است کہ حضرت میرانؑ را میاں دلاور رضؓ ملاقات کردند وقت فجر آں وقت میرانؑ تلقین کردند میرانؑ دست خود بالائے دست میاں دلاور رضؓ نہادند و فرمودند مرید اللہ باشید بعدہ دست میاں دلاور رضؓ بالا کردند دست خود زیر کردند و فرمودند مراد اللہ باشید ہفت سال جذبہ ماند در مسجد نشستہ بودند بعدہ بصحبت میرانؑ آمدند و نیز نقلست کہ بندگی سید خوندمیر رضؓ بحضور میرانؑ معاملہ دیدہ بودند کہ حضرت میرانؑ را وصال شدہ است و بعضی یاراں با بندہ مخالف شدند پیش میراں جیوؑ عرض کردیم کہ ایں چنیں دیدیم بعدہ فرمودند چنانچہ دیدید تحقیق است وقتی باشد کہ با شما مخالفت و بے دینی نسبت خواہند کرد و شما بر حق ہستند مستقیم باشید ایشاں رجوع و افسوس خواہند کرد۔ و نیز نقلست میاں مخدوم رضؓ را و میاں عزیز اللہ را در وقت عصر در حق ہر دو کساں فرمودند کہ ہر دو را سیر ابراہیمؑ است اگر حیات باشد بیشتر باشند ولیکن ایشاں سفر کردند چونکہ بندگی میرانؑ از دعوت فارغ شدند ہر یکی برادراں دست بوسی کردند با آں کساں بعدہ یکی سوم روز نقل شد و دیگر ہم روز نقل شد و نیز حکایت موضع کھانبیل آمد تا آنکہ چشمہائے سید الشہداء در دل بسیار می کردند

(مہدیؑ نے) ابراہیم علیہ السلام کی سیر فرمایا اور بعض کو سیر موسیٰ فرمایا اس کے بعد بندگی سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ کسی کو محمد مہدی علیہ السلام کی سیر ہے تو فرمایا ہاں تم کو بندہ کی ذات میں سیر ہے۔ اور نیز نقل ہے کہ میاں دلاور رضؓ نے حضرت مہدی علیہ السلام سے ملاقات کی فجر کا وقت تھا اس وقت مہدی علیہ السلام نے تلقین کی (اس طرح پر کہ) مہدی علیہ السلام نے اپنے ہاتھ میاں دلاور رضؓ کے ہاتھ پر رکھا اور فرمایا مرید اللہ ہو اس کے بعد میاں دلاور رضؓ کا ہاتھ اوپر اپنا ہاتھ نیچے رکھا اور فرمایا کہ مراد اللہ ہو سات سال (میاں دلاور رضؓ کو) جذبہ رہا مسجد میں بیٹھے رہے اس کے بعد مہدیؑ کی صحبت میں حاضر ہوئے۔ (یہ نقل میاں سید یحییٰ اور جعفر میاں صاحب کے نسخوں میں ہے) اور نیز نقل ہے کہ بندگی سید خوندمیر رضؓ نے مہدیؑ کے حضور میں معاملہ دیکھا کہ حضرت مہدیؑ کا وصال ہو چکا ہے اور بعض برادر بندہ کے مخالف ہو گئے ہیں (یہ معاملہ) میں نے مہدیؑ کی حضور میں عرض کیا کہ میں نے ایسا دیکھا ہے تو فرمایا جیسا کہ تم نے دیکھا ہے درست ہے ایک وقت ایسا ہوگا کہ تم سے مخالفت کریں گے اور تم کو بے دینی سے منسوب کریں گے اور تم حق پر ہوں گے مستقیم رہو یہ لوگ رجوع اور افسوس کریں گے اور نیز نقل ہے میاں مخدوم رضؓ اور میاں عزیز اللہ رضؓ کے حق میں عصر کے وقت (مہدی علیہ السلام نے) فرمایا کہ ہر دو کو ابراہیمؑ کی سیر ہے اگر زندہ رہیں تو آگے بڑھ جائیں گے ولیکن یہ حضرات انتقال کر گئے کیونکہ حضرت مہدی علیہ السلام دعوت سے فارغ ہوئے ہر ایک برادر نے دست بوسی کی اس کے (دعوت کے) بعد تیسرے دن ان دو اشخاص میں سے ایک نے انتقال کیا۔ اور

دراں وقت بندگی میاںؒ فرمودند کہ فرمان میشود
کہ اے سید خوندمیرؓ کار تو تمام شد اما چیزی مقصود
ما است زندہ داشتن ترا وہماں شب بندہ
ولی یوسفؒ خواب دید الیوم اکملت لکم
دینکم واتممت علیکم نعمتی و
رضیت لکم الاسلام دینا۔ بعدہ
درخواب پرسیدیم کہ درزمانہ مہدیؑ ہم ہمچو باشد
چنانچہ درزمان مصطفیٰؐ شدہ بود بعدہ بندگی
میاںؓ درخواب جواب فرمودند کہ آری ہمچناں
باشد بعدہ بندہ بیدار شدم بر جسم این بندہ
لرزہ بسیار شد کہ بندگی سید خوندمیرؓ درمیان ما
نمانند (بسبب درد چشم آنحضرت ایں خواب
پیش آنحضرت گفتن نتوانستم پیش بندگی میاں
شاہ نظامؓ گفتم و پرسیدم کہ اینجا دین ہم کامل
شود چنانچہ در وقت مصطفیٰؐ دین کامل شدہ بود
فرمودند آری ہمچناں شود) ونیز حکایت
از کھانبیل کہ بندگی میاںؓ را درد شکم وچشم بود
بعد تخفیف شدن ہماں شب چناں میدیدند
کہ فرمان خدائے تعالیٰ میشود اے سید خوندمیرؓ
چندیں خلعت ہا وتشریفہا ترا وکسانیکہ امشب
در دائرہ بودند ایشانرا از حضرت ما دادیم
درآں تشریفہا یکی ایں بود گوشت وپوست
واستخواں وموہائے فنا بخشیدیم چونکہ روز
شد بی بی خوندنوا برسر بندگی میاںؓ شانہ
می کردند میاںؓ فرمودند کہ ہمہ برادراں را و
خواہراں را بگوئید کہ دوگانہ شکرانہ بگذارید

دوسرے نے نویں روز وفات پائی اور نیز موضع کھانبیل
کی حکایت ہے جس زمانہ میں کہ سید الشہداءؓ کی آنکھوں
میں بہت درد تھا اس وقت بندگی میاںؓ نے فرمایا
کہ (خدا کا) فرمان ہوتا ہے کہ اے سید خوندمیرؓ تیرا کام تمام
ہوا لیکن تجھ کو زندہ رکھنے میں کچھ ہمارا مقصود ہے اور
اسی رات میں بندہ ولی یوسف رضی اللہ عنہ نے خواب
دیکھا کہ آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لئے کامل
کر دیا اور میری نعمت تم پر تمام کر دی اور میں تمہارے
اسلام کو دین بنانے سے راضی ہو گیا اس کے بعد میں نے
خواب میں پوچھا کہ مہدیؑ کے زمانہ میں بھی ایسا ہی ہوگا جیسا
کہ مصطفیٰؐ کے زمانہ میں ہوا ہے اس کے بعد بندگی میاںؓ
نے خواب میں جواب فرمایا کہ ہاں ایسا ہی ہوگا اس کے
بعد بندہ ہشیار ہوا تو بندہ کے جسم پر بہت لرزہ شروع ہوا
کہ بندگی سید خوندمیرؓ ہمارے درمیان نہیں رہیں گے (حضرت
کی آنکھ میں درد ہونے کی وجہ حضرت کو یہ خواب نہیں کہہ سکا
بندگی میاں شاہ نظامؓ سے کہا اور دریافت کیا کہ یہاں بھی
دین کامل ہوگا جیسا کہ مصطفیٰؐ کے زمانہ میں دین کامل ہوا تھا تو فرمایا
ہاں ایسا ہی ہوگا اور نیز کھانبیل کی حکایت ہے کہ بندگی میاںؓ
کے پیٹ اور آنکھ میں درد تھا درد میں کچھ کمی ہونے کے بعد اسی رات
میں آپ نے ایسا دیکھا کہ خدائے تعالیٰ کا فرمان ہوتا ہے اے
سید خوندمیرؓ ہم نے اپنی درگاہ سے تجھ کو اور ان اشخاص
کو جو آج کی رات دائرہ میں تھے اتنی خلعتیں اور بزرگیاں دی
ہیں ان بزرگیوں میں سے ایک یہ تھی کہ ہم نے تیرے گوشت
پوست، استخواں اور بال بال کو فنا بخشا ہے جب صبح
ہوئی بی بی خوندبوا رضی اللہ عنہ بندگی میاں
رضی اللہ عنہ کے سر میں کنگھی کر رہی تھیں میاںؓ نے

کہ حق تعالیٰ بر شما این چنین تشریفہا عطا کردہ است
بعدہ ملک الہدادؓ را طلبیدہ ہر چہ از خدائے تعالیٰ
معلوم شدہ بود مفصل کردہ بیان فرمودند و نیز فرمودند
کہ فرمان می شود کہ ہر کہ در دائرہ امشب است
اورا بخشیدیم الحمد اللہ دریں تشریفہا این کمینہ
ولی یوسفؓ را و ہمہ طالبان حق را ثابت میراند بکرم
خویش در انروز تا چند وقت آواز بلند شنیدہ بندگی
میاںؓ پرسیدند کہ این چہ شور است یاراںؓ فرمودند
ہیچ نیست بعدہ میاںؓ فرمودند ازین جہت می
پرسم کہ علیؑ این بندہ را نزدیک نمودہ شدند و نیز
نقلست کہ بندگی میراں سید محمودؓ از سفر
آمدہ در موضع بھیلوٹ با دائرہ ماندہ بودند
بندگی میاں سید خوندمیرؓ ہم با دائرہ از موضع
سلطان پور پیش بندگی میراں سید محمودؓ آمدہ
عرض کردند کہ بندہ را جائے بدہید تا این بندہ
ہم پیش شما ماند بعدہ بندگی سید محمودؓ فرمودند
کہ درمیانِ ما و شما چہ فرق است میراں جیوؑ
آنچہ مرا فرمودند آں شمارا ہم فرمودند بلکہ برادر
حقیقی فرمودند و فیض شما جاری است و نیز
نقلست کہ حضرت میراںؑ فرمودند پس از
بندہ تا قیامت فیض مہدیؑ باشد بسم اللہ
الرحمٰن الرحیم ان فی خلق
السمٰوت والارض و اختلاف
الیل والنھار لاٰیٰت لاولی
الالباب (جز ۴ رکوع ۱۱) ہمہ چیز شرح
تواں کرد تا بہ بلیت رسند چوں بلیت رسند چہ

فرمایا کہ تمام برادروں اور بہنوں کو کہو کہ شکرانہ کے
دو رکعت ادا کرو کہ حق تعالیٰ نے تم کو ایسی کچھ بزرگی عطا
کی ہے اس کے بعد ملک الہدادؓ کو طلب کر کے جو کچھ خدائے
تعالیٰ سے معلوم ہوا تھا مفصل طور پر بیان فرمایا اور نیز
فرمایا کہ فرمان خدا ہوتا ہے کہ جو شخص آج کی رات دائرہ میں ہے
ہم نے اس کو بخشدیا الحمد اللہ ان بزرگیوں میں اس کمینہ ولی یوسف
کو اور تمام طالبان حق کو ثابت قدم رکھ کر اپنے کرم سے یارے اس
روز کئی بار آواز بلند سن کر بندگی میاںؓ نے پوچھا کہ یہ کیا شور ہے
یاروں نے عرض کیا کہ کچھ نہیں اس کے بعد میاںؓ نے فرمایا کہ میں اس لئے
پوچھتا ہوں کہ علیؑ اس بندہ کو نزدیک دکھلائی دیتے ہیں اور نیز
نقل ہے کہ بندگی میراں سید محمود رضی اللہ عنہ سفر سے آکر موضع
بھیلوٹ میں اہلیان دائرہ کے ساتھ مقیم رہے بندگی
میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ نے بھی موضع سلطان پور
سے بندگی میراں سید محمودؓ کی خدمت میں حاضر ہو کر
عرض کیا کہ بندہ کو جگہ دیجئے تاکہ یہ بندہ بھی آپ کے
پاس رہے اس کے بعد بندگی سید محمودؓ نے فرمایا کہ ہمارے اور
تمہارے درمیان کیا فرق ہے۔ مہدیؑ نے جو کچھ میرے لئے
فرمایا وہی تمہارے لئے فرمایا بلکہ برادر حقیقی فرمایا ہے اور
تمہارا فیض جاری ہے اور نیز نقل ہے حضرت مہدیؑ
نے فرمایا کہ بندہ کے بعد قیامت تک مہدیؑ کا فیض رہیگا۔

شروع کرتا ہوں میں نام سے اللہ کے جو رحمٰن و رحیم ہے تحقیق
آسمانوں اور زمین کی خلقت میں اور رات اور دن کے
آنے جانے میں عقلمندوں کے لئے اللہ کی نشانیاں ہیں۔ اس
آیت سے تمام چیزوں کی تشریح کی جا سکتی ہے حتیٰ کہ مقام
آزمائش میں پہنچ جائیں جب مقام آزمائش میں پہنچ
جائیں تو کیا کہنا چاہئے قطرہ آب جو اس کی خاصیت

شاید گفت واز آب جز خاصیت نتواں نمود
در حق ایں طائفہ بزمزم یا مصطفی؟ ایں
خطاب آمد سلام علی ال یٰسین
(جزء ۲۳ رکوع ۸) پس برادراں سید باشند
لولاک لما خلقت الافلاک
(لما خلقت الکونین) دارند اگر
وجود او با ایں طائفہ نبودی موجودات ومخلوقات
خود متصور و متبین نبودی قال علیہ السلام
لیتنی لقیت اخوانی ایں گروہ باشد و
مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم خبر داد کہ لاعرفن
اقواما منزلتہم منزلتی
عند اللہ ما ہم انبیاء والشہداء
ولکن یغبطہم الانبیاء
والشہداء لمکانتہم عند اللہ
ہم المتحابون بروح اللہ اے
عزیز اگر منزلت و مقام محمدؐ تواں دانست
آنگہ ممکن باشد کہ مقام ایشاں بداند و تواں
دانست پس حال لاولی الالباب
الذین یذکرون اللہ قیاما وقعودا
وعلی جنوبہم ویتفکرون
(جزء ۴ رکوع ۱۱) کما قال سبحانہ
وتعالیٰ فی مقعد صدق عند
ملیک مقتدر و نیز نقل است
کہ حضرت میراںؑ یکی را سیر نبوت فرمودند ودوی
را سیر ولایت فرمودند کما روی عن عائشہؓ
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ہے وہی ظاہر ہوگی اس جماعت کے حق میں زمزم
کے پاس مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خطاب
آیا سلام ہے آل یاسین پر پس یہ لوگ سردار دوعالم
کے برادر ہوں گے اے محمد اگر تم نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو
نہ پیدا کرتا (کونین کو نہ پیدا کرتا) کی فضیلت رکھتے ہیں
اگر آنحضرت کا وجود اس جماعت کے ساتھ موجود نہ ہوتا
تو کل موجودات اور مخلوقات بجائے خود پنہاں رہتی حضرت
نبیؑ نے فرمایا کاش میں اپنے بھائیوں سے ملتا یہ گروہ (وہی
گروہ) ہے اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ میں
ان قوموں کو پہچانتا ہوں کہ اللہ کے پاس میں جہاں رہونگا
وہ بھی وہیں رہیں گے وہ نہ نبی ہوں گے نہ شہید
ہوں گے لیکن انبیاء اور شہداء اللہ کے پاس ان کے
مقام کو دیکھ کر غبطہ (آرزو) کریں گے یہی لوگ
اللہ کے فضل سے بایکدیگر محبت رکھنے والے
ہیں اے عزیز جب تو محمدؐ کے مقام و منزلت کو جانے
تو اس وقت یہ ممکن ہے کہ تو اس گروہ کے مقام کو
جانے اور جان سکتا ہے پس حال (ان کا یہ ہے کہ)
(بہتری نشانیاں ہیں) عقل مندوں کے لئے جو
اللہ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہوئے
اور فکر کرتے ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں
کی شان میں فرمایا ہے کہ یہ لوگ بادشاہ قادر
کے پاس مقام صدق میں رہیں گے اور نیز نقل
ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام نے ایک
کے لئے نبوت کی سیر اور دوسرے کے لئے
ولایت کی سیر فرمایا چنانچہ بی بی عائشہ صدیقہؓ
سے مروی ہے آپ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

ان الله تعالىٰ اكرم الشهداء
بخمس كرامات لم يكرم
بها احدا من الانبياء والا
ولياء احدها ان جميع الا
نبياء يقبض ارواحهم ملك
الموت وهو الذي يقبض روحي
واما الشهداء فالله تعالىٰ
يقبض ارواحهم بقدرته كيف
يشاء ولا يسلط على ارواحهم ملك
الموت والثاني ان جميع الانبياء
قد غسلوا بعد الموت وساغسل
انا بعد موتي والشهداء لا
يغسلون ولا حاجة لهم الى
ماء الدنيا والثالث ان جميع
الانبياء قد كفنوا واكفن انا
والشهداء لا يكفنون ويد
فنون في ثيابهم والرابع ان
جميع الانبياء لما ماتوا فقد
سموا موتى وانا اسمى ميتا
والشهداء لا يسمون موتىٰ و
الخامس ان جميع الانبياء يعطى
لهم الشفاعة يوم القيمة و
لشفاعتي يوم القيمة واما
الشهداء ففي كل يوم شفيع
لهم فيمن يشفعون - مراتب
بندگی سید خوندمیر رض چہ بیان کنم کہ در تحریر نیاید۔

سے روایت کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے شہیدوں کو پانچ باتوں میں ممتاز فرمایا ہے جو انبیاء اور اولیاء میں سے کسی کو عطا نہ ہوئیں ۔ ایک یہ کہ تمام انبیاء کی روح کو ملک الموت قبض کرے گا اور میری روح بھی وہی قبض کرے گا لیکن شہیدوں کی روح خدائے تعالیٰ اپنی قدرت سے جس طرح چاہے گا قبض کرے گا ان کی روحوں پر ملک الموت مسلط نہ ہوگا۔ دوم یہ کہ تمام انبیاء بعد موت غسل دیئے گئے اور میں بھی غسل دیا جاوں گا موت کے بعد اور شہداء غسل نہیں دیئے جاتے ان کو دنیا کے پانی کی ضرورت نہیں ہے سوم یہ کہ تمام انبیاء کفن دیئے گئے اور میں بھی کفن دیا جاوں گا۔ اور شہداء کفن نہیں دیئے جاتے اپنے کپڑوں میں دفن کئے جاتے ہیں۔ چہارم یہ کہ تمام انبیاء جب انتقال کئے تو ان کا نام موتیٰ رکھا گیا اور میں بھی میت کہلاوں گا شہداء کو موتیٰ نہیں کہہ سکتے ۔ پنجم یہ کہ تمام انبیاء کو قیامت کے روز شفاعت کی اجازت ہوگی اور میں بھی قیامت کے روز ہی شفاعت کروں گا لیکن شہداء ہر روز شفاعت کر سکتے ہیں۔ ان کو اختیار ہے جن کی چاہیں شفاعت کریں۔ سید خوندمیر رضی اللہ عنہ کے مراتب کیا بیان کروں کہ تحریر میں نہیں آ سکتے ۔

چہ وصفت کند ایں ولی ناتمام

علیک الصلوٰۃ علیک السلام

ونیز **نقلست** کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ در حق یکی از فرزندان خود بچپناں فرمودند کہ بہ بینید ازیں کس چہ دین روشن خواہد شد دراں وقت بندگی میاں سید محمود رحؒ (خاتم مرشد) صغیر بودند ونیز فرمودند کہ انچہ اوصاف دریں فرزند پیدا خواہد شد گفتن نمی توانیم از جہت آنکہ مبادا کسے رشک کند ونیز فرمودند کہ ایں را مرنجانید چیز یکہ می گوید و می کند انچہ می بیند می گوید ونیز بندگی میاں بھائی رضؓ را بندگی میاں رضؓ فرمودند کہ اندکی سید نجی را بترسانید و بزنید کو دکاں رامی زندومی رنجانند بعدہ میاں بھائی رضؓ فرمودند کہ شما چرا نمی زنید میاں رضؓ فرمودند کہ بندہ را حال ایں فرزند چناں معلوم می شود کہ زدن نمی توانیم بعدہ میاں بھائی رضؓ فرمودند کہ چند روز شدہ است کہ مارا ہم حال ایں فرزند معلوم میشود ازیں جہت نمی زنیم ونیز فرمودند در حق بی بی فاطمہ رضؓ کہ در خانۂ شما پسر خواہد آمد اسمہ سید محمود رضؓ یعنے پسر مہدیؑ بی بی فاطمہ رضؓ در تعجب شدند و فرمودند کہ تحقیق است میاں رضؓ فرمودند تحقیق است بعدہ بی بی رضؓ فرمودند اند کہ زندہ ماند یا نماند بعدہ میاں رضؓ فرمودند کہ اندیشہ مکنید خدائے تعالیٰ ایں فرزند را صالح خواہد کرد بعدہ بی بی رضؓ فرمودند اندیشہ ہمیں است کہ صالحاں و دوستاں را دریں عالم بسیار نمی دارند بعدہ میاں رضؓ فرمودند کہ بزرگ خواہد شد و ریش سفید و خانہائے دائرہ و فرزنداں ہم نمودہ می شوند چند فرزنداں

یہ ناقص ولی تیرا وصف کیا بیان کرے

تجھ پہ درود اور سلام ہو

اور نیز نقل ہے کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضؓ نے اپنے فرزندوں میں سے ایک فرزند کے حق میں ایسا فرمایا۔ دیکھو کہ اس شخص سے کیا دین روشن ہوگا۔ اس وقت بندگی میاں سید محمود رحؒ (خاتم مرشد) کمسن تھے اور نیز فرمایا کہ جو کچھ اوصاف اس فرزند میں پیدا ہوں گے میں نہیں کہہ سکتا اس لئے کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی رشک کرے اور نیز فرمایا کہ اس کو آزردہ مت کرو جو چیز کہ کہتا ہے اور کرتا ہے جو کچھ کہ (منجانب اللہ) دیکھتا ہے کہتا ہے۔ اور نیز بندگی میاں بھائی رضؓ کو بندگی میاں رضؓ نے فرمایا کہ سید نجی کو ڈراؤ اور مارو (کیونکہ سید نجی) بچوں کو مارتے ہیں اور آزردہ کرتے ہیں اس کے بعد میاں بھائی رضؓ نے فرمایا کہ آپ کس لئے نہیں مارتے میاں رضؓ نے فرمایا کہ بندہ کو اس فرزند کا حال ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نہیں مار سکتا اس کے بعد میاں بھائی رضؓ نے فرمایا کہ چند روز ہوئے کہ ہم کو بھی اس فرزند کا حال معلوم ہوا اسی لئے ہم بھی نہیں مارتے اور نیز بی بی فاطمہ رضؓ کے حق میں فرمایا کہ تمہارے گھر میں لڑکا ہوگا اس کا نام سید محمود یعنی فرزند مہدیؑ (کا نام ہوگا) بی بی رضؓ متعجب ہوئیں اور فرمائیں کہ تحقیق ہے میاں رضؓ نے فرمایا کہ تحقیق ہے اس کے بعد بی بی رضؓ نے فرمایا کہ خدا جانے زندہ رہتا ہے یا نہیں اس کے بعد میاں رضؓ نے فرمایا کہ اندیشہ مت کرو خدائے تعالیٰ اس فرزند کو صالح کرے گا اس کے بعد بی بی رضؓ نے فرمایا اندیشہ یہی ہے کہ صالحوں اور دوستوں کو اس جہاں میں بہت نہیں رکھتے اس کے بعد میاں رضؓ نے فرمایا کہ بزرگ ہوگا اور ریش سفید ہوگی (اس کے) دائرہ کے گھر اور فرزنداں بھی دکھائے جاتے ہیں چند فرزنداں ہوں گے اور نیز فرمایا کہ ان فرزندوں میں سے ایک

خواہند شد و نیز فرمودند کہ ازاں فرزنداں یکی فرزند
ہمچناں است چنانچہ جہتر یعقوبؑ را جہتر یوسفؑ
شدہ بود بعدہ برآں فرزند ابتلاء بسیار شدہ
بود پیش حضرت عزت عرض کردند کہ دریں چہ
مقصود است کہ بریں صغیر ابتلاء می شود فرمان
حق تعالیٰ شد کہ اے سید خوندمیرؓ ترا نباید کہ جز
ذات من بر کسے نظر کنی از ہمیں جہت بریں بیچارہ
ابتلاء شدہ است بعدہ میاںؓ منع کردند کہ
در نظر بندہ سید محمودؒ را نیارید اگر خیریت ایں
خواہید بعد ازیں ہیچ دواہم مکنید بعدہ تا یکسال
در نظر نیاوردند و نیز میاں سید محمودؒ را بعد از
شہید شدن بندگی میاںؓ در جالور بسیار غربت
شدہ بود بعدہ ملک الہدادؓ درون حجرہ بردند
و عرض نمودند کہ شما ہیچ اندیشہ مکنید و رنجیدہ مشوید
بندگی میاںؓ ہمچناں فرمودند کہ بر ایں ابتلاء بسیار
خواہد شد چنانچہ بر جہتر یوسفؑ شدہ بود و نیز
بعد از شہید شدن معاملہ در جالور ہمچناں دیدند کہ
بندگی میاںؓ می فرمایند کہ سید محمودؒ جماعت بکن
بعدہ عرض کردند کہ مارا قرآن یاد نیست و ہیچ
خواندن نمی دانیم بعدہ میاںؓ تاکید کردہ فرمودند
کہ شمارا دریں چہ مقصود است خدائے تعالیٰ
خواہد آموخت پس چونکہ جماعت شروع کردند تمام
قرآن را ختم کردند ایں معاملہ پیش بندگی ملک الہدادؓ
عرض کردند بندگی ملکؓ فرمودند در حق شما چنانچہ
بندگی میاںؓ فرمودند از ہمیں حال بہتر است
و نیز میاں سید محمودؒ در جالور معاملہ دیدند کہ در شب

فرزند ایسا ہے جیسا کہ جہتر یعقوبؑ کو جہتر یوسفؑ
ہوے اس کے بعد بعد تولد سید نجیؒ) اس فرزند پر (سید نجی
پر) مصیبت زیادہ ہوئی میاںؓ نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں
عرض کیا کہ اس میں کیا مقصود ہے کہ اس کم سن پر مصیبت ہوتی
ہے تو حق تعالیٰ کا فرمان ہوا کہ اے سید خوندمیرؓ تجھ کو نہیں چاہئے کہ
تو میری ذات کے سوا کسی پر نظر کرے اسی لئے اس بے چارہ پر
مصیبت پڑی ہے اس کے بعد میاںؓ نے منع کیا اور فرمایا کہ سید
محمودؓ کو بندہ کے سامنے مت لاؤ اگر اس کی خیریت چاہتے ہو
اس کے بعد کوئی علاج بھی مت کرو اس کے بعد ایک سال
تک آپ کے سامنے نہیں لائے اور نیز بندگی میاںؓ کے
شہید ہونے کے بعد جالور میں میاں سید محمودؒ پر بہت
غربت تھی اس کے بعد ملک الہدادؓ حجرہ میں لے گئے
اور عرض کیا کہ آپ کچھ اندیشہ مت کرو اور آزردہ مت
ہو بندگی میاںؓ نے ایسا فرمایا ہے کہ اس پر مصیبت
پڑے گی جیسا کہ جہتر یوسفؑ پر پڑی تھی اور نیز
شہادت کے بعد جالور میں آپ نے ایسا معاملہ دیکھا کہ
بندگی میاںؓ فرماتے ہیں کہ سید محمودؒ جماعت سے نماز پڑھ
اس کے بعد آپ نے عرض کیا کہ ہم کو قرآن یاد نہیں
اور نہ میں کچھ پڑھنا جانتا ہوں اس کے بعد میاںؓ نے تاکید
کرکے فرمایا کہ تمہارا اس میں کیا مقصود ہے خدائے
تعالیٰ پڑھائیگا پس جب آپ نے جماعت سے نماز شروع کی تو تمام
قرآن کو ختم کر دیا معاملہ بندگی ملک الہدادؓ کے حضور میں عرض
کئے بندگی ملکؓ نے فرمایا کہ بندگی میاںؓ نے تمہارے حق میں جو کچھ
فرمایا ہے تمہارا حال اس سے بہتر ہے اور نیز میاں سید
محمود رضی اللہ عنہ نے جالور میں معاملہ دیکھا کہ شب معراج
میں مشغول ہیں دیکھتے ہیں کہ اس عالم کی بالکل خبر

مرا ایں مشغول بودند می بینیم از یں عالم بکلی خبر رفتہ است و ہمہ ستارگاں روشن شدہ اند و شعلہای ستارگاں سوی بندہ می آیند و بعد از اں می بینیم کہ یکماہ پیدا شدہ است و بعد از اں دومی و سومی تا چہاردہ ماہ پیدا شدہ و در آسماں و در زمین ہمہ عالم روشن شدہ درہای آسمان کشودہ شد بعدہ یک منارۂ نور پیدا شدہ و در اں منارہ یکی تخت ہست بر آں مرا نشاندند و عروج کردند آنجا چناں دیدہ شد کہ در بیان نیاید و ایں معاملہ بیش بندگی ملک الہدادؓ عرض کردند ملکؓ فرمودند کہ ایں مقام ملکوتی است حال شما از یں بہتر است مرا از بندگی میاںؓ معلوم است و نیز در جالور معاملہ دیدند کہ مقدمہ موت پیدا شدہ است و سختی بسیار میشود و بعد از موت قیامت پیدا شدہ است و بعد از قیامت حشرگاہ شدہ و در آنجا صحن بزرگ است و در اں صحن باغی بزرگ است و در اں باغ تمام ظہور حق شدہ است و حضرت رب العالمین بر آں استوا است و حکم می کند و حساب میشود اول فرمان رسول اللہؐ را میشود و بعد از اں رسول اللہؐ سوی میراںؑ می فرمایند و میراںؑ بندگی سید خوندمیرؓ را میفرمایند کہ شما حساب ہمہ عالم بگیرید بعدہ حساب تمام عالم را سید خوندمیرؓ میکنند و ظہور حق چناں شدہ است کہ در بیان نیاید بعدہ سید محمودؓ را طلبیدند بعدہ عرض کرد

نہیں اور تمام ستارے روشن ہو چکے ہیں اور ستاروں کے شعلے اپنی طرف آتے ہیں اور اس کے بعد دیکھتے ہیں کہ ایک چاند ظاہر ہوا اس کے بعد دوسرا اور تیسرا (اسی طرح) چودہ چاند تک ظاہر ہوئے اور آسمان اور زمین میں تمام عالم روشن ہو چکا ہے آسمان کے دروازے کھل گئے۔ اس کے بعد ایک نور کا منارہ ظاہر ہوا اور اس منارہ پر ایک تخت ہے اس پر مجھ کو بٹھائے اور بلندی پر لے گئے وہاں ایسا دیکھا گیا جو بیان میں نہیں آسکتا اور یہ معاملہ ملک الہدادؓ کی خدمت میں عرض کیا ملکؓ نے فرمایا کہ یہ مقام ملکوتی ہے تمہارا حال اس سے بہتر ہے مجھ کو بندگی میاںؓ سے معلوم ہوا ہے اور نیز جالور میں معاملہ دیکھا کہ موت کا مقدمہ ظاہر ہوا ہے اور سختی بہت ہو رہی ہے اور موت کے بعد قیامت ظاہر ہوئی اور قیامت کے بعد حشر کا مقام ظاہر ہوا اور وہاں بڑا صحن ہے اور اس صحن میں ایک بڑا باغ ہے اور اس باغ میں تمام ظہور حق ہے اور حضرت رب العالمین اوپر جلوہ گر ہے اور حکم کرتا ہے اور حساب ہوتا ہے اول رسول اللہؐ کو فرمان خدا ہوتا ہے اس کے بعد رسول اللہؐ مہدیؑ کو فرماتے ہیں اور مہدیؑ بندگی میاں سید خوندمیرؓ کو فرماتے ہیں کہ تم تمام عالم کا حساب لو تو اس کے بعد سید خوندمیرؓ تمام عالم کا حساب لیتے ہیں اور حق کا ظہور ایسا ہوا کہ بیان سے باہر اس کے بعد سید محمود رضی اللہ عنہ کو طلب کئے اس کے بعد میں نے عرض کیا کیونکہ حاضر ہوں کہ ہمارے اور آپ کے درمیان تہر ہے ڈرتا ہوں اس کے بعد بندگی میاںؓ

چگونہ بیایم کہ درمیان ما و شما جوی ہست
می ترسم بعدہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند
کہ ہمہ بالائے جوی شدہ بیائید بعدہ حضرت
میرانؑ فرمودند کہ دست گرفتہ بیارید بعدہ
سید خوندمیرؓ دست گرفتہ در آنجا بردند چہ
بینیم کہ تمام ظہور حق شدہ است در انجا
رسولؑ و مہدیؑ را و بندگی سید خوندمیرؓ را چناں
دیدم کہ در بیان نیاید (و نیز نقل است
کہ یک روز در موضع سروہی وقت عصر شدہ بود
ہمہ کساں منتظر بودند بر آمدن بندگی سید محمودؓ
تا کہ ہمہ را یقین شد کہ امروز وقت عصر فوت
شد یکایک آں شاہ عصر با چہرۂ منور بیروں
در آمدند میاں سید حمیدؒ نبیرہ مہدی موعودؑ
پیش در ایستادہ بودند عرض کردند کہ سید نجیؒ
امروز وقت عصر فوت شد بعدہ بندگی سید محمودؓ
